
www.bhatkallys.com

اردو

دائرۂ معارفِ اسلامیّہ

زیرِ اہتمامِ

دانش گاہ پنجاب، لاہور





جلد ۲۴

اشاریہ

۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء

طبع اول

marfat.com

www.bhatkallys.com

ادارۂ تحریر

پروفیسر سید محمد امجد الطاف ، ایم اے (پنجاب)	... ...	رئیس ادارہ
پروفیسر مرزا مقبول بیگ بدخشانی ، ایم اے (پنجاب)	... ...	ایڈیٹر ★
شیخ نذیر حسین ، ایم اے (پنجاب)	... ...	ایڈیٹر
ڈاکٹر حافظ محمود الحسن عارف ، ایم اے، پی ایچ ڈی (پنجاب)	... ...	ایڈیٹر

★ وفات : ۲۲ مئی ۱۹۹۳ء

مجلس انتظامیہ

۱۔ لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد صفدر ، ایم ایس سی ، وائس چانسلر دانش گاہ پنجاب (صدر مجلس)

۲۔ ڈاکٹر ذوالفقار علی ملک ، ایم اے (پنجاب)، ایم اے ڈی (کیمرج) ، پرو وائس چانسلر دانش گاہ پنجاب

۳۔ پروفیسر شیخ امتیاز علی، ایم اے، ایل ایل بی(علیک) ایل ایل ایم (پنجاب) ، ایل ایل ایم(سٹنفرڈ)، سابق چیئرمین، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن و وائس چانسلر، قائد اعظم یونیورسٹی ، اسلام آباد

۴۔ جسٹس (ریٹائرڈ) سردار محمد اقبال ، سابق محتسب وفاق ، حکومت پاکستان ، اسلام آباد

۵۔ سید بابر علی شاہ ، ۰۷۔ایف سی سی ۔ گلبرگ ، لاہور

۶۔ معتمد مالیات ، حکومت پنجاب ، لاہور (یا نمائندہ)

۷۔ معتمد تعلیم ، حکومت پنجاب ، لاہور (یا نمائندہ)

۸۔ ڈین کلیۂ علوم اسلامیہ و ادبیات شرقیہ ، دانش گاہ پنجاب ، لاہور

۹۔ ڈین کلیۂ سائنس ، دانش گاہ پنجاب ، لاہور

۱۰۔ ڈین کلیۂ قانون ، دانش گاہ پنجاب ، لاہور

۱۱۔ رجسٹرار ، دانش گاہ پنجاب ، لاہور

۱۲۔ خازن ، دانش گاہ پنجاب ، لاہور

۱۳۔ پروفیسر سید محمد امجد الطاف ، صدر شعبہ اردو دائرۂ معارف اسلامیہ (معتمد)

بار اول اکتوبر ۱۹۹۳ء

marfat.com

www.bhatkallys.com

اشاریۂ مقالات

جلد ۱

اشارات

عنوان	صفحہ	عمود
* آئین : قانون ، رسم ، معمول ، دستور وغیرہ کے معنوں میں ایک کثیر الاستعمال اصطلاح، مثلاً آئینِ نوشیروان اور آئین نبوی وغیرہ.	۱	۱
⊗ آب : قدیم یہودِ شام کے شمسی سال کے پانچویں مہینے کا بابلی نام.	۲	۲
* آبادان : رک بہ عبّادان.		
* آبادہ : ایران کے صوبۂ فارس کی انتہائی شمالی ولایت اور شیراز سے اصفہان جانے والی سڑک پر ایک چھوٹا سا شہر .	۳	۱
* آبازہ : (ت) ایک لقب، جو آبازی نسل کے مختلف افراد کے ناموں میں مستعمل ہے، مثلاً: (۱) آبازہ پاشا : ترکی کے ایک باغی جان بولاط اوغلی کے خزانچی محمد پاشا کا عرف (م ۱۰۴۴ھ/۱۶۳۴ء)؛ (۲) آبازہ حسن پاشا : ایک معروف ترک سپہ سالار (م بعد از ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۸ء)؛ (۳) آبازہ محمد پاشا : مرعش کا بیگلربیگی (م ۱۱۵۸ھ/۱۷۷۱ء).		
⊗ آبان : (اَبان یا آبان ماہ) قدیم ایرانی یزدگردی تقویم کا آٹھواں مہینہ؛ نیز ایرانی دیومالا کا ایک فرشتہ .	۳	۱
⊗ آبْدَست : (ف) رک بہ وُضو .	۵	۲
* آبَسْکون : (اَبَسْکون) اعمال جرجان (گرگان) میں بحیرۂ خزر پر ایک بندرگاہ .	۶	۱
* آبِش : رک بہ (آل) سُلغر .	۶	۱
* آبِق : رک بہ عبد .	۷	۱
* آبْنوس : لکڑی کی ایک معروف قسم .	۷	۱
⊗ آت : (ت) بمعنی گھوڑا ، جو متعدد اعلام کی ترکیب میں مستعمل ہے، مثلاً آت بازار ، آت میدان وغیرہ .	۹	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ **آتش** :	خواجہ حیدر علی ؛ اردو کے ممتاز صاحب دیوان شاعر (م ۱۲۶۳ھ/۱۸۴۷ء) .	۱۰	۱
⊗ **الآثارُ العُلْویّہ** :	''کائنات الجوّ''، یعنی علم حوادث سماوی .	۱۳	۱
* **آجُرومیہ** :	رک بہ ابن آجُروم .	۱۷	۱
* **آچے** :	رک بہ آچے .	۱۷	۱
* **آحاد** :	رک بہ خبرالواحد .	۱۷	۱
* **آخال تِکہ** :	انیسویں صدی کے اواخر میں ماوراے بحیرۂ خزر کے روسی علاقے میں ایک ضلع .	۱۷	۱
* **آخالچِخ** :	رک بہ آخسخہ .	۱۷	۲
* **آخِرت** :	(ع) حیات مابعدالموت کے لیے ایک قرآنی اصطلاح .	۱۷	۲
* **آخری چہار شنبہ** :	ماہ صفر کا آخری بدھ، جسے برعظیم پاک و ہند کے مسلمان بطور تہوار مناتے ہیں .	۲۱	۱
* **آخِسْخَہ** :	(آخْسْقَہ) گرُجِستان (روس) کے صوبہ سمتسخہَ یا مسق کے مرکزی شہر کا ایرانی و ترکی نام ؛ گرجستانی زبان میں آخال تِسیْخَہ .	۲۱	۱
* **آخُور** :	رک بہ امیر آخور .	۲۲	۱
* **آداماوہ** :	رک بہ آداماوا .	۲۲	۱
⊗ **آدم** :	ابوالبَشر ؛ زمین پر خدا کے پہلے نبی اور پہلے انسان .	۲۲	۱
⊗ **آدم بنوری** :	شیخ ؛ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے خلیفہ ؛ مشہور ہندوستانی عالم ، صوفی اور مصنف (م ۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء) .	۲۷	۱
⊗ **آدِیامان** :	(سابقاً حِصن منصور) شمال مشرقی آناطولی کا ایک چھوٹا سا شہر .	۲۹	۱
* **آدینہ بیگ خان** :	اٹھارھویں صدی عیسوی میں پنجاب کا گورنر (م ۱۱۷۲ھ/۱۷۵۸ء) .	۳۰	۱
⊗ **آذر** :	حاجی لطف علی اصفہانی ؛ فارسی شعرا کے مشہور تذکرے آتش کدہ کا مؤلف (حیات ۱۱۹۹ھ/۱۷۸۵ء) .	۳۳	۲
⊗ **آذر** :	(آذر ماہ) یزدگردی تقویم کا نواں مہینا .	۳۶	۱
* **آذَر بَیْجان** :	(۱) ایران کا ایک مشہور صوبہ ؛ (۲) جمہوریۂ اشتراکیۂ شوروی .	۳۷	۱
* **آذَری** :	ایک ترکی بولی .	۴۳	۲
* **آذری** :	حمزہ بن علی طوسی بیہقی ؛ فارسی کا ایک مشہور صوفی شاعر اور مصنف (م ۸۶۸ھ/۱۴۶۲ء) .	۴۹	۱
* **آرارط** :	رک بہ جبل الحارث .	۵۴	۲
* **آرال** :	مغربی ترکستان میں قدرے کھاری پانی کی ایک بڑی جھیل .	۵۴	۲
* **آرپالیق** :	رک بہ آرپالیق .	۵۸	۲
* **آرپہ** :	رک بہ آرپہ .	۵۸	۲

FINAL
شکریہ ویبسائٹ
کریم بخش امبع
www.bhatkallys.com

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* آرْتَوِیْن	: ترکیہ میں چوروک کی قضا اور ولایت کا صدر مقام .		
* آرٹ	: رک بہ فن ، ارَبِسک ، بناء ، تجلید ، تذہیب ، تکفیت، رسم، عاج؛ نیز دیکھیے جملہ ملکوں ، شہروں اور خانوادوں پر مقالے .	۲	۵۸
* آرْجِیْش	: بحیرۂ وان کے شمال مشرق کنارے پر واقع مملکت عثمانیہ کا ایک چھوٹا سا شہر .	۲	۵۸
* آرْجِیْش طاغ	: ترکیہ میں قیصریہ کے قریب ایک اہم برکانی چوٹی اور ایشیائے کوچک کا بلند ترین مقام .	۲	۵۸
* آرْزَاوْ	: الجزائر کا ایک ساحلی شہر .	۲	۵۹
* آرْزُو	: سراج الدّین علی خان ؛ آخری دورِ مغلیہ میں فارسی زبان کا نامور عالم ، محقق ، شاعر اور مصنف (۱۰۹۹ھ/۱۶۸۷ - ۱۶۸۸ء تا ۱۱۶۹ھ/۱۷۵۶ء) .	۲	۶۰
* آرْسْلان (ت)	: بمعنی شیر ، جو ترکی میں بطور اسم علم مستعمل ہے .	۲	۶۱
* آرْسْلان بن سَلْجُوق	: سلجوقیوں کا جد اعلیٰ (م تقریباً ۴۲۷ھ/۱۰۳۵ - ۱۰۳۶ء).	۲	۶۷
* آرْسْلان بن طُغْرُل	: ایک سلجوقی حکمران (از ۵۵۵ھ/۱۱۶۰ء تا ۵۷۱ھ/۱۱۷۵ء)	۲	۶۷
* آرْسْلان ارغون	: ملک شاہ کا بھائی اور خراسان و بلخ کا ایک سلجوقی حکمران (م ۴۹۰ھ/ ۱۰۹۶ - ۱۰۹۷ء) .	۱	۶۹
* آرْسْلان خان	: محمد بن سلیمان قراخانی ، فرمانروائے ماوراء النہر (م ۵۲۴ ، ۵۲۵ یا ۵۲۶ھ)	۲	۶۹
* آرْسْلان شاہ	: بن طغرل شاہ ، کرمان کا سلجوقی حکمران (م ۵۷۲ھ/۱۱۷۷ء) .	۲	۷۰
* آرْسْلان شاہ	: بن کرمان شاہ ، کرمان کا سلجوقی فرمانروا (از ۴۹۵ھ/۱۱۰۱ء تا ۵۳۷ھ/۱۱۴۲ء) .	۲	۷۱
* آرْسْلان شاہ	: بن مسعود ، ابوالحارث ؛ خاندان زنگی کا ایک بادشاہ ؛ رک بہ زنگی .	۱	۷۲
⊗ آرْسْلان شاہ	: بن مسعود بن ابراہیم غزنوی (۴۷۶ھ/۱۰۷۱ء تا ۵۱۲ھ/۱۱۱۸ء)، غزنی کا حکمران (از ۵۰۹ھ/۱۱۱۶ء) .	۲	۷۲
* آرْسْلان لی	: (ت) قدیم ترکی سکہ ؛ رک بہ غروش .	۲	۷۲
* آرکاٹ	: جنوبی ہند کا ایک اہم شہر اور ضلع .	۱	۷۵
* آرْنَاوُدْلُق (ت)	: عثمانی ترکی زبان میں آلبانیا کا نام .	۱	۷۵
⊗ آزاد	: ابوالکلام ، محی الدین ، احمد ؛ ہندوستان کے مشہور سیاسی لیڈر ، صحافی ، ادیب اور مفسر قرآن (۱۳۰۵ھ/۱۸۸۸ء تا ۱۳۷۷ھ/۱۹۵۸ء) .	۲	۷۶
⊗ آزاد بلگرامی	: میر غلام علی ؛ عہد مغلیہ کے ایک مشہور عالم اور متعدد عربی و فارسی کتب کے مؤلف اور شاعر (۱۱۱۶ھ/۱۷۰۴ھ تا ۱۲۰۰ھ/۱۷۸۶ء).	۲	۹۹
⊗ آزاد	: شمس العلماء مولوی محمد حسین دہلوی ؛ اردو کے مشہور تذکرہ نگار ، ادیب	۲	۱۰۴

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	اور شاعر (۱۲۴۵ھ/۱۸۳۰ء تا ۱۳۴۱ھ/۱۹۲۲ء)	۱۱۰	۱
* آزاق	: (آزوف) روس میں مسلم تاتاریوں کا ایک شہر .	۱۱۴	۱
⊗ آزر	: حضرت ابراهیم ؑ کے والد تارح کا لقب .	۱۱۵	۱
* آزُردہ	: خاں بہادر مفتی مولوی محمد صدر الدین ؛ صدر الصدور ؛ مشہور عالم ، شاعر اور متعدد فارسی وعربی کتب کے مؤلف (م ۱۲۰۴ھ/۱۷۸۹ء تا ۱۲۸۵ھ/۱۸۶۸ء).	۱۲۰	۱
* آسام	: جمہوریۂ بھارت کا انتہائی مشرقی صوبہ .	۱۲۰	۱
* آستانہ	: رک بہ قسطنطینیہ .	۱۲۲	۱
⊗ آسَفی	: رک بہ سَفی .	۱۲۲	۱
⊗ آسِیہ	: فرعون کی مومن اور پاکباز بیوی ، جنھوں نے حضرت مُوسیٰ کی پرورش کی .	۱۲۲	۱
⊗ آشنا	: محمد طاہر المخاطب بہ عنایت خان ؛ اردو کا ایک صاحب دیوان شاعر (م ۱۰۸۱ھ/۱۶۷۰ء) .	۱۲۳	۱
* آصّ	: رک بہ آلان .	۱۲۴	۱
* آصَف بن بَرَخْیا	: حضرت سلیمان ؑ کے معتمد ، وزیر اور صحابی .	۱۲۴	۱
* آصف جاہ	: نظام حیدر آباد (رک بان) کا لقب .	۱۲۵	۱
* آصف خان	: ابوالحسن المشہور بہ آصف جاہی ، نورجہاں کا بڑا بھائی اور شاہجہان کا خسر (م ۱۰۵۱ھ/۱۶۴۱ء) .	۱۲۵	۱
⊗ آصفی	: خواجہ آصف ہروی شیرازی ؛ معروف ایرانی فارسی شاعر (م ۹۲۱ھ/۱۵۱۵ء) .	۱۲۸	۲
* آغا	: منگولوں اور ترکوں کے ہاں کلمۂ تعظیم ، جو بڑا بھائی ، بڑی بہن ، باپ ، چچا ، دادا یا سردار کے لیے استعمال ہوتا تھا ؛ نیز ترکیہ میں بطور خطاب .	۱۲۹	۱
⊗ آغا خان	: (صحیح آقا خان) اسماعیلیوں کے امام کا اعزازی لقب .	۱۳۰	۲
	(۱) آغا خان اول : حسن علی شاہ ؛ فتح علی شاہ کے منظور نظر اور داماد (م ۱۲۹۹ھ/۱۸۸۱ء) .	۱۳۰	۲
	(۲) آغا خان دوم : آغا خان اول کے بیٹے ، علی شاہ (م ۱۳۰۳ھ/۱۸۸۵ء).	۱۳۰	۲
	(۳) آغا خان سوم : سر سلطان محمد شاہ ، آغا شاہ دوم کے بیٹے اور موجودہ صدی کی ایک اہم بین الاقوامی شخصیت ، صدر کل ہند مسلم لیگ ، صدر مجلس اقوام .	۱۳۰	۲
	(۴) آغا خان چہارم : شہزادہ شاہ کریم، آغا خان سوم کے پوتے اور اسماعیلیوں کے موجودہ امام .	۱۳۲	۲
* آغا محمد شاہ	: (۱۱۵۵ھ/۱۷۴۲ء تا ۱۲۱۲ھ/۱۷۹۷ء) ، ایران کے خاندان قاچار کا بانی .	۱۳۳	۱
* آغاج (ت)	: عثمانی ترکی میں بمعنی درخت اور لکڑی ؛ نیز فاصلے کا ایک پیمانہ .	۱۳۴	۱
* آغمات	: جنوبی مراکش کا ایک چھوٹا سا قصبہ ، سابقاً المرابطین کا پایۂ تخت .	۱۳۴	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	صفحہ	عمود
اشارات		
* **آفراک** : بربری زبان میں بمعنی احاطہ ؛ اصطلاحاً سراپردہ .	۱۳۶	۱
⊗ **آفرین** : فقیر اللہ لاہوری ، فارسی کا ایک صاحب دیوان ممتاز شاعر (م ۱۱۵۴ھ/ ۱۷۴۱ء).	۱۳۶	۱
* **آفرین** : بمعنی شاباش وغیرہ ؛ نیز ایرانی تقویم میں کبیسہ کے پانچ دنوں میں سے پہلا دن .	۱۳۷	۲
* **آق حِصار** : بمعنی سفید قلعہ ؛ متعدد شہروں اور قصبوں کا نام ، مثلاً (۱) مغربی آناطولی میں عہد بوزنطی کا تیاتیرہ ؛ (۲) ضلع مرمرہ میں موجودہ پاموق اووہ ؛ (۳) بوسنہ سرای کے مغرب میں ایک مقام اور (۴) شمالی البانیا کا ایک قصبہ ، جسے ترک آقچہ حصار اور البانوی قَرُوْیَہ بھی کہتے ہیں .	۱۳۷	۲
* **آق حِصاری** : متعدد ترک مصنفوں کا نسبتی نام، مثلاً الیاس بن عیسیٰ (م ۹۶۷ھ/۱۵۵۹-۱۵۶۰ء ، محمد بن بدر الدین (م ۱۰۰۰ھ/۱۵۹۲ء) ، نصوح المعروف بہ نوالی (م ۱۰۰۳ھ/۱۵۹۴ء - ۱۵۹۵ء) ، حسن المعروف بہ کافی (حیات ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء) اور حاجی نسیم اوغلو احمد بن حسن (حیات ۱۱۸۶ھ/ ۱۷۷۲ - ۱۷۷۳ء) .	۱۳۹	۱
* **آق دِنْز** : رک بہ بحر الروم .	۱۴۰	۲
* **آق سرای** : (آق سِرا) آناطولی کی ولایت نِیگدہ کی ایک قضا کا صدر مقام ؛ نیز استانبول کا ایک محلہ .	۱۴۱	۱
⊗ **آق سِرای** : گُرگانج (Urgenc) کے قریب ایک محل کا نام ؛ نیز رک بہ کُش .	۱۴۱	۲
⊗* **آق سُنْقُر** : (=سفید باز) متعدد ترکی حکّام کا نام ، مثلاً موصل کے خاندان اتابکی کا جد ابو سعید آق سنقر بن عبداللہ قسیم الدّولۃ المعروف بہ ارحاب (م ۴۸۷ھ/ ۱۰۹۴ء) اور ترک سپہ سالار آق سُنْقُر الاحمدیلی (م ۵۲۷ھ/۱۱۳۴ء).	۱۴۱	۲
* **آق سُنْقُر البُرْسُقی** : قسیم الدولۃ ابو سعید سیف الدّین ، شحنۂ عراق و عامِل موصل (م ۵۲۰ھ/۱۱۲۶ء) .	۱۴۴	۱
* **آق شمس الدین** : محمد ، شمس الملۃ والدین ؛ از اولادِ شیخ شہاب الدین سہروردیؒ ؛ ایک عالم اور صوفی (۷۹۲ھ/۱۳۸۹-۱۳۹۰ء تا ۸۶۳ھ/۱۴۵۹ء) .	۱۴۵	۱
* **آق شہر** : (=سفید شہر ؛ نیز آقشر ، آخشر ، آشقر وغیرہ) آناطولی کے دو شہر ، جن میں سے ایک ولایت قونیہ کی ایک قضا کا مرکز اور دوسرا شمال مشرق آناطولی میں واقع ہے .	۱۴۶	۲
* **آق صُو** : (آخ صو) روسی آذربیجان میں ایک گاؤں،	۱۴۷	۲
* **آق صُو** : مشرق ترکستان (سن کیانگ) کا ایک شہر .	۱۴۷	۲
* **آق صُو** : (ت ؛ بمعنی آب سفید) ترکی بولنے والے ملکوں میں متعدد دریاؤں کا نام.	۱۴۹	۱

FINAL
شکریہ کہ وبعثرت
کردم زخط امع
www.bhatkallys.com

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗ آق قویونْلو	: مشرق آناطولی کا ایک قبیلہ اور اس کی قائم کردہ امارت.	۱۴۹	۱
* آق کِرْمان	: (بمعنی سفید شہر یا منڈی) یا آقچہ کرمان ؛ عہد قدیم کا Tyras ؛ روسی میں بیلفورد ؛ دریائے نیستر (Deniester) کے دہانے کے کنارے ایک شہر اور قلعہ .	۱۸۱	۲
⊗ آق مسجد	: (بمعنی سفید مسجد) دو بڑے شہروں کا نام ، جن میں سے ایک، جسے روسی سمفرو پول کہتے ہیں، کریمیا کا دارالحکومت رہا اور آج کل اس کے صرف اس حصے کا نام جہاں ترک بستے ہیں؛ دوسرا جمہوریۂ قازاقستان میں ایک صوبے کا دارالحکومت (موجودہ قزل اوردہ) اور سابقاً سیردریا کی ایالت کا صدر مقام اور قلعہ .	۱۸۳	۱
* آقا رضا	: رک به رضا .	۱۸۵	۲
* آقا رضاعی	: رک به رضاعی .	۱۸۵	۲
⊗ آقچہ	: (بمعنی چھوٹا سفید) عثمانی سلطنت کا ایک چاندی کا سکہ .	۱۸۵	۲
⊗ آقِنْجی	: دولت عثمانیہ کے ابتدائی دور میں یورپی جنگوں کے لیے تشکیل دادہ بے قاعدہ سوار فوج .	۱۸۷	۲
* آگْدال	: بربری اصطلاح ؛ مالک اراضی کی اپنے لیے مخصوص چراگاہ .	۱۸۹	۱
⊗ آگرہ	: آتر پردیش (بھارت) کی ایک قسمت کا صدر مقام : ابتدائی مغل شہنشاہوں کا دارالحکومت ، جہاں تاج محل واقع ہے .	۱۸۹	۱
⊗ آگرہ	: اتر پردیش (بھارت) کا ایک ضلع .	۱۹۴	۲
* آگہی	: ترک شاعر اور مؤرخ (م ۹۸۵ھ/۱۵۷۷ء).	۱۹۵	۱
* آل	: بطن ، نسبی گروہ اور عشیرۃ کے معنوں میں ایک کثیرالاستعمال اصطلاح .	۱۹۵	۲
* آل	: دوران زچگی ہونے والی ایک بیماری کی موجب ایک خبیث روح .	۱۹۶	۱
* آل	: رک به سراب.	۱۹۶	۱
* آلات	: رک به آله.	۱۹۶	۱
* آلاتی	: منسوب به آله، بمعنی پیشه ور سازنده.	۱۹۶	۱
* آلاجه (۱)	: تصغیر آلا ، بمعنی رنگ برنگ ، خصوصاً رنگین دھاری دار کپڑا : ترکی زبان کی مختلف ترکیبوں میں مستعمل کلمہ .	۱۹۶	۱
⊗ آلاجه (۲)	: ولایت انقرہ میں بوزغاز کی سنجاق اور قضا بوزغاز کا ایک قصبہ .	۱۹۶	۱
* آلاجه حصار	: (ت ؛ رنگ برنگا قلعہ) مغربی موراوہ کے شہر قُرُوشْواچ کا ترکی نام .	۱۹۶	۱
* آلاجه طاغ	: (= مختلف رنگوں کا پہاڑ) ترکی بولنے والے ملکوں میں متعدد پہاڑوں کا نام، جن میں سے ایک قونیہ کے جنوب مغرب میں اور دوسرا قارص کے جنوب مشرق میں واقع ہے .	۱۹۷	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* آلا شہر	(رنگ برنگا شہر) آناطولی کی ولایت منسا میں ایک قضا کا صدر مقام.	۱۹۷	۱
⊗ آلا طاغ	ترک ممالک میں کئی پہاڑوں اور پہاڑی سلسلوں کا نام، مثلاً کوھستان طاوروس (بلغار طاغی) کا بلند ترین حصہ؛ نیز شمال مغربی آناطولی، مشرقی آناطولی، شمال مشرقی ایران، وسط ایشیا، مشرقی ترکستان اور سائبیریا میں.	۱۹۸	۱
* آلای	بوزنطی فوج کا ایک مخصوص دستہ؛ رجمنٹ.	۱۹۹	۱
* آلبَہ و القِلاع	جزیرہ نمائے آئی بیریا کا وہ حصہ جو اکثر قرطبہ کے امیروں کے حملوں کی زد میں رہتا تھا؛ موجودہ ھسپانیہ کا ایک صوبہ.	۱۹۹	۲
⊗ آلپ	بمعنی قہرمان، بہادر، شجاع؛ متعدد افراد کے ناموں میں شامل لفظ.	۲۰۰	۱
* آلپ آرسْلان (۱)	عضد الدولۃ محمد بن داؤد چغری بیگ؛ سلجوقی خاندان کا دوسرا سلطان (از ۴۵۵ھ/۱۰۶۳ء تا ۴۶۵ھ/۱۰۷۳ء).	۲۰۹	۱
⊗ آلپ آرسلان (۲)	ایضاً؛ مقالہ از ترکی انسائیکلوپیڈیا.	۲۱۲	۱
* آلپتِکین	(آلپتگین) دولت غزنویہ کا بانی (م قبل از ۳۵۲ھ/۹۶۳ء).	۲۱۶	۱
* آلپامش	وسط ایشیا کی ایک مشہور ترکی داستان کا ھیرو.	۲۱۷	۱
* آلتای	(آلتُون طاغ) وسطی ایشیا کے مشرقی حصے میں تقریباً ھزار میل لمبا سلسلۂ کوہ.	۲۱۹	۱
* آلتائیہ	جبال آلتای کا ایک غیر مسلم ترک قبیلہ؛ نیز تورانیوں کے لیے مترادف اصطلاح.	۲۱۹	۲
* آلتْلق	رک به سکه.	۲۲۰	۱
* آلتون تاش الحاجب	ابو سعید الملقب بہ خوارزم شاہ؛ سبکتگین اور اس کے دو جانشینوں کے عہد کا سپہ سالار؛ والی ھرات (۴۰۱ھ/۱۰۱۰ء)؛ والی خوارزم (۴۰۸ھ/۱۰۱۷ء تا ۴۲۳ھ/۱۰۳۲ء).	۲۲۰	۱
* آلتی بَرَمَق	(=شش انگشت) ترک عالم اور مترجم محمد بن محمد کا عرف (م ۱۰۳۲ھ/ ۱۶۲۳ - ۱۶۲۴ء).	۲۲۱	۲
* آلتی شَہَر	(چینی: آلتا شہر = چھے شہر) سن کیانگ کا ایک علاقہ، جس میں کوچہ، آق صو، اوچ طرفان، کاشغر، یارقند اور ختن واقع ھیں.	۲۲۲	۱
* آلتین	(یا آلتُون) سونا یا سونے کے سکے؛ متعدد ترکی اعلام کا جز؛ نیز رک به سکه.	۲۲۲	۱
* آلتین اوردو	(یا آردو) روسی اصطلاح Zolotaya Ordu کا ترکی مترادف؛ رک به (آل) باتو.	۲۲۲	۲
* آلتین طاش	(آلتون طاش) آناطولی کی قضا اور ولایت کوتاھیہ میں ایک گاؤں.	۲۲۲	۲
* آلتین (آلتون) کوپرو	عراق کی ولایت کرکوک میں ایک خوش منظر قصبہ.	۲۲۳	۱
* آلُوسی	بغداد کا ایک علمی خاندان: (۱) مورث اعلی عبداللہ صلاح الدین (م ۱۲۴۶ھ/۱۸۳۰ء) اور ان کے متعدد بیٹے، یعنی (۲) ابو الثناء محمود شہاب الدین، مفتی بغداد و صاحب تفسیر روح المعانی وغیرہ (۱۲۱۷ھ/۱۸۰۲ء تا ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۴ء)؛ (۳) عبدالرحمن، خطیب اور عالم (م ۱۲۸۴ھ/		

marfat.com

www.bhatkallys.com

۱۸۶۷ء) ؛ (۴) عبدالحمید ، معلم ، واعظ اور مؤلف (۱۲۳۲ھ/۱۸۱۶ء تا ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۲ء) ؛ (۵) عبداللہ بہاء الدین ، قاضی بصرہ اور نحو ، منطق اور تصوف میں بعض کتب کا مصنف (۱۲۴۸ھ/۱۸۳۳ء تا ۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴ء) : (۶) عبدالباقی سعد الدین ، قاضی کرکوک اور شارح و مصنف (۱۲۵۰ھ/ ۱۸۳۴ء تا ۱۲۹۳ھ/ ۱۸۷۶ء) ؛ (۷) نعمان خیر الدین ابو البرکات ، معلم ، واعظ اور مصنف جلاء العینین ، شقائق النعمان وغیرہ (۱۲۵۲ھ/ ۱۸۳۶ء تا ۱۳۱۷ھ/۱۸۹۹) ؛ (۸) محمد حمید (۱۲۶۲ھ/۱۸۴۶ء تا ۱۲۹۰ھ/۱۸۷۳ء) ؛ (۹) احمد شاکر ، قاضی بصرہ (۱۲۶۴ھ/۱۸۴۸ء تا ۱۳۳۰/۱۹۱۲ء) ؛ نیز (۱۰) محمود شکری المعروف بہ محمود آلوسی زادہ ابن عبداللہ بہاء الدین ، مؤلف بلوغ الارب فی معرفتہ احوال العرب (۱۲۷۳ھ/ ۱۸۵۷ء تا ۱۳۴۲ھ/۱۹۲۴ء) ؛ (۱۱) علاء الدین علی بن نعمان خیر الدین، معلم اور مصنف (م ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء) ؛ (۱۲) محمد درویش بن احمد شاکر، معلم ، واعظ اور مصنف (حیات ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۲ء) . | ۲۲۴ | ۱

* **آلہ** : (۱) علم صرف و نحو کی ایک اصطلاح ؛ (۲) وہ علوم و فنون جو کسی اور چیز کی تحصیل کے لیے سیکھے جائیں . | ۲۲۶ | ۲

* **آمانوس** : رک بہ الماطاغ . | ۲۲۷ | ۲

* **آمد** : رک بہ دیار بکر . | ۲۲۷ | ۲

* **آمد جی** : دولت عثمانیہ کی مرکزی حکومت کا ایک عہدہ دار . | ۲۲۷ | ۲

⊗ **الآمدی** : ابو القاسم (یا ابو علی) الحسن بن بشر بن یحیی ، نحوی ، نقاد سخن ، کاتب ، عربی شاعر اور مصنف کتاب الموازنۃ بین ابی تمام و البحتری وغیرہ (م ۳۷۰ھ/ ۹۸۰ء/ یا ۳۷۱ھ/۹۸۱ء) . | ۲۲۸ | ۲

* **الآمدی** : علی بن ابی علی بن محمد التغلبی ، سیف الدین ؛ ایک عرب عالم دین اور متعدد کتب مثلاً اِحکام الاحکام فی اصول الاحکام وغیرہ کا مصنف (۵۵۱ھ/۱۱۵۶ - ۱۱۵۷ء تا ۶۳۱ھ/۱۲۳۳ء) . | ۲۳۰ | ۱

* **الآمر باحکام اللہ** : ابو علی المنصور (۴۹۰ھ/۱۰۹۶ء تا ۵۲۴ھ/۱۱۳۰ء)؛ فاطمی خاندان کا دسواں خلیفہ (از ۴۹۵ھ/۱۱۰۱ء) . | ۲۳۱ | ۱

* **آمُل** : دو شہروں کا نام : (۱) مازندران میں الطبری کا مولد اور سابقاً طبرستان کا دارالحکومت ؛ (۲) جمہوریۂ شوروی ترکمنستان میں موجودہ چار جو یا چار جوی . | ۲۳۲ | ۲

* **آمِنَۃ** : نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی والدہ ماجدہ . | ۲۳۵ | ۲

⊗ **آمودریا** : (دریاے جیحون) ترکستان کا معروف دریا . | ۲۳۶ | ۱

FINAL
شرکت ویعت
کردہ نخبہ ا مع
www.bhatkallys.com
marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* آمین	: ایک دعائیہ کلمہ .		
* آناپہ	: بحر اسود کے ساحل پر ایک چھوٹا سا قلعہ .	۲۵۸	۱
* آنادولو	: رک بہ آناطولی .	۲۵۸	۲
* آناطولی (۱)	: آنادولو ، آناطولیا ، ایشیاے کوچک ؛ موجودہ جمہوریۂ ترکیہ کے سارے ایشیائی حصے پر مشتمل ایک طویل و عریض جزیرہ نما.	۲۵۹	۱
* آناطولی (۲)	: سابقاً آناطولی کے مغربی نصف پر مشتمل صوبہ .	۳۰۲	۱
* آناطولی حصاری	: (نیز گوزلجہ حصار ، ینیجہ یا ینی حصار ، آقچہ حصار) آبناے فاسفورس کے تنگ ترین حصے پر ایک قلعہ .	۳۰۳	۱
* آنامور	: آناطولی کے جنوبی ساحل پر ایک قصبہ اور بندرگاہ؛ ولایت ایچ ایل کی ایک قضا کا صدر مقام .	۳۰۴	۱
* آنہَ	: (یا آنّہ) رک بہ سکّہ .	۳۰۴	۲
* آنی	: قدیم ارمنی دارالسلطنت ، جس کے کھنڈر دریاے آرپہ چای کے دائیں کنارے پر واقع ہیں .	۳۰۴	۲
* آوہ	: وسطی ایران کے دو شہر : (۱) موجودہ قصبۂ آوج ؛ (۲) موجودہ قصبۂ آبہ .	۳۰۸	۲
* آہی	: ایک ترک شاعر (م ۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء) .	۳۰۹	۱
* آیات	: رک بہ آیت .	۳۰۹	۲
* آیاس	: قدیم آیگای ؛ کلیکیا کے ساحل اور خلیج اسکندرون کے مغربی کنارے پر ولایت آطنہ کی ایک ناحیہ یمورطہ لق کا صدر مقام اور بندرگاہ .	۳۰۹	۲
* آیاس پاشا	: (۸۸۶ھ/۱۴۸۲ء تا ۹۴۶ھ/۱۵۳۹ء) سلطنت عثمانیہ کا وزیراعظم (از ۹۴۲ھ/۱۵۳۶ء) .	۳۱۰	۲
* آیاستفانوس	: رک بہ یشیل کوپی .	۳۱۳	۱
* آیا سُولوک	: (آیا سُلُوق ، آیا سُلُوغ ، آیا ثُلوغ) موجودہ سِلچُک ؛ آناطولی کے مغربی ساحل پر کوہ بلبل طاغ کے دامن میں ایک چھوٹا سا قصبہ، جہاں حواریِ مسیح یوحنّا نے زندگی بسر کی .	۳۱۳	۱
* آیا صوفیہ	: قسطنطینیہ کی سب سے بڑی جامع مسجد ؛ قبل ازیں مشرقی دنیاے نصرانیت کا ممتاز ترین صدر کلیسا .	۳۱۴	۲
⊗ آیت	: کھلی ہوئی نشانی یا علامت ؛ قرآن مجید میں وہ جملہ جو ابتدا اور انتہا رکھتا ہو .	۳۲۴	۲
* آیْدِیْن	: نیز معروف بہ گوزل حصار (= خوبصورت قلعہ) ، آناطولی کی ولایت آیدین کا صدر مقام .	۳۲۶	۲
* آیْدِین اوغْلُو	: ایک ترکمان خانوادہ، جو ۷۰۸ھ/۱۳۰۸ء سے ۸۲۶ھ/۱۴۲۵ء تک اسی		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	نام کی امارت پر برسر حکومت رہا .	۳۲۷	۱
* **آیْوالِق** :	(یونانی : کیدونیا) مغربی آناطولی کی ایک قضا اور اس کا صدر مقام .	۳۲۸	۲
* **اَب** :	رک بہ اَبُو .	۳۲۹	۱
* **اَباضِیّة** :	عبداللہ بن ریاض المُرّی التمیمی کی طرف منسوب خوارج (رک بآن) کی ایک بڑی شاخ ؛ آغاز قبل از ۶۵ھ .	۳۲۹	۱
* **اَباقا** :	رک بہ ایلخانیّہ .	۳۳۴	۱
* **اَبـان** :	رک بہ آبان .	۳۳۴	۱
* **اَبان بن عبدالحمید** :	اللّاحقی الرَّقاشی ، عہد ہارون الرشید کا ایک عربی شاعر (م نواح ۲۰۰ھ/۸۱۵ء) .	۳۳۴	۱
* **اَبان بن عُثمان بن عفان**[رض] :	(م ۱۰۵ھ/۷۲۳ - ۷۲۴ء) ، خلیفۂ ثالث[رض] کے فرزند ؛ تابعی کبیر، فقیہ، محدث اور کچھ مدت کے لیے والی مدینہ.	۳۳۴	۲
* **اُبّ** :	یمن کی سنجاق تعزّ میں اسی نام کی ایک قضا کا صدر مقام .	۳۳۵	۱
* **اُبْدَة** :	ہسپانیہ کے صوبہ جیّان کے ایک ضلع (کُورہ) کا صدر مقام .	۳۳۵	۲
* **ابتداء** :	(ع) نحو کی ایک اصطلاح .	۳۳۶	۱
* **اَبْجَـد** :	عربی زبان کے ۲۸ حروف ہجا اور ان کے مددِ حفظ آٹھ کلموں میں سے پہلا کلمہ .	۳۳۷	۱
* **اَبْخَاز** :	(۱) نیز افخاز ، مسلم مآخذ میں گُرجستان اور گرجیوں کے لیے اصطلاحی کلمہ ؛ (۲) مغربی قفقاز میں بحر اسود کے کنارے آباد ایک قوم .	۳۳۹	۱
* **اَبَـد** :	دہر کا مترادف لفظ؛ نیز رک بہ دہر ، زمان ، قدم .	۳۴۲	۲
* **اَبدال** :	صوفیہ کے ہاں اولیاء اللہ کے سلسلۂ مدارج کا ایک درجہ .	۳۴۳	۲
* **ابدالی** :	افغان درانی قبیلے کا سابقہ نام .	۳۴۴	۲
* **ابراھام** :	رک بہ ابراہیم[ع] .	۳۴۵	۲
⊗ **ابراہیم**[ع] :	خلیل اللہ ، مشہور نبی ، کعبے کے بانی ، دین حنیف کے ہادی اور سلسلۂ اسماعیلی و اسرائیلی کے جد امجد ؛ نیز قرآن مجید کی ایک سورۃ .	۳۴۵	۲
* **ابراہیم ، ابو اسحق** :	بن احمد ، اغلبی خاندان کا لواں فرمانروا (۲۶۱ھ/۸۷۵ء تا ۲۸۹ھ/۹۰۲ء) .	۳۵۱	۱
* **ابراہیم بن احمد** :	(۱۰۲۴ھ/۱۶۱۵ء تا ۱۰۵۳ھ/۱۶۴۴ء) آل عثمان کا اٹھارھواں سلطان (از ۱۰۴۹ھ/۱۶۴۰ء) .	۳۵۳	۱
* **ابراہیم بن ادھم** :	مشہور صوفی بزرگ اور عابد و زاہد (م مابین ۱۶۰ھ/۷۷۶ء و ۱۶۶ھ/۷۸۳ھ) .	۳۵۴	۱
* **ابراہیم بن الاَغْلب** :	نیم آزاد اغلبی خاندان کا بانی ، والی زاب (از ۱۸۴ھ/۸۰۰ تا		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	۱۹۶ھ/۸۱۲ء).	۳۵۷	۲
* ابراهیم بن خالد	: رک به ابو ثور .	۳۵۹	۱
* ابراهیم بن عبدالله	: حضرت علیؓ کے پوتے اور محمد النفس الزکیة کے بھائی، جنھوں نے عباسی خلیفه المنصور کے خلاف علم بغاوت بلند کیا (م ۱۴۵ھ/ ۷۶۳ء) .	۳۵۹	۱
* ابراهیم بن علی	: رک به الشیرازی.	۳۶۰	۱
* ابراهیم بن محمد	: (۸۲ھ/۷۰۱ء تا نواح ۱۲۹ھ/۷۴۷ء) ، تحریک عباسیه کی اهم شخصیت اور پهلے دو عباسی خلفا کا بھائی .	۳۶۰	۱
* ابراهیم بن مسعود	: بارهواں غزنوی فرمانروا ؛ رک به غزنویه .	۳۶۰	۲
* ابراهیم بن المهدی العباسی	: (۱۶۲ھ/۷۷۹ء تا ۲۲۴ھ/۸۳۹ء) ، عباسی خلیفه المهدی کا بیٹا اور عهدِ مامون الرشید کا ایک مدعیِ خلافت .	۳۶۰	۲
* ابراهیم بن هلال	: رک به الصابیٔ .	۳۶۱	۲
* ابراهیم بک	: مصر کے آخری ممتاز ترین مملوک امرا میں سے ایک امیر (م ۱۲۳۱ھ/ ۱۸۱۶ء) .	۳۶۱	۲
* ابراهیم پاشا	: رک به چندرلی .	۳۶۴	۱
* ابراهیم پاشا (داماد)	: (۱۰۸۹ھ/۱۶۷۸ء تا ۱۱۴۳ھ/۱۷۳۰ء) ، عثمانی سلطان احمد ثالث کا مقرب اور داماد ؛ ترکیه کا صدر اعظم (از ۱۱۳۰ھ/ ۱۷۱۸ء).	۳۶۴	۱
* ابراهیم پاشا (داماد)	: عثمانی سلطان مراد ثالث کا مقرب اور داماد ؛ سلطان محمود ثالث کے عهد میں تین بار صدر اعظم (م ۱۰۱۰ھ/۱۶۰۱ء).	۳۶۵	۲
* ابراهیم پاشا (قره)	: (۱۰۳۰ھ/۱۶۲۰ء تا ۱۰۹۷ھ/۱۶۸۶ء) ، سلطان محمد رابع کا قپودان پاشا اور بعد ازاں صدر اعظم (از ۱۰۹۵ھ/۱۶۸۳ء).	۳۶۶	۲
* ابراهیم پاشا (وزیر)	: عثمانی سلطان سلیمان اعظم قانونی کا مشهور صدر اعظم (از ۹۲۹ھ/ ۱۵۲۳ء) اور مقرب بارگاه (م ۹۴۲ھ/۱۵۳۶ء).	۳۶۷	۱
* ابراهیم پاشا بن محمد علی	: محمد علی خدیو مصر کا سب سے بڑا بیٹا ؛ سپه سالار کبیر اور والی مصر (م ۱۲۶۵ھ/۱۸۴۸ء).	۳۶۹	۱
* ابراهیم حقی پاشا	: (۱۲۷۹ھ/۱۸۶۳ء تا بعد از ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۴ء) ماهر قانون و سیاست ، متعدد کتب کا مصنف اور مترجم ، سفیر ، وزیر اور کچھ عرصے کے لیے ترکیه کا صدر اعظم (۱۹۱۰-۱۹۱۱ء).	۳۷۳	۱
* ابراهیم خان	: ترکیه کے سلطان سلیم ثانی کا نواسه ، صدر اعظم محمد صوقللی پاشا کا بیٹا ، خاندان ابراهیم خانزاده کا مورث اعلیٰ اور متعدد صوبوں کا والی (م بعد از		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	۱۰۳۱ھ/۱۶۲۱ء).	۳۷۵	۱
*	**ابراهیم لودی** : هندوستان کے لودی خاندان کا آخری فرمانروا (از ۹۱۶ھ/۱۵۱۰ء تا ۹۳۳ھ/۱۵۲۶ء).	۳۷۵	۲
*	**ابراهیم مُتَفَرِّقَه** : (یعنی داروغۂ دربار) ، دولت عثمانیه میں طباعت کا موجد (م ۱۱۵۷ھ/ ۱۷۴۴ - ۱۷۴۵ء).	۳۷۶	۱
*	**ابراهیم الموصلی** : یا النديم الموصلی (۱۲۵ھ/۷۴۲ء تا ۱۸۸ھ/۸۰۴ء) ، عہد عباسیه کا مشہور مغنی اور بہت سے نغمات کا موجد .	۳۷۷	۱
*	**الآبرزی** : رک بہ عَمید الدین اسعد .	۳۷۸	۱
*	**اَبَر شَهْر** : نیشاپور (رک بآن) کا قدیم تر نام .	۳۷۸	۱
*	**ابر قباذ** : واسط اور بصرے کے مابین سرحد خوزستان سے متصل علاقه .	۳۷۸	۲
*	**اَبر قُوه** : شیراز سے یزد جانے والی سڑک پر ایک قصبه .	۳۷۹	۱
*	**اَبرهة** (۱) : چھٹی صدی عیسوی میں جنوبی عرب کا ایک عیسائی بادشاہ، جس نے مکے پر حمله کیا تھا (م بعد از ۵۷۰ء) ؛ نیز رک به الفیل .	۳۷۹	۱
⊗	**اَبْرهَة** (۲) : اس نام کی متعدد شخصیات .	۳۸۱	۲
*	**ابشر** : (Abeche) ، چاڈ کی سلطنت ودائی کا دارالحکومت.	۳۸۹	۱
*	**اَبُشْقَه** : رک به علی شیر نوائی.	۳۸۹	۲
*	**الابْشیهی** : بہاء الدین ابو الفتح محمّد بن احمد المحلّی الشافعی (۷۹۰ھ/۱۳۸۸ء تا ۸۵۰ھ/۱۴۴۶ء)، مصر کا ایک عرب عالم اور بعض کتب عربی مثلاً اطواق الازهار علی صدور الانهار کا مصنف .	۳۸۹	۲
*	**اَبعام** : (بُو عام) رک به تلفیلالت .	۳۹۰	۲
*	**اَبْقَیق** : (بُقَیق) سعودی عرب کے صوبه الحَسَا کا ایک گاؤں اور تیل کا معدن.	۳۹۰	۲
*	**اَبکاریوس** : اسکندر آغا بن یعقوب ، ارمنی عرب عالم اور نهایة الاَرَب فی اخبار العَرَب کا مصنف (م ۱۳۰۳ھ/۱۸۸۵ء).	۳۹۱	۲
*	**اَبُکْلی** : رک به ابو طُلَیح.	۳۹۱	۲
*	**الاَبلَق** : السَمَوءل بن عادیا (رک بآن) کا ایک قلعه.	۳۹۱	۲
*	**الاُبُلّة** : ازمنۂ وسطی میں بصرے کے مشرق جانب ایک بڑا شہر .	۳۹۱	۲
⊗	**اِبْلیس** : شیطان لعین کے لیے قرآنی اصطلاح.	۳۹۳	۱
*	**اِبْن** : بمعنی بیٹا.	۳۹۹	۲
*	**ابن آجُروم** : ابو عبدالله محمّد الصَنْهاجی ، مشہور عرب عالم ، فقیه ، ادیب ، ریاضی داں ، ماهر صرف و نحو اور المقدمة الاجرومیة فی مبادی العربیة کا مصنف.	۴۰۰	۱
*	**ابن الاَبّار** : ابو جعفر احمد الخَولانی ، اندلس کا عرب شاعر (م ۴۳۳ھ/۱۰۴۱-۱۰۴۲ء).	۴۰۲	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* ابن الآبّار :	ابو عبداللہ القُضاعی (۵۹۵ھ/۱۱۹۹ء تا ۶۵۸ھ/۱۲۶۰ء)، اندلس کا مشہور عرب مؤرخ اور کتاب التکملة لکتاب الصلة وغیرہ کا مصنف .	۳۰۲	۲
* ابن ابی اُصَیْبَعة :	موفق الدین ابو العباس احمد بن القاسم السعدی الخزرجی ، اندلس کا مشہور طبیب اور سوانح نگار اور عیون الانباء فی طبقات الاطباء کا مصنف (م ۶۶۸ھ/۱۲۷۰ء).	۳۰۳	۱
⊛ ابن ابی جَمْہُور :	محمد بن زین الدین . . . بن ابی جمہور اَحْسَائی ہَجْری ، حکیم مجتہد ، عارف متکلم ، صوفی شیعی ، اخباری (محدث) اور متعدد کتب کا مصنف (م ۹۱۲ھ/۱۵۰۶ء).	۳۰۴	۱
* ابن ابی حَجَلَة :	احمد بن یحیی ابو العبّاس شہاب الدین التّلمسانی الحنبلی الحنفی (۷۲۵ھ/۱۳۲۵ء تا ۷۷۶ھ/۱۳۷۵ء) ، با کمال عرب شاعر .	۳۰۶	۱
⊛ ابن ابی الحَدِید :	عِز الدین ، ابو حامد المدائنی (۵۸۶ھ/۱۱۹۰ء تا ۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء) ، شیعی ادیب، شاعر، فقیہ اور کلامی، شرح نہج البلاغة اور الفلاک الدائر علی المثل السائر وغیرہ کا مصنف.	۳۰۶	۲
* ابن ابی الدُّنیا :	ابوبکر عبداللہ القرشی (۲۰۸ھ/۸۲۳ء تا ۲۸۱ھ/۸۹۴ء) ، عرب عالم ، عباسی خلیفہ المکتفی کا اتالیق اور بہت سی عربی کتب ادب کا مصنف .	۳۰۹	۲
* ابن ابی دِینار :	ابو عبداللہ محمّد الرُّعَینی القیروانی ، عرب مؤرخ اور المُؤنس فی اخبار افریقیة و تونس کا مصنف (حیات ۱۱۱۰ھ/۱۶۹۸ء).	۳۱۰	۲
* ابن ابی الرِّجال :	ابو الحسن علی ، عرب منجّم اور البارع فی احکام النجوم کا مصنف (م نواح ۴۸۵ھ/۱۰۹۲ء).	۳۱۱	۱
* ابن ابی الرِجال :	احمد بن صالح ، عرب مؤرخ ، فقیہ، شاعر اور مصنف، یمن کا زیدی شیعہ (م ۱۰۹۲ھ/۱۶۸۱ء).	۳۱۱	۲
* ابن ابی زَنْدَقَة :	الطرطوشی (۴۵۱ھ/۱۰۵۹ء تا ۵۲۰ھ/۱۱۲۶ء) ، فقیہ ، محدث اور چند کتب مثلاً الکَشْفُ وَ الْبَیَان عن تفسیر القرآن کا مصنف.	۳۱۳	۲
* ابن ابی زَرْع :	ابوالحسن الفاسی ، المغرب کا عرب مؤرخ اور چند کتب کا مصنف (حیات ۷۲۶ھ/۱۳۲۶ء).	۳۱۴	۲
* ابن ابی زید القیروانی :	النفزاوی (۳۱۰ھ/۹۲۲ء تا ۳۸۶ھ/۹۹۶ء) ، المغرب کا ایک مالکی فقیہ اور چند کتب کا مصنف (م مابین ۳۱۰ھ/۹۲۲ء و ۳۸۶ھ/۹۹۶ء).	۳۱۵	۲
* ابن ابی طاہِر طَیفُور ابو الفضل احمد :	(۲۰۴ھ/۸۱۹ء تا ۲۸۰ھ/۸۹۳ء)، عرب ادیب، اور مؤرخ ، تاریخ بغداد کا مصنف.	۳۱۶	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* ابن ابی عامر : رک به المنصور .		۳۱۷	۱
* ابن ابی العَوجاء : عبدالکریم ؛ معن بن زائد کا ماموں اور واضع الاحادیث (م ۱۵۵ھ/ ۷۷۲ء) .		۳۱۷	۱
* ابن الأثیر : عراق جزیرۂ ابن عمر کے تین نامور عالم و فاضل بھائی : (۱) مجد الدین ابو السعادات المبارک بن محمد (۵۴۴ھ/۱۱۴۹ء تا ۶۰۶ھ/۱۲۱۰ء)، عرب محدث ، فقیه اور متعدد کتب ، مثلاً جامع الاصول فی احادیث الرسول وغیره کا مصنف ؛ (۲) عز الدین ابوالحسن علی بن محمد (۵۵۵ھ/۱۱۶۰ء تا ۶۳۰ھ/۱۲۳۲ء) ، عرب عالم ، مؤرخ اور صاحب اسد الغابة ؛ (۳) ضیاء الدین ابو الفتح نصر الله (۵۵۸ھ/۱۱۶۲ء تا ۶۳۷ھ/۱۲۳۹ء) ، عربی کا صاحب اسلوب انشا پرداز اور المثل السائر فی ادب الکاتب و الشاعر کا مصنف .		۳۱۷	۲
* ابن الأَجْدابی : ابو اسحاق ابراهیم بن اسماعیل بن احمد اللُواتی ، فقه لغت پر بهت سی کتب مثلاً کفایة المُتَحَفِّظ وغیره کا مصنف (م قبل از ۶۰۰ھ/۱۲۰۳ء).		۳۱۹	۲
* ابن الأَحْمر : رک به [ابو حیان] محمد بن یوسف.		۳۲۰	۱
* ابن الأَحْنَف : (نیز ابن الاسود) ابو الفضل العباس خلیفه هارون الرشید کا درباری شاعر (م ۱۹۲ھ/۸۰۸ء).		۳۲۰	۱
* ابن اسحٰق : ابو عبدالله یا ابوبکر محمد ، مشهور عرب محدث ، مؤرخ اور کتاب المبتداء، کتاب المغازی اور کتاب الخلفاء کا مصنف.		۳۲۰	۲
* ابن اسْفَنْد یار : محمد بن الحسن ، ایرانی مؤرخ (حیات ۶۰۶ھ/۱۲۱۰ء).		۳۲۲	۱
⊗ ابن اعثم الکوفی : ابو محمد احمد ، عرب مؤرخ، شاعر اور کتاب المألوف ، کتاب التاریخ اور کتاب الفتوح وغیره کا مصنف (م ۳۱۴ھ/۹۲۶ء).		۳۲۲	۲
* ابن الأنباری : رک به الأنباری .		۳۲۴	۱
* ابن ایاس : ابن ایاس الحنفی (۸۵۲ھ/۱۴۴۸ء تا نواح ۹۳۰ھ/۱۵۲۴ء)، مملوک خاندان کے دور زوال کا ممتاز ترین عرب وقائع نویس اور بدائع الزهور فی وقائع الدهور کا مصنف		۳۲۴	۱
* اِبن بابُوَیَة : یا ابن بابْوَیْه ، چار بڑے شیعی جامعین حدیث میں سے ایک اور کتاب من لَا یَحْضُرُه الفَقِیه وغیره کا مصنف (م ۳۸۱ھ/۹۹۱ء).		۳۲۶	۱
* ابن باجه : ابوبکر محمد بن یحیی المعروف به الصائغ ، اندلس کا مشهور عرب فلسفی ، سائنس دان ، عالم ادب و نحو ، طبیب اور نے نواز، نیز طب، هندسه، هیئت ، طبیعیات ، الکیمیا اور فلسفے پر متعدد رسائل کا مصنف (م ۵۳۳ھ/۱۱۳۸ء).		۳۲۶	۲
* ابن بَدُرون : رک به ابن عَبْدُون.		۳۲۹	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* ابن بَرّی :	ابوالحسن علی بن محمد بن علی بن محمد بن الحسن الرباطی (۶۶۰ھ/۱۲۶۱ء تا نواح ۷۳۰ھ/۱۳۲۹ء)، عرب نحوی، عالم دین، شاعر اور فی مخارج الحروف اور الدرر اللوامع کا مصنف.	۴۲۹	۱
* ابن بَرّی :	ابو محمد عبداللہ المَقْدسی العصری (۴۹۹ھ/۱۱۰۶ء تا ۵۸۲ھ/۱۱۸۷ء)، عرب نحوی اور لغوی اور متعدد کتب کا مصنف.	۴۲۹	۲
* ابن بَشْکُوال :	ابو القاسم خَلَف بن عبدالملک بن مسعود بن موسیٰ بن بَشْکُوال (۴۹۲ھ/ ۱۱۰۱ء تا ۵۷۸ھ/۱۱۸۳ء) معروف، عرب تذکرہ نگار اور بہت سی کتب مثلاً کتاب الصلۃ فی تأریخ ائمۃ الاندلس وغیرہ کا مصنف.	۴۳۰	۲
* ابن بطُّوطَة :	(بَطُوطة) شرف الدین محمد بن عبداللہ بن محمد بن ابراھیم (۷۰۳ھ/۱۳۰۴ء تا ۷۷۹ھ/۱۳۷۷ء)، مشہور عرب سیاح اور تحفۃ النظار فی غرائب الامصار و عجائب الاسفار کا مصنف.	۴۳۱	۲
* ابن البُطْلان :	(Joannes) ابوالحسن المختار، بغداد کا ایک مسیحی طبیب اور تقویم الصِحّۃ کا مصنف (حیات ۴۶۰ھ/۱۰۶۸ء).	۴۳۳	۲
* ابن بَقِیّة :	نصیر الدولہ ابو الطاہر محمد بن محمد بن بَقِیّة، بغداد کے امیر بختیار کا وزیر (م ۱۳۶۷ھ/۹۷۸ء).	۴۳۴	۲
⊗ ابن بَکّار :	ابو عبداللہ (یا ابوبکر) الزبیر بن بکار القرشی الاسدی المدنی، قاضی الحرمین، تاریخ، نسب، حدیث، شعر اور ادب کا ممتاز عالم اور کتاب انساب قریش و اخبارھم وغیرہ کا مصنف (م ۲۵۶ھ/۸۷۰ء).	۴۳۵	۱
* ابن البَلَدی :	شَرَف الدّین ابو جعفر احمد بن محمد ابن سعید، عباسی خلیفہ المُستَنْجِد کا وزیر (م ۵۶۳ھ/۱۱۷۰ء).	۴۳۷	۱
* ابن البَنّاء :	ابو العباس احمد بن محمد بن عثمان الازدی المراکشی (۶۵۴ھ/۱۲۵۶ء تا ۷۲۱ھ/۱۳۲۱ء)، ریاضی، ہیئت، نحو وغیرہ کا متبحر عالم.	۴۳۷	۱
* ابن البَوّاب :	ابو الحسن علاء الدین علی بن ھلال، مشہور عرب خوش نویس (م ۴۱۳ھ/ ۱۰۲۲ء).	۴۳۸	۱
* ابن بی‌بی :	ناصر الدین یحییٰ بن مجد الدین محمد، ایرانی مؤرخ اور سلاجقۂ ایشیائے کوچک کی تاریخ الاوامر العلائیۃ فی الامور العلائیۃ کا مصنف (م ۶۷۰ھ/ ۱۲۷۲ء).	۴۳۸	۲
* ابن البَیْطار :	ابو محمد عبداللہ بن احمد ضیاء الدّین ابن البیطار المالقی، ماہر نباتات اور کتاب الجامع فی الادویۃ المفردۃ کا مصنف (م ۶۴۶ھ/۱۲۴۸ء).	۴۳۹	۱
⊗ ابنُ التَّعاوِیذی :	ابو الفتح محمد بن عبداللہ (نُشتکین) بن عبداللہ (۵۱۹ھ/۱۱۲۵ء تا ۵۸۳ھ/۱۱۸۷ء)، بغداد کا عرب شاعر.	۴۴۰	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **ابن تغَرْی بَرْدی** :	ابو المحاسن جمال الدّین بن یُوسف ، عرب مؤرخ اور سوانح نگار ، النجوم الزّاھرۃ فی ملوک مصر و القاھرۃ وغیرہ کا مصنف (م ۸۷۴ھ/ ۱۴۷۰ء).	۳۴۰	۲
* **ابنُ التِلمیذ** :	ابو المحاسن ھبۃ اللہ بن ابی العلاء ، بغداد کا عیسائی طبیب اور متعدد کتب طب کا مصنف (م ۵۶۰ھ/ ۱۱۶۰ء).	۳۴۲	۲
* **ابن تُومَرْت** :	ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ ، مراکش کا مشہور مسلمان مصلح اور مراکش کے حکمران سلسلۂ موحدون کا مہدی (م ۵۲۴ھ/ ۱۱۳۰ء).	۳۴۴	۱
* **ابن تَیْمِیَّة** :	تقی الدین ابو العباس احمد بن شہاب الدین عبدالحلیم بن مجد الدین عبدالسلام ... بن تیمیۃ الحرانی الحنبلی (۶۶۱ھ/۱۲۶۳ء تا ۷۲۸ھ/۱۳۲۸ء) ، مشہور عرب عالم دین ، مصلح ، فقیہ اور کثیر التعداد کتابوں کے مصنف .	۳۴۸	۱
* **ابن جُبَیْر** :	ابو الحسن محمد بن احمد بن سعید بن جبیر الکتانی (۵۴۰ھ/۱۱۴۵ء تا ۶۱۴ھ/۱۲۱۷ء)، اندلس کا مشہور عرب سیاح اور الرحلۃ کا مصنف.	۳۵۹	۲
* **ابن الجَرّاح** :	عہد عباسیہ کے دو وزیر : (۱) عبدالرحمن بن عیسی داود ، ۳۲۴ھ/۹۳۶ء میں تین ماہ کے لیے خلیفہ الراضی کا وزیر (حیات ۳۲۹ھ/۹۴۱ء) ؛ (۲) ابو الحسن علی ، سابق الذکر کا بھائی اور خلیفہ المقتدر کا وزیر (م ۳۳۴ھ/ ۹۴۶ء).	۳۶۰	۲
⊗ **ابن الجَزَری** :	شمس الدین ابو الخیر محمد بن محمد ... الجزری (۷۵۱ھ/۱۳۵۰ء تا ۸۳۳ھ/۱۴۲۹ء) ، عرب عالم دین ، علم قراءت پر سند اور کتاب النشر فی القراءات العشر وغیرہ کا مصنف.	۳۶۲	۱
* **ابن جَزْلة** :	(Ben Gesla) ، شرف الدین ابو علی یحیی بن عیسی البغدادی ، نو مسلم خوش نویس ، طبیب اور مصنف (م ۴۹۳ھ/ ۱۱۰۰ء).	۳۶۴	۲
* **ابن جماعة** :	علمائے حماۃ کا ایک خاندان اور اس کے مختلف افراد : (۱) بدر الدین ابو عبداللہ محمد بن ابراھیم الکنانی الحموی (۶۳۹ھ/۱۲۴۱ء تا ۷۳۳ھ/ ۱۳۳۳ء) ، عرب فقیہ اور مدرس ، قاھرہ و دمشق کا قاضی القضاۃ اور تحریر الاحکام فی تدبیر اھل الاسلام اور تذکرۃ السامع و المتکلم کا مصنف ؛ (۲) ابو عمر عبدالعزیز عز الدین (۶۹۴ھ/۱۲۹۴ء تا ۷۲۷ھ/۱۳۶۶ء) ، سابق الذکر کا بیٹا، شام اور مصر کا قاضی القضاۃ؛ (۳) ابراھیم بن عبدالرحمن (۷۲۵ھ/۱۳۲۵ء تا ۷۹۰ھ/۱۳۹۸ء) ، شمارہ (۱) کا پوتا ، مصر کا قاضی القضاۃ اور مدرسۂ صلاحیۃ کا مدرس : (۴) عز الدین ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر ، شمارہ (۲) کا پوتا ، طب ، معلم فلسفہ اور مصنف (م ۸۱۹ھ/ ۱۴۱۶ء).	۳۶۵	

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
* ابن جنّی :	ابو الفتح عثمان ، صرف و نحو کا مستند عالم اور کتاب سر الصناعة و اسرار البلاغة اور کتاب الخصائص فی علم اصول العربیة کا مصنف (م ۳۹۲ھ/ ۱۰۰۲ء).	۲ ۴۶۶
⊗ ابن الجوزی :	عبدالرحمن بن علی بن محمد ، ابو الفرج (ابو الفضل) جمال الدین القرشی البکری الحنبلی البغدادی (نواح ۵۱۰ھ/۱۱۱۶ تا ۵۹۷ھ/۱۲۰۰ء) ، مشہور حنبلی فقیہ ، واعظ اور کثیر التصانیف مصنف.	۲ ۴۶۶
⊗ ابن الجوزی ، سبط :	شمس الدین ابو المُظفّر یوسف بن قیز اوغلو (۵۸۲ھ/۱۱۸۶ء تا ۶۸۴ھ/۱۲۸۶ء) ، سابق الذکر کا نواسہ؛ مدرس، واعظ ، مؤرخ اور مشہور تاریخ مرآت الزمان وغیرہ کا مصنف.	۲ ۴۷۲
* ابن جہیر :	چار وزیر : (۱) فخر الدولة ابو نصر محمد بن محمد بن جہیر (۳۹۸ھ/ ۱۰۰۷-۱۰۰۸ء تا ۴۸۳ھ/۱۰۹۰ء) ، دیار بکر کے امیر نصر الدولة احمد بن مروان اور بعد ازاں خلیفۂ بغداد القائم کا وزیر ؛ (۲) عمید الدولة ابو منصور بن فخر الدولة بن جہیر (۴۳۵ھ/۱۰۴۳ تا ۴۹۳ھ/۱۱۰۰ء) ، سابق الذکر کا بیٹا اور خلیفہ المقتدی کا وزیر ؛ (۳) زعیم الروساء قوام الدین ابو القاسم علی بن فخر الدولہ بن جہیر ، سابق الذکر کا بھائی اور خلیفہ المستظہر کا وزیر (حیات ۱۱۰۹ھ/۱۱۱۰ء) ؛ (۴) نظام الدین ابو نصر المظفر بن علی بن محمد بن جہیر البغدادی (م ۵۶۰ھ/۱۱۱۴ء)، خلیفہ المقتفی کا وزیر .	۱ ۴۷۳
* ابن الحاجب :	جمال الدّین ابو عمرو عثمان ابن عمر بن ابوبکر بن یُونُس (۵۷۰ھ/ ۱۱۷۵ء تا ۶۴۶ھ/۱۲۴۹ء)، مشہور عرب نحوی، عالم عروض، فقیہ اور الشافیہ اور الکافیہ وغیرہ کا مصنف .	۱ ۴۷۵
⊗ ابن الحائک :	رکّ به الہمدانی.	۱ ۴۷۶
* ابن حبان :	ابو حاتم محمد بن حبان ابن احمد البستی ، عرب عالم ، راوی حدیث اور کتاب التقاسیم والا نوغ وغیرہ کا مصنف (م ۳۵۴ھ/۹۶۵ء).	۲ ۴۷۶
* ابن حَبیب :	ابو مروان عبدالملک بن حَبیب السُّلَمی ، اندلس کا عرب فقیہ اور مصنف (م ۲۳۸ھ/۸۵۳ء) .	۱ ۴۷۷
* ابن حبیب :	بدر الدین ابو محمد طاہر الحسن بن عمر بن حسن الدمشقی الحلبی (۷۱۰ھ/ ۱۳۱۰ء تا ۷۷۹ھ/۱۳۷۷ء) ، عرب مؤرخ ، عالم اور مملوک سلاطین کی تاریخ درة الاسلاک فی دولة الاتراک کا مصنف.	۲ ۴۷۷
* ابن حَبیب :	ابو جعفر محمد بن حبیب ، عرب ماہر لسان اور مصنف مختلف القبائل و مؤتلفها وغیرہ (م ۲۴۵ھ/۸۶۰ء).	۱ ۴۷۸

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* ابن الحَجّاج	: ابو عبداللہ الحُسین بن احمد بن محمد بن جعفر ، بنو بویہ کے زمانے کا ایک شاعر (م ۳۵۱ھ/۱۰۰۱ء).	۲	۴۷۸
* ابن حَجَر العَسْقلانی	: ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی الکنانی العسقلانی المصری القاہری (۷۷۳ھ/۱۳۷۲ء تا ۸۵۲ھ/۱۴۴۹ء) ، مشہور شافعی محدث ، فقیہ ، مؤرخ ، قاضی القضاۃ اور کثیر التعداد کتب مثلاً فتح الباری فی شرح البارری ، الاصابۃ اور تہذیب التہذیب وغیرہ کے مصنف.	۲	۴۷۹
* ابن حَجَر الہیتمی	: شہاب الدین ابو العباس احمد بن محمد بن محمد بن علی ابن حجر السعدی (۹۰۹ھ/۱۵۰۴ء تا ۹۷۳ - ۹۷۴ھ/۱۵۶۷ - ۱۵۶۸ء) ، مشہور شافعی فقیہ.	۱	۴۸۲
* ابن حِجّۃ	: ابو المحاسن تقی الدین ابوبکر بن علی بن عبداللہ الحموی القادری الحنفی الاَزْراری ، عہد ممالیک کا مشہور ترین عربی شاعر ، صاحب طرز انشا پرداز اور مصنف (م ۸۳۷ھ/۱۴۳۳ء).	۱	۴۸۳
* ابن حَزْم	: ابو محمد علی بن احمد بن سعید ابن حَزْم (۳۸۴ھ/۹۹۴ء تا ۴۵۶ھ/۱۰۶۴ھ)، اندلسی عرب فاضل ، مشہور عالم دین ، مؤرخ ، ممتاز شاعر اور بہت سی کتب مثلاً جمہرۃ الانساب وغیرہ کے مصنف.	۱	۴۸۵
⊗ ابن حَمْدُون	: بہاء الدین ابو المعالی محمد بن الحسن (۴۹۵ھ/۱۱۰۲ء تا ۵۶۴ھ/۱۱۶۷ء) ، نامور ادیب ، تاریخ و ادب اور نوادر و اشعار پر مشتمل التذکرۃ فی السیاسیۃ و الادب الملکیۃ اور دیگر کتب کا مصنف.	۲	۴۹۴
⊗ ابن حَمدِیس	: ابو محمد عبدالجبار بن ابی بکر الازدی (۴۴۷ھ/۱۰۵۵ء تا ۵۲۷ھ/۱۱۳۳ء) ، اندلس کا مشہور عرب شاعر.	۱	۴۹۵
* ابن حَماد	: ابو عبداللہ محمد بن علی ، ایک عرب مؤرخ اور فاطمیّون (بنو عبید) کی تاریخ اخبار ملوک بنی عبید کا مصنف (حیات ۶۱۷ھ/۱۲۲۰ء).	۱	۴۹۶
* ابن حَوْقَل	: ابو القاسم محمد النصیبی البغدادی ، عرب سیاح ، جغرافیہ نگار اور کتاب المسالک و الممالک کا مصنف (م ۳۵۰ھ/۹۶۱ء).	۲	۴۹۶
* ابن حَیّان	: ابو مروان حیّان بن خَلَف بن حسین ابن حیّان القرطبی (۳۷۷ھ/۹۸۷ء تا ۴۶۹ھ/۱۰۶۷ء) ، اسلامی اندلس کا ممتاز مؤرخ ، صاحب المتقبس فی تأریخ اندلس .	۱	۴۹۷
* ابن خاقان	: تین وزیر : (۱) ابو الحسن عبیداللہ بن یحیی بن خاقان ، خلیفہ التوکل کا وزیر (م ۲۶۳ھ/۸۷۷ء) ؛ (۲) ابو علی محمد بن عبیداللہ بن یحیی ، سابق الذکر کا سب سے بڑا بیٹا اور خلیفہ المقتدر کا وزیر (م ۳۱۲ھ/۹۲۴ء) ؛ (۳)		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	ابو القاسم عبداللہ (عبیداللہ) بن محمد بن عبیداللہ بن یحیی ، ابن الفرات کی آخری معز ولی کے بعد المقتدر کا وزیر (م ۳۱۴ھ/۹۲۶-۹۲۷ء).	۲	۴۹۷
* **ابن خَالْوَیہ** :	(خَالُوَیہ) ابو عبداللہ الحسن بن احمد بن حمدان الہمدانی الشافعی ، مشہور عرب نحوی ، لغت نویس اور مصنف (م ۳۷۰ھ/۹۸۰ء).	۱	۴۹۹
ابن خُرَّاذْبہ :	ابو القاسم عبیداللہ بن عبداللہ ، مشہور ایرانی النسل جغرافیہ نگار اور کتاب المسالک و الممالک وغیرہ کا مصنف (م نواح ۳۰۰ھ/۹۱۲-۹۱۳ء).	۱	۵۰۰
* **ابن الخَصیب** :	رِکّ بہ الخَصیبی.	۱	۵۰۱
* **ابن الخَطیْب** :	ذوالوزارتین (یعنی سپہ سالار اور وزیر اعظم) ، غرناطہ کا سب سے بڑا اور آخری مصنف ، شاعر اور سیاست دان اور ابو الحجاج یوسف کا وزیر، بہت سی کتب مثلاً الاحاطۃ فی تأریخ غرناطۃ وغیرہ کا مصنف.	۱	۵۰۱
* **ابن خلدون** :	دو عرب مؤرخ : (۱) عبدالرحمن (ابو زید) الملقب بہ ولی الدین (۷۳۲ھ/ ۱۳۳۲ء تا ۸۰۷ھ/۱۴۰۶ء) ، اندلس کا نامور عالم ، فقیہ ، لغوی ، نجومی ، محدث اور مؤرخ اور کتاب العبر و مقدمۃ وغیرہ کا مصنف : (۲) یحیی ابو زکریا (نواح ۷۳۳ھ/۱۳۳۳ء تا ۷۸۰ھ/۱۳۷۸ء) ، سابق الذکر کا بھائی اور چند کتب مثلاً بغیۃ الرواد وغیرہ کا مصنف.	۱	۵۰۳
* **ابن خَلِّکان** :	شمس الدّین ابو العباس احمد بن محمد بن ابراھیم ابن خلکان البرمکی الاربلی الشافعی (۶۰۸ھ/۱۲۱۱ء تا ۶۸۱ھ/۱۲۸۲ء) ، ایک مشہور تذکرہ نگار اور وفیات الاعیان کا مصنف.	۲	۵۰۸
* **ابن داود** :	ابوبکر محمد (۲۵۵ھ/۸۶۸ء تا ۲۹۷ھ تا ۸۸۴ء) ، فقۂ ظاھری کے بانی داود ابن علی الاصفہانی کا بیٹا، فقیہ، جامع اشعار، شاعر اور مصنف کتاب الزھرۃ وغیرہ.	۱	۵۱۰
* **ابن دُرَید** :	ابوبکر محمد بن الحسن بن عتاھیۃ الازدی (۲۲۳ھ/۸۳۷ء تا ۳۲۱ھ/۹۳۳ء)، عرب لغوی ، ادیب ، نقاد اور کتاب الجمہرۃ فی علم اللغۃ اور کتاب الاشتقاق وغیرہ کا مصنف.	۱	۵۱۳
* **ابن دُقْماق** :	صارم الدین ابراھیم بن محمد المصری ، حنفی مؤرخ ، تذکرہ نگار اور متعدد کتب کا مصنف (م ۸۰۹ھ/۱۴۰۶ء).	۲	۵۱۴
* **ابن الدُّمَیْنَۃ** :	عبداللہ بن عبداللہ بن احمد ابو السری ، عہد ھارون الرشید کا عرب شاعر (م نواح ۱۳۰ھ/۷۴۷ء).	۲	۵۱۵
* **ابن الدَّیبع** :	ابو عبداللہ، عبدالرحمن بن علی بن یوسف الدَّیْبَع، وجیہ الدین الشیبانی الزبیدی (۸۶۶ھ/۱۴۶۱ تا ۹۴۴ھ/۱۵۳۷ء) ، عرب مؤرخ ، محدث اور مصنف.	۱	۵۱۶
* **ابن دَیْصان** :	(۱۵۴ھ/۷۷۰ء تا ۲۲۲ھ/۸۳۶ء)، اشکانی(Parthian) نسل کا شامی عیسائی فلسفی اور نجومی.	۲	۵۱۷

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
* **ابن رائق** :	ابوبکر محمد ابن رائق، عباسی خلیفہ الراضی کے عہد میں واسط اور بصرے کا والی اور بعد ازاں بغداد کا امیر الامراء (م ۳۳۰ھ/۹۴۲ء).	۲ ۵۱۸
* **ابن الرَّاوندی** :	(یا الرِّیْوندی) ابو الحسین بن یحیی بن اسحٰق ابن الراوندی، تیسری صدی ہجری کا معتزلی اور بعد ازاں ملحد ادیب اور چند کتب کا مصنف.	۲ ۵۱۹
* **ابن رجب** :	زَیْنُ الدّین (و جمال الدین) ابو الفرج عبدالرحمن بن شہاب الدّین ابو العباس احمد بن رجب السّلامی البغدادی ثم الدمشقی الحنبلی (۷۳۶ھ/۱۳۰۶ء تا ۷۹۵ھ/۱۳۹۲ء)، مشہور عرب مؤرخ، تذکرہ نگار اور ذیل علی طبقات الحنابلۃ وغیرہ کا مصنف.	۱ ۵۲۱
* **ابن رِجل** :	(Abenregal)، رکّ بہ ابن ابی الرجال.	۱ ۵۲۳
* **ابن رستہ** :	ابو علی احمد بن عمر، ایرانی الاصل عربی عالم، جغرافیہ نگار اور مصنف الاملاق النفیسۃ وغیرہ (م نواح ۳۱۰ھ/۹۲۲ء).	۱ ۵۲۳
* **ابن رشد** :	(Averros)، ابو الولید محمد بن احمد بن محمد بن رشد (۵۲۰ھ/۱۱۲۶ء تا ۵۹۵ھ/۱۱۹۸ء)، اندلس کا سب سے بڑا عرب فلسفی، تہافت التہافت اور دیگر کتب کا مصنف اور ارسطو کے متعدد رسائل کا شارح.	۱ ۵۲۳
* **ابن رشید** :	نجد میں وہابی حکمرانوں (شیخ الحدیث) کا نام : (۱) عبداللہ بن علی الرشید، اس خاندان کا بانی فرمانروا (از ۱۲۵۰ھ/۱۸۳۵ء تا ۱۲۶۳ھ/۱۸۴۷ء)؛ (۲) طلال بن عبداللہ، سابق الذکر کا بیٹا (از ۱۲۶۳ھ/۱۸۴۷ء تا ۱۲۸۳ھ/۱۸۶۷ء)؛ (۳) متعب، سابق الذکر کا بھائی (از ۱۲۸۳ھ/۱۸۶۷ء تا ۱۲۸۵ھ/۱۸۶۹ء)؛ (۴) بندر غاصب، شمارہ (۲) کا بیٹا (از ۱۲۸۶ھ/۱۸۶۹ء تا ۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ء)؛ (۵) محمد بن عبداللہ بن رشید، شمارہ (۱) کا بیٹا اور اس خاندان کا طلال کے بعد سب سے طاقتور حکمران (از ۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ء تا ۱۳۱۵ھ/۱۸۹۷ء)؛ (۶) عبدالعزیز بن متعب (از ۱۳۱۵ھ/۱۸۹۷ء تا ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ء)؛ (۷) متعب بن عبدالعزیز، ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶-۱۹۰۷ء میں چند ماہ کے لیے حکمران؛ (۸) سلطان بن حمود، شمارہ (۱) کے چھوٹے بھائی عبید کا پوتا، ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۶ میں چند ماہ کے لیے حکمران؛ (۹) سعود بن حمود، ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء میں چند روزہ حکمران؛ (۱۰) سعود بن عبدالعزیز، شمارہ (۶) کا بیٹا (از ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء تا ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۳ء یا ۱۳۳۸ء/۱۹۱۹ء).	۲ ۵۳۰
* **ابن رشیق** :	ابو علی الحسن الازدی (۳۸۵ھ/۹۹۵ھ یا ۳۹۰ھ/۱۰۰۰ء تا ۴۵۶ھ/۱۰۶۴ء یا ۴۶۳ھ/۱۰۷۱ء)، فاطمی خلیفہ المعز کا درباری شاعر، مؤرخ، لغوی اور العمدۃ کا مصنف.	۲ ۵۳۴

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	صفحہ	عمود
* ابن رُوح : ابو القاسم الحسین بن روح بن بحر البَیبی النَّوبختی ، فرقۂ اثنا عشریۃ کے امام منتظر کی غیبت صغری (۲۶۴ھ/۸۷۸ء تا ۳۳۴ھ/۹۴۵ء) میں ان کے نائب ثالث (م ۳۲۶ھ/۹۳۷ء یا ۳۲۹ھ/۹۴۰ء) .	۵۳۵	۱
⊛ ابن الرُّومی : ابو الحسن علی بن العباس بن جُریج (۲۲۱ھ/۸۳۶ء تا ۲۸۳ھ/۸۹۶ء) ، بغداد کا مشہور عرب شاعر .	۵۳۶	۱
* ابن زُبیرؓ : رک بہ عبداللہؓ بن زبیرؓ .	۵۳۸	۲
* ابن زِرقالۃ : دیکھیے آلؔ ، لائیڈن ، طبع دوم ، بذیل الرزکلی .	۵۳۸	۲
* ابن زُہْر : اندلسی علماء کا خاندان : (۱) ابوبکر محمد بن مروان بن زُہر ، اندلس کا متقی عالم اور فقیہ (م ۴۲۱ھ/۱۰۳۰ء) ؛ (۲) ابو مروان عبدالملک ، سابق الذکر کا بیٹا ، طبیب اور فقیہ ؛ (۳) ابوالعلاء زہر ، شمارہ (۲) کا بیٹا ، اندلس کا مشہور طبیب ، مجربات الخواص وغیرہ کا مصنف اور یوسف بن تاشفین کا وزیر (م ۵۲۵ھ/۱۱۳۰ء) ؛ (۴) ابو مروان عبدالملک ، سابق الذکر کا بیٹا ، کتاب الاقتصاد فی اصلاح الانفس و الاجساد اور کتاب التیسیر کا مصنف اور عبدالمؤمن (المرابطی) کا وزیر (م ۵۵۷ھ/۱۱۶۱ء) ؛ (۵) ابوبکر محمد المعروف بہ الحفید ، سابق الذکر کا بیٹا ، اندلس کا ممتاز طبیب ، طب العیون اور التریاق الخمسین کا مصنف (م ۵۱۵ھ/۱۱۹۸ء) ؛ (۶) ابو محمد عبداللہ بن الحفید (۵۷۷ھ/۱۱۸۱ء تا ۶۰۲ھ/۱۲۰۵ء) ، بلند پایہ طبیب .	۵۳۸	۲
* ابن زَیْدُون : ابو الولید احمد بن عبداللہ بن احمد بن غالب بن زیدون (۳۹۴ھ/۱۰۰۳ء تا ۴۶۳ھ/۱۰۷۱ء) ، اندلس کا مشہور عرب شاعر .	۵۴۲	۱
* ابن الساعاتی : (۱) فخر الدین رضوان (یا رُضوان) بن محمد بن علی بن رستم الخراسانی ، طب ، ادب ، منطق و فلسفہ اور گھڑی سازی کا ماہر ، صاحب دیوان شاعر ، حواشی علی القانون لابی سینا وغیرہ کا مصنف (م ۶۲۷ھ/۱۲۳۰ء) ؛ (۲) بہاء الدین ابو الحسن علی ، سابق الذکر کا بھائی ، مشہور شاعر (م ۶۰۳ھ/۱۲۰۷ء) ؛ (۳) مظفر الدین احمد بن علی البغدادی ، فقیہ ، مصنف مجمع البحرین و ملتقی النیرین (م ۶۹۴ھ/۱۲۹۵ء) .	۵۴۳	۲
* ابن سَبْعِین : ابو محمد عبدالحق بن ابراہیم الاشبیلی ، عرب فلسفی اور ایک صوفی برادری کا بانی (م ۶۶۸ھ/۱۲۶۹ء) .	۵۴۴	۲
* ابن سَرَایا : رک بہ الحِلّی .	۵۴۴	۲
* ابن السراج : محمد بن علی بن عبدالرحمٰن القرشی الدمشقی ، عرب صوفی اور مصنف (حیات ۷۱۴ھ/۱۳۱۴ء) .	۵۴۴	۲
* آل ابن السَّرَّاج : رک بہ السراج ، بنو (در آلؔ ، لائڈن ، طبع دوم) .	۵۴۵	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ عمود
* ابن سُرَیْج	: ابو العباس احمد بن عمر بن سریج البغدادی ، شافعی امام اور تقریباً چار سو تصانیف کے مصنف (م ۳۰۶ھ/۹۱۸ء) .	۱ ۵۴۵
* ابن سُرَیج	: عبیداللہ ابو یحیی ، اموی عہد کا مغنی اور نقش بند ، نیز مرثیہ گو (م بعہد خلیفہ ہشام : ۱۰۵ھ/۷۲۴ء تا ۱۲۵ھ/۷۴۳ء) .	۲ ۵۴۵
* ابن سَعْد	: ابو عبداللہ محمد بن سعد البصری الزہری المعروف بہ کاتب الواقدی (۱۶۸ھ/ ۷۸۴ء تا ۲۳۰ھ/۸۴۵ء) ، مشہور محدث ، مؤرخ ، تذکرہ نگار اور مصنف کتاب الطبقات الکبیر وغیرہ .	۲ ۵۴۵
* ابن سَعُود	: درعیۃ اور ریاض کے وہابی حکمران خاندان کا نام : (۱) محمد بن سعود ، بانی خاندان (از ۱۱۴۸ھ / ۱۷۳۵ء (؟) تا ۱۱۸۰ھ/۱۷۶۶ء) ؛ (۲) عبدالعزیز بن محمد بن سعود ، سابق الذکر کا بیٹا (از ۱۱۷۹ھ/۱۷۶۶ء تا ۱۲۱۸ھ/۱۸۰۳ء) ؛ (۳) سعود بن عبدالعزیز ، سابق الذکر کا بیٹا (از ۱۲۱۸ھ/۱۸۰۳ء تا ۱۲۲۹ھ/۱۸۱۴ء) ؛ (۴) عبداللہ بن سعود (از ۱۲۲۹ھ/۱۸۱۴ء تا ۱۲۳۳ھ/۱۸۱۸ء) ؛ (۵) مشاری بن سعود (از ۱۲۳۳ھ/۱۸۱۸ء تا ۱۲۳۵ھ/۱۸۲۰ء) ؛ (۶) ترکی بن عبداللہ بن محمد بن سعود (از ۱۲۳۵ھ/۱۸۲۰ء تا ۱۲۴۹ھ/۱۸۳۴ء) ؛ (۷) مشاری بن عبدالرحمن بن مشاری بن حسن بن مشاری بن سعود ، ۱۲۴۹ھ/۱۸۳۴ء میں چند ماہ کے لیے حکمران ؛ (۸) فیصل بن ترکی (پہلا دور حکومت از ۱۲۴۹ھ/۱۸۳۴ء تا ۱۲۵۵ھ/۱۸۳۹ء) ؛ (۹) خالد بن سعود (از ۱۲۵۵ھ/۱۸۳۹ء تا ۱۲۵۷ھ/۱۸۴۱ء) ؛ (۱۰) عبداللہ بن ثنیان بن سعود (از ۱۲۵۷ھ/۱۸۴۲ء تا ۱۲۵۹ھ/۱۸۴۳ء) ؛ (۱۱) فیصل بن ترکی ، شمارہ ۸ (دوسرا دور حکومت از ۱۲۵۹ھ/۱۸۲۳ء تا ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۵ء) ؛ (۱۲) عبداللہ بن فیصل بن ترکی (پہلا دور حکومت ۱۲۸۲ھ/۲۸۱۵ تا ۱۲۸۷ھ/۱۸۷۱ء) ؛ (۱۳) سعود بن فیصل بن ترکی (از ۱۲۸۷ھ/۱۸۷۱ء تا ۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴ء) ؛ (۱۴) عبداللہ بن فیصل بن ترکی ، شمارہ ۱۲ (دوسرا دور حکومت از ۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴ء تا ۱۳۰۱ھ/۱۸۸۴ء) ؛ (۱۵) محمد بن سعود ، ۱۳۰۶ھ/۱۸۸۸ء میں چند ماہ کے لیے حکمران ؛ (۱۶) عبدالرحمن بن فیصل ، سابق الذکر کا چچا اور چند روزہ حکمران ؛ (۱۷) عبداللہ بن فیصل ، شمارہ ۱۲ و ۱۴ (تیسرا عہد حکومت ۱۳۰۵ھ/۱۸۸۷ء تا ۱۳۰۶ھ/۱۸۸۸ء) ؛ (۱۸) محمد بن فیصل (از ۱۳۱۰ھ/۱۸۹۲ء) ؛ (۱۹) عبدالعزیز بن عبدالرحمن بن فیصل (۱۲۹۷ھ/ ۱۸۸۰ء تا ۱۳۷۳ھ/۱۹۵۳ء ، عہد حکومت از ۱۹۰۲ء ، بادشاہ حجاز از ۱۹۲۶ء) ؛	

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	(۲۰) سعود بن عبدالعزیز (پیدائش ۱۹۰۵ء، تخت نشینی ۱۳۷۳ھ/ ۱۹۵۳ء).		
* ابن سَعید :	ابو الحسن نور الدین علی بن موسی المغربی، عرب ماہر لسانیات اور المُغرب فی حل المَغرِب اور المرقصات و المطربات کا مصنف (م ۶۷۳ھ/ ۱۲۷۶ء).	۲	۵۴۶
*⊗ ابن السِّکّیت :	ابو یوسف یعقوب بن اسحق السّکّیت، مشہور عرب صوفی، نحوی اور مصنف اصلاح المنطق وغیرہ (م نواح ۲۴۴ھ/۸۵۸ء).	۱	۵۵۵
* ابن السنی :	ابوبکر احمد بن محمد بن اسحاق الدینوری الشافعی، مشہور عالم حدیث اور مصنف عمل الیوم و اللیلة وغیرہ (م ۳۶۴ھ/۹۷۴ء).	۲	۵۵۵
* ابن سِیْدَہ :	ابو الحسن بن اسماعیل یا احمد بن محمد بن سیدة، اندلس کا لغوی، ادیب اور منطقی (م ۴۵۸ھ/۱۰۶۶ء).	۱	۵۵۸
* ابن سِیرِین :	ابوبکر محمد، مشہور تابعی محدث اور تعبیر رویا میں حجت (م ۱۱۰ھ/ ۷۲۹ء).	۲	۵۵۸
*⊗ ابن سینا :	(Avicenna)، ابو علی الحسین ابن عبداللہ، شیخ الرئیس، نامور عرب فلسفی، طبیب، ریاضی دان اور دنیائے اسلام کا شہرۂ آفاق سائنس دان اور الشفا، الاشارات و التنبیہات، حکمت علائی، الہدایة، القانون فی الطب وغیرہ کا مصنف (م ۴۲۸ھ/۱۰۳۷ء).	۲	۵۵۹
* ابن سید النّاس :	فتح الدین ابو الفتح محمد الیعمری (۶۶۱ھ/۱۲۶۳ء یا ۶۷۱ھ/ ۱۲۷۳ء تا ۷۳۴ھ/۱۳۳۴ء)، مشہور اندلسی عرب سوانح نگار اور عیون الأثر وغیرہ کا مصنف.	۱	۵۶۰
* ابن شاکر :	صلاح (یا فخر) الدین محمد بن شاکر الحلبی، عرب مؤرخ، سوانح نگار اور مصنف فوات الوفیات (م ۷۶۴ھ/۱۳۶۳ء).	۱	۵۷۶
* ابن شداد :	بہاء الدین ابو المحاسن یوسف بن رافع، عرب سوانح نگار، سلطان صلاح الدین کا قاضی العسکر اور مصنف سیرة السلطان الملک الناصر (م ۶۳۲ھ/۱۲۳۴ء).	۲	۵۷۶
* ابن شدّاد :	عز الدین ابو عبداللہ محمد الحلبی، عرب مؤرخ، مصنف الاعلاق (م ۶۸۴ھ/ ۱۲۸۵ء).	۱	۵۷۷
* ابن صَدَقہ :	تین وزیر : (۱) جلال الدین عمید الدولة ابو علی الحسن بن علی، عباسی خلیفہ المسترشد کا وزیر (م ۵۲۲ھ/۱۱۲۸ء) : (۲) جلال الدین ابو الرضا محمد بن احمد، خلیفہ الراشد باللہ کا وزیر (م ۵۵۶ھ/ ۱۱۶۰ - ۱۱۶۱ء) : (۳) مؤتمن الدولة ابو القاسم علی، خلیفہ المقتضی کا وزیر.	۲	۵۷۷
⊗ ابن الصلاح :	شیخ الاسلام تقی الدین ابو عمرو عثمان بن صلاح الدین بن عبدالرحمن	۱	۵۷۸

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	الکردی الموصلی الشہرزوری الشافعی (۵۷۷ھ/۱۱۸۱ء تا ۶۴۳ھ/ ۱۲۴۵ء)، نامور عرب محدث ، فقیہ اور مصنف المقدمۃ فی علوم الحدیث وغیرہ .	۱	۵۷۹
* ⊗ ابن طفیل :	(Ababacer)، ابوبکر (و ابو جعفر) محمد بن عبدالملک بن محمد طفیل القیسی، اسلامی اندلس کا نامور عرب فلسفی ، شاہی طبیب ، کاتب اور رسالہ حیّ بن یقطان کا مصنف (حیات ۵۷۸ھ/۱۱۸۱ء) .	۲	۵۸۰
* ابن الطِقْطَقَی :	جلال الدین (و صفی الدین) ابو جعفر محمد بن تاج الدین ، ایک شیعی مؤرخ ، نقیب اور مصنف کتاب الفخری وغیرہ (م ۷۰۹ھ/۱۳۰۹ء یا ۷۰۲ھ/۱۳۰۲ء) .	۱	۵۸۵
* ابن ظَفَر :	جحۃ الدین (وشمس الدین) ابوعبداللہ (وابو ہاشم و ابو جعفر) محمد بن عبداللہ بن محمد بن ابی محمد الصقلی ، اندلسی عرب عالم ، ادیب اور مصنف سُلوان المطاع فی عدوان الاتباع (م ۵۶۵ھ/۱۱۶۹ء) .	۲	۵۸۶
* ابن عاصِم :	ابوبکر محمد بن محمد بن عاصم ، معروف مالکی فقیہ ، نحوی اور مصنف تحفۃ الحکام وغیرہ (م ۸۲۹ھ/۱۴۲۶ء) .	۱	۸۵۷
* ابن عَبّاد :	ابو عبداللہ محمد بن ابی اسحاق ابراہیم . . . . بن عباد النّفزی الحِمْیَری الرندی ، فقیہ ، صوفی ، شاعر ، خطیب اور مصنف (م ۷۹۲ھ/۱۳۹۰ء).	۲	۵۸۷
* ابن عَبّاد :	ابو القاسم ، کافی الکُفاۃ اسماعیل بن عباد الطالقانی (۳۲۶ھ/۹۳۸ء تا ۳۸۵ھ/ ۹۹۵ء) ، موید الدولۃ بن رکن الدولۃ بویہی کا وزیر ، نامور عالم ادیب اور مصنف المحیط باللغۃ وغیرہ (م ۳۸۵ھ/۹۹۵ء) .	۲	۵۸۸
* ابن عبدالحکیم :	عبدالرحمن بن عبداللہ بن عبدالحکم بن اعین ابو القاسم ، مصر کا قدیم ترین عرب مؤرخ ، مصنف فتوح مصر (م ۲۵۷ھ/۸۷۱ء) .	۲	۵۹۳
* ابن عبدِرَبِہ :	ابو عمر (عمرو) احمد بن ابی عمر محمد بن عبدربہ ، مشہور اندلسی شاعر ، ادیب اور مصنف العقد الفرید وغیرہ (م ۳۲۸ھ/۹۴۰) .	۱	۵۹۵
* ابن عبدالظاہِر :	محی الدین ابو الفضل عبداللہ بن رشید الدین ابو محمد عبدالظاہر بن نشوان السعدی الرّوحی (۶۲۰ھ/۱۲۲۳ء تا ۶۹۲ھ/۱۲۹۳ء) ، مصر کے عہد ممالیک کا ایک اہم وقائع نگار اور صاحب دیوان انشا .	۲	۵۹۶
* ابن عَبْدُون :	ابو محمد عبدالحمید الفہری ، اندلس کا عرب شاعر (م ۵۲۹ھ/۱۱۳۴ء) .	۲	۵۹۷
⊗ ابن عبدالوَہّاب :	رک بہ محمد بن عبدالوہاب .	۲	۵۹۸
⊗ ابن العِبری :	(Barhebraeus) ، گریگوریوس یوحنا ابو الفرج بن اہرون (ہارون) بن توما (۶۲۳ھ/۱۲۲۶ء تا ۶۸۵ھ/۱۲۸۶ء) ، عیسائی عرب طبیب ، مؤرخ اور مصنف تأریخ مختصر الدول .	۲	۵۹۸

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* ابن العَجَرّد :	عبدالکریم ، دوسری صدی ہجری/آٹھویں صدی عیسوی میں خوارج کا ایک سرگروہ اور فرقۂ عجاردۃ کا بانی .	۲ ۵۹۹	
*⊗ ابن العَدیم :	کمال الدین ابو حفص (و ابو القاسم) عمر بن احمد . . . بن ابی جرادۃ بن العدیم العقیلی (۵۸۸ھ/۱۱۹۲ء تا ۶۶۰ھ/۱۲۶۲ء) ، معلم ، محدث ، مؤرخ ، قاضی ، آخری ایوبی فرمانرواؤں کا وزیر اور مصنف بغیۃ الطلب فی تأریخ حلب وغیرہ .	۱ ۶۰۰	
* ابن العذاری :	(ابن عَذاری) ابو عبداللہ محمد (یا احمد) بن محمد المراکشی، المغرب اور اندلس کا ایک عرب مؤرخ اور مصنف البیان المُغرب فی اخبار المَغرِب (حیات ۶۹۵ھ/۱۲۹۵ء) .	۱ ۶۰۳	
* ابن عَرب شاہ :	احمد بن محمد بن عبداللہ الدمشقی الحنفی العجمی (۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء تا ۸۵۴ھ/۱۴۵۰ء) ، عربی ، ترکی ، فارسی اور مغولی زبانوں کا ماہر ، عثمانی سلطان محمد اول بن بایزید کا معتمد خاص اور کاتب ، متعدد کتب کا مترجم اور مصنف عجائب المقدور فی نوائب تیمور و فاکہۃ الخلفاء و مفاکہۃ الظرفاء وغیرہ .	۲ ۶۰۳	
* ابن العَرَبی :	ابوبکر محمد بن عبداللہ اندلسی (۴۶۸ھ/۱۰۷۵ء تا ۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء) ، محدث اور مصنف احکام القرآن وغیرہ .	۱ ۶۰۵	
⊗ ابن العربی :	(ابن عربی) ، شیخ ابوبکر محی الدین محمد ابن علی ، الشیخ الاکبر (۵۶۰ھ/۱۱۶۵ء تا ۶۳۸ھ/۱۲۴۰ء) ، اسلامی دنیا کے مشہور عالم ، صوفی ، فلسفی ، محدث ، مفسر ، ادیب ، شاعر اور کثیر التعداد تصانیف مثلاً فتوحات مکیہ ، فصوص الحکم وغیرہ کے مصنف .	۲ ۶۰۵	
⊗ ابن عَساکر :	متعدد عرب مصنفین کا نام ، مثلاً: (۱) علی بن الحسن بن ہبۃ اللہ ابوالقاسم ثقۃ الدین الشافعی (۴۹۹ھ/۱۱۰۵ء تا ۵۷۱ھ/۱۱۷۶ء) ، مشہور شافعی عالم ، مؤرخ اور مصنف تأریخ مدینۃ دمشق ؛ (۲) القاسم (۵۲۷ھ/ ۱۱۳۲ء تا ۶۰۰ھ/۱۲۰۳ء) ، سابق الذکر کا بیٹا اور مصنف الجامع المستقصی فی فضائل المسجد الاقصی .	۱ ۶۱۳	
* ابن العَسّال :	اوائل تیرھویں صدی عیسوی کے تین قبطی بھائی : (۱) الفاضل الحکیم الاسعد ابو الفرج ہبۃ اللہ ، الکاتب المصری ، مشہور نحوی اور مفسر ؛ (۲) الصفی ابو الفضائل اسعد ، ماہر قوانین کلیسا اور مصنف ؛ (۳) مؤتمن الدولۃ ابو اسحٰق المسیحی ، مصنف سُلّم (قبطی عربی فرہنگ) .	۱ ۶۱۴	
* ابن عَسکر :	محمد بن علی بن عمر بن حسین بن مصباح المراکشی ، فاس کے حسنی شریف کا قاضی القضاۃ ، سیّاح اور مصنف دوحۃ الناشر لمحاسن من کان من المغرب		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	من اهل القرن العاشر (م ۹۸۶ھ/۱۵۷۸ء) .	۶۱۵	۲
* ابن عطاء اللہ	: احمد بن محمد ابو الفضل تاج الدین الاسکندری الشاذلی ، عرب صوفی ، ابن تیمیہ کا شدید مخالف اور مصنف الحکم العطائیۃ وغیرہ (م ۷۰۹ھ/ ۱۳۰۹ء) .	۶۱۶	۱
⊗ ابن العَلقمی	: مؤید الدین ابو طالب محمد بن احمد بن محمد الاسدی البغدادی (۵۹۳ھ/ ۱۱۹۷ء تا ۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء) ، بنو عباس کے آخری خلیفہ کا شیعی وزیر .	۶۱۷	۱
* ابن عَمّار	: ابوبکر محمد عصامی ، اندلسی عرب شاعر اور اشبیلیہ کے امیر المعتمد کا وزیر (م ۴۷۹ھ/۱۰۸۶ء) .	۶۱۸	۲
* ابن العَمّار	: (۱) امین الدولہ ابو طالب الحسن ، پانچویں صدی ہجری کے وسط میں طرابلس کا حکمران ؛ (۲) فخر الملک ابو علی عمار بن محمد ، طرابلس کا حکمران (از ۴۹۲ تا ۴۹۸ھ) ، بعد ازاں موصل کے امیر مسعود کا وزیر (تا ۵۱۲ھ/۱۱۱۸ء) .	۶۱۹	۲
* ابن العمید	: دو وزیر : (۱) ابو الفضل محمد بن ابی عبداللہ الحسین بن محمد ، دیلم کے زیدی شیعہ ابو علی الحسن رکن الدولۃ بویہی کا وزیر (از ۳۲۸ھ/ ۹۴۰ء) ، سیاستدان ، ماہر حرب ، عالم ، ادیب اور فن انشا کا بانی ، شاعر اور مصنف (م ۳۶۰ھ/ ۹۷۰ء) ؛ (۲) ابو الفتح علی بن محمد بن الحسین ، مقدم الذکر کا بیٹا (۳۳۷ھ/۹۴۸ء تا ۳۶۶ھ/۹۷۷ء)، بویہی فرمانرواؤں رکن الدولۃ اور مؤید الدولۃ کا وزیر .	۶۲۰	۲
* جَفْر	: مخفی معانی کی مدد سے آنے والے واقعات جاننے کا ایک عددی علم .	۳۱۰	۲
* الجُفْرَۃ	: صحرائے لیبیا میں ضلع سرتہ اور فزّان کے درمیان تین نخلستانوں پر مشتمل ایک نشیبی علاقہ.	۳۱۴	۲
* جک	: رک بہ شاہ طاغ.	۳۱۶	۱
* جَکارتا	: (جاکَرتا)، جاوا کے شمالی ساحل پر انڈونیشیا کا دارالحکومت اور اس کا سب سے بڑا شہر.	۳۱۶	۱
* جَلائر، جَلائِری	: رک بہ (۱) جَلایر؛ (۲) جَلایری.	۳۱۸	۱
* جَلالؔ آباد	: جمہوریۂ اشتراکیۂ روس کی ریاست قیرغیز میں اسی نام کے خطے کا ایک بہت بڑا شہر اور انتظامی مرکز.	۳۱۸	۱
* جَلال آباد	: رک بہ افغانستان.	۳۱۸	۲
* جَلال الدّولۃ	: مختلف سلاطین بالخصوص آل بویہ، نیز محمد غزنوی و نصر مِرداسی کا اعزازی لقب.	۳۱۸	۲
* جَلال الدّولۃ	: ابو طاہر بن بہاء الدولہ (۳۸۳ھ/۹۹۳-۹۹۴ء تا ۴۳۵ھ/۱۰۴۴ء)، بغداد میں عباسی خلفا کا ایک امیر الامراء (از ۴۰۳ھ/۱۰۱۲ء).	۳۱۸	۲
* جَلال الدین اَحسن (شریف)	: پنجاب کے علاقے کیتھل کا رہنے والا اور مدورا کا پہلا سلطان (م ۷۴۰ھ/۱۳۳۹-۱۳۴۰ء).	۳۲۰	۱
* جَلال‌الدین حسین البخُاری[ز]	: المعروف بہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت[ز] (۷۰۷ھ/۱۳۰۷-۱۳۰۸ء تا ۷۸۵ھ/۱۳۸۴ء)، برعظیم پاک و ہند کے ایک نامور صوفی بزرگ.	۳۲۰	۲
* جلال (الدین) حسین چلپی	: ایک قدیم معروف ترکی شاعر (م۹۷۸ھ/۱۵۷۱ء).	۳۲۲	۱
* جلال الدین خلجی	: رِک بہ خلجی.	۳۲۲	۲
* جلال الدین خوارزم شاہ	: منگبرتی، سلطان محمد خوارزم شاہ کا بڑا بیٹا اور اس خاندان کا آخری حکمران (م ۶۲۸ھ/۱۲۳۱ء).	۳۲۲	۲
⊛* جلال الدین (رومی[ز])	: مولوی و مولانا روم (م ۶۰۴ھ/۱۲۰۷ء تا ۶۷۲ھ/۱۲۷۳ء)، قونیہ کے نامور صوفی عالم، شہرۂ آفاق شاعر اور مصنف مثنوی معنوی.	۳۲۴	۱
* جلال الدین عارف	: (۱۸۷۵ تا ۱۹۳۰ء)، ایک ترک وکیل اور مدبر، اتاترک کی کابینہ میں وزیر انصاف.	۳۲۹	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* جلال الدین منگبرتی	(منکوبرتی)، رک به جلال الدین خوارزم شاه.	۳۲۹	۲
* جلال رجائی زاده	رک به رجائی زاده.	۳۲۹	۲
* جلال زاده صالح چلبی	ایک عثمانی عالم، مؤرخ، شاعر اور مصنف تاریخ مصر جدید وغیره (م ۹۷۳ھ/۱۵۶۵ء).	۳۲۹	۲
* جلال زاده مصطفی چلبی	مشهور به قوچه نشانچی (نواح ۸۹۶ھ/۱۴۹۰ء تا ۹۷۵ھ/۱۵۶۷ء)، سلطنت عثمانیه کا ایک سرکاری عهدے دار، مؤرخ اور مصنف مواهب الخلاق وغیره.	۳۳۰	۲
⊗ جَلال شاه[۲۷]	بنگله دیش کے ایک قدیم اورمقتدر بزرگ صوفی، مجاهد اور مبلغ (م ۷۴۰ھ/۱۳۴۰ء).	۳۳۲	۱
* جَلال نُوری	رک به الری، جلال نوری.	۳۳۶	۲
* جَلالی (تاریخ جلالی)	سنوات کے ایک نظام، نیز ایک تقویم (زیج) کا نام.	۳۳۶	۲
* جلالی	رک به تکمله، آ آ، لائڈن.	۳۴۱	۲
* جلایر	(جلائر)، جلایریه (جلائریه)، وسطی ایشیا کا ایک مغول قبیله.	۳۴۱	۲
* جلد	دور قدیم میں بطور کاغذ استعمال هونے والا چرمی ورق.	۳۴۴	۲
* الجِلدقی	رک به تکمله، آ آ، لائڈن.	۳۴۶	۲
* جُلف	سینیگال میں تیرهویں سے سولهویں صدی عیسوی تک قائم رهنے والی ایک ریاست.	۳۴۶	۲
* جُلْفَه	رک به اصفهان.	۳۴۹	۱
* جِلّاب	(جلابه، جلابیه)، المغرب میں سب سے اوپر پهنا جانے والا لباس.	۳۴۹	۱
* جِلّق	زمانه جاهلیت میں پانی کی فراوانی اور گهنے باغوں کے لیے مشهور ایک مقام.	۳۵۰	۱
* جلیقیه	(Galicia)، جزیره نمائے آئبیریا کا سابق شمال مغربی خطه، اب سپین کے چار صوبوں کا مجموعه، رک به چلمرک.	۳۵۲	۱
* جُلمرگ	رک به چلمرک.	۳۵۳	۲
* الجُلَندی	(الجُلنْدی) بن مسعود بن جعفر بن الجلندی، عمان میں بنو ازد کے اباضیه فرقے کا سردار (م ۱۳۴ھ/۷۵۲ء).	۳۵۳	۲
* جَلوه	عروس کی رسم نقاب کشائی، نیز نوشه کی طرف سے دلهن کو پیش کیا جانے والا تحفه.	۳۵۴	۱
* جِلوتیه	سقوطری کے شیخ عزیز محمود کا بنا کرده طریقۂ تصوف.	۳۵۴	۲
* جُلوس	رک به (۱) خلافة؛ (۲) سلطان؛ (۳) تقلیدِ سیف؛ (۴) تاریخ.	۳۵۶	۲
* جَلولاء	عراق (ارض بابل) کا ایک شهر اور حلقه شاذ قبّاذ کے ایک ضلع (تسوج) کا صدر مقام.	۳۵۶	۲
* جَلیلی	موصل کا ایک حکمران خانواده (مابین ۱۱۳۹ھ/۱۷۲۶ء و ۱۲۵۰ھ/۱۸۳۴ء).	۳۵۷	۲
* جم	رک به فیروز کوه.	۳۵۸	۲
* جم	شهزاده (۸۶۴ھ/۱۴۵۹ء تا ۹۰۰ھ/۱۴۹۵ء)، سلطان محمود ثانی کا فرزند اور سلطان بایزید کا بهائی.	۳۵۸	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان اشارات	صفحہ	عمود
* **جُمادٰی** : (جُمادی الاُولٰی و جمادَی الآخرة)، رک به تاریخ.	۳۶۳	۲
⊗ **جَماعَة** : گروہ، مجتمع افراد، نیز نماز باجماعت کے معنوں میں ایک معروف لسانی و فقہی اصطلاح.	۳۶۳	۲
* **جَمال** : رک به علم ، علم الجمال.	۳۶۸	۱
* **جَمال پاشا** : احمد جمال (۱۸۷۲ تا ۱۹۲۲ء)، ترکی سالار عسکر اور سیاست دان.	۳۶۸	۱
* **جمال الحُسینی** : امیر جمال الدین عطاءالله الحسینی الدشتکی الشیرازی، ایک ایرانی عالم دین، مؤرخ اور سیرة النبی ؐ اور سوانح اهل بیت پر چند کتابوں کا مصنف (م ۹۲۶ھ/۱۵۲۰ء).	۳۷۰	۲
* **جمال الدین آق سرائی** : ایک ترکی فلسفی اور متکلم اور مصنف اخلاق جمالی (م ۷۹۱ھ/ ۱۳۸۹ء).	۳۷۱	۱
⊗ **جمال الدین افغانی** [7] : سید محمد بن صفدر (۱۲۵۴ھ/۱۸۳۸-۱۸۳۹ء تا ۱۳۱۴ھ/۱۸۹۷ء)، تیرھویں صدی هجری / انیسویں صدی عیسوی میں حریت و اتحاد عالم اسلامی کے داعی، ممتاز مفکر، عالم اور متعدد سیاسی، علمی و فکری تحریکوں کے بانی.	۳۷۲	۱
* **جمال الدین افندی** : (۱۲۶۴ھ/۱۸۴۸ء تا ۱۳۳۷ھ/۱۹۱۹ء)، عثمانی شیخ الاسلام اور مصنف.	۳۸۱	۲
⊗ **جمال الدین محمود الاستادار** : مصر میں مملوک سلطان کے عهد میں استادار، یعنی شاهی محل اور شاهی مطبخ کا نگهبان اور مشهور مصری عمائد میں سے ایک (م ۷۹۹ھ/۱۳۹۷ء).	۳۸۱	۲
* **جمال الدین هانسوی** [7] : رک به هانسوی، جمال الدین.	۳۸۸	۱
* **جمالی** : حامد بن فضل الله دهلوی ، سیاح ، فارسی شاعر اور مصنف سیر العارفین وغیره (م ۹۴۲ھ/۱۵۳۶ء).	۳۸۸	۱
* **جمالی** : مولانا علاء الدین علی بن احمد بن محمد الجمالی سلطنت عثمانیه کا شیخ الاسلام (۹۰۸ھ/۱۵۰۲ء تا ۹۳۲ھ/۱۵۲۶ء).	۳۸۹	۱
* **جمالی افندی** : رک به جمالی، علاء الدین علی بن احمد.	۳۹۰	۲
* **جَمبلاط** : رک به جانبلاط.	۳۹۰	۲
* **جَمبُول** : رک به اولیا اتا.	۳۹۰	۲
* **جمبول جیبو** : ایک خانه بدوش اور ناخوانده مقبول عام قازخ شاعر (م ۱۹۴۵ء).	۳۹۰	۲
* **جِمت** : (ملائی : تعویز)، رک به حمائل.	۳۹۱	۱
* **الجُمَحی** : رک به محمد بن سلام.	۳۹۱	۲
* **جَمدار** : (فارسی : جامه دار، یعنی محافظ پوشاک)، هندوستان و مصر میں ایک فوجی عهدے دار.	۳۹۱	۲
* **الجَمرة** : (کنکری)، وادی مِنی میں دوران حج میں رمی کرنے کے تین مقامات.	۳۹۱	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* جمشید	: عوامی ادبی روایت کا ایرانی بطل.	۳۹۳	۱
⊗* الجَمْع	: ایک مختلف المعانی اصطلاح .	۳۹۵	۱
* الجُمعة	: قرآن مجید کی باسٹھویں سورت.	۳۹۷	۲
⊗ الجُمعة	: اسلامی تقویم میں ہفتے کا ساتواں اور آخری دن.	۳۹۸	۲
* جَمعِیة	: سترھویں/اٹھارھویں صدی عیسوی سے مختلف اسلامی ممالک میں منظم دینی و سیاسی جماعتوں اور اجتماعات کے لیے مستعمل اصطلاح.	۴۰۱	۲
* جمعیة علمیة عثمانیه	: منیف پاشا کی بنا کردہ عثمانی سائنٹیفک سوسائٹی.	۴۲۱	۲
* الجَمل	: (وَقعَة الجمل)، بصرے کے قریب ۳۶ھ/۶۵۶ء میں حضرت علیؓ اور حضرت عائشہؓ کے درمیان لڑی جانے والی جنگ.	۴۲۲	۱
* جِمّا	: جماککا، جما ابا جفار، جنوب مغربی حبشہ میں ایک ریاست.	۴۲۷	۲
* الجمّاز	: ابو عبداللہ محمد بن عمرو بن حماد بن عطاء بن یاسر، بصرے کا ایک طنز گو شاعر اور مزاح نگار (م نواح ۲۵۵ھ/۸۶۸-۸۶۹ء).	۴۲۸	۲
* جُمنا	: بھارت کا ایک مشہور دریا.	۴۲۹	۲
* جُمہور	: رک بہ جمہوریت.	۴۳۰	۱
* جمہوریت	: عوامی اور انتخابی طرز حکومت، ایک مشہور سیاسی اصطلاح.	۴۳۰	۱
* جمہوریت خلق فرقه سی	: (جمہوری عوامی پارٹی)، جمہوریۂ ترکیہ میں مصطفیٰ کمال اتاترک کی بنا کردہ سیاسی جماعت اور تنظیم.	۴۳۸	۱
* جمہوریة	: رک بہ جمہوریت.	۴۴۲	۱
* جمیل بن عبداللہ بن مَعمر العُذری	: (۶۶۰ء تا ۸۲ھ/۷۰۱ء)، ایک عرب شاعر اور ادبی دبستان العذری کا مشہور ترین نمائندہ.	۴۴۲	۱
* جَمِیل بن نخلة المُدَوَّر	: ایک عرب صحافی و ادیب اور مصنف نضارة الاسلام فی دارالسلام وغیرہ (م ۱۳۲۵ھ/۱۹۰۷ء).	۴۴۳	۲
* جمیل	: طنبری، رک بہ طنبری جمیل.	۴۴۴	۲
* جمیله	: ابتدائی اموی عہد خلافت میں مدینۂ منورہ کی ایک مشہور مغنیہ (م نواح ۱۲۵ھ/۷۴۳ء).	۴۴۴	۲
* جناب شہاب الدین	: (۱۸۷۰ تا ۱۹۳۴ء)، ایک ترکی شاعر اور مصنف، ادبی دبستان ثروت فنون کا ممتاز نمائندہ.	۴۴۵	۱
* جنابة	: حدث کبیر، ایک معروف فقہی اصطلاح.	۴۴۷	۱
* جِناح	: رک بہ محمد علی جناح، قائد اعظم.	۴۴۷	۲
* الجناحیه	: (یا الطیاریه)، حضرت جعفر طیارؓ کے پرپوتے عبداللہ بن معاویہ [رک بآں] کے حامی.	۴۴۷	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان		صفحہ	عمود
	اشارات		
*	**جَنازَہ** : چارپائی پر ڈالی ہوئی میت یا تابوت وغیرہ کے لیے ایک اصطلاح.	۴۴۸	۱
*	**جناس** : رک بہ تجنیس.	۴۴۸	۲
*	**الجناؤنی** : ابو عبیدہ عبدالحمید، تاہرت کے اباضی امامون کی طرف سے جبل نفوسہ کا والی.	۴۴۸	۲
*	**الجَنَبَہ** : عمان کا ایک سربرآوردہ قبیلہ.	۴۴۹	۱
*	**جنجی خواجہ** : رک بہ حسین جنجی.	۴۵۰	۱
*	**جَنجیرہ** : رک بہ حبشی.	۴۵۰	۱
*	**جند** : مسلح فوجی دستے، ایک عسکری اصطلاح.	۴۵۰	۱
*	**جُندب بن جنادہ** : رک بہ ابوذر غفاری.	۴۵۱	۲
*	**جُندی** : رک بہ حلقہ.	۴۵۱	۲
*	**الجندی** : ابو عبداللہ بہاء الدین محمد بن یعقوب بن یوسف، یمن کا ایک شافعی فقیہ، مؤرخ اور مصنف (م ۷۳۲ھ/۱۳۳۲ء).	۴۵۱	۲
*	**جَندَرلی** : عثمانی ترکوں کے علما اور سیاست دانوں کا ایک خاندان: (۱) خیرالدین خلیل بن علی المعروف بہ کرہ خیل، قاضی عسکر اور وزیر (م ۷۸۹ھ/۱۳۸۷ء): (۲) علی پاشا [رک بآں] مراد اول اور بایزید اول کا وزیراعظم (م ۸۰۹ھ/ ۱۴۰۶ء): (۳) ابراہیم پاشا، مصر کا قاضی عسکر اور وزیر (م ۸۳۲ھ/ ۱۴۲۹ء): (۴) خلیل پاشا [رک بآں]، ۸۴۷ھ/۱۴۴۳ء تک وزیر اعظم (م نواح ۸۵۷ھ/۱۴۵۳ء): (۵) ابراہیم پاشا، بایزید ثانی کا قاضی عسکر اور وزیر اعظم (م نواح ۹۰۵ھ/۱۴۹۹ء).	۴۵۲	۱
*	**جندیشاپور** : (جندیسابور)، خوزستان کا ایک مشہور شہر.	۴۵۴	۱
*	**جَنزہ** : رک بہ گنجہ.	۴۵۵	۲
*	**جِنس** : علم منطق و فلسفہ وغیرہ کی ایک اصطلاح.	۴۵۵	۲
*	**جنگلی** : ایران میں ایک قومی اور اصلاحی تحریک.	۴۵۸	۲
*	**الجِن** : انسانوں کے بالمقابل ایک مخصوص مخلوق کے لیے قرآنی اصطلاح.	۴۵۹	۲
⊛	**الجِن** : قرآن مجید کی بہترویں سورت.	۴۶۷	۱
*	**جَنّابَہ** : (جَنّابی، جُنّابہ، گُنافَہ)، ایران کے صوبۂ فارس کا ایک قصبہ اور بندرگاہ.	۴۶۸	۱
*	**الجَنّابی** : ابو سعید حسن بن بہرام، مشرقی عرب (بحرین) میں قرامطہ کے اقتدار کا بانی (م ۳۰۱ھ/۹۱۳ء).	۴۶۹	۱
*	**الجَنّابی** : ابو طاہر سلیمان بن ابی سعید الحسن، بحرین کی چھوٹی سی ریاست کا مشہور حکمران (م ۳۳۲ھ/۹۴۳-۹۴۴ء).	۴۶۹	۲
*	**الجنابی** : ابو محمد مصطفی بن حسن بن سِنان الحسینی الہاشمی، تاریخ الجَنّابی کا مصنف (۹۹۹ھ/۱۵۹۰ء).	۴۷۳	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	دعمود
* جَنِـة	: (باغ)، نیکوکار انسانوں کا دائمی گھر، ایک معروف قرآنی و اسلامی اصطلاح.	۴۷۴	۱
* جنر	: بھارت کی ریاست بمبئی میں ایک شہر.	۴۸۰	۲
* جِنّی	: رک به دنّی.	۴۸۱	۱
* جُنَید	: خاندان آیدین اوغلو [رک بآں] کا آخری امیر (م نواح ۸۲۸ھ/۱۴۲۴-۱۴۲۵ء).	۴۸۱	۱
* جُنَید	: شیخ صفی الدین اسحاق بانی طریقۂ صفویه کی اولاد میں چوتھا صفوی شیخ یا مرشد اور اپنے باپ ابراهیم کا اردبیل میں جانشین بحیثیت صدر جماعت صفویه (م ۸۶۴ھ/ ۱۴۶۰ء).		
* الجُنَید[2]	: (البغدادی)، ابوالقاسم بن محمد بن الجنید الخزار القواریری النّهاوندی، سری سقطی[2] کے بھانجے اور مرید، ایک شہرۂ آفاق صوفی (م ۲۹۸ھ/ ۹۱۰ء).	۴۸۳	۲
* الجُنید بن عبد[الرحمن]	: المرّی، اموی خلیفه هشام کا نامور والی اور سپه‌سالار، هندوستان کے مسلم مقبوضات کا امیر (م نواح ۱۱۶ھ/۷۳۴ء).	۴۸۴	۲
* الجِواء	: (لیوا)، الظَفرَة کے ریتلے میدانوں میں چھوٹے چھوٹے نخلستانوں پر مشتمل اور سعودی عرب اور ابو ظبی کے درمیان معرض نزاع علاقه.	۴۸۵	۲
* جواد پاشا	: احمد، ترکی وزیر اعظم (از ۱۸۹۱ تا ۱۸۹۵ء) اور چند تاریخی کتب کا مصنف (م ۱۳۱۸ھ/ ۱۹۰۰ء).	۴۸۷	۲
* الجواد الاصفهانی	: جمال الدین ابو جعفر محمد بن علی، زنگی حکمرانوں کا وزیر (م ۵۵۹ھ/۱۱۶۴ء).	۴۸۹	۱
* جِوار	: نگهبانی، همسائگی و قرب کے معنوں میں ایک اصطلاح.	۴۹۰	۱
* جِوالی	: لغوی معنی تارکین وطن، اصطلاحاً جزیه.	۴۹۰	۲
* الجوالیقی	: یا ابن الجوالیقی، ابو منصور موهوب بن احمد بن محمد بن الخضر (۴۶۶ھ/ ۱۰۷۳ء تا ۵۳۹ھ/۱۱۴۴ء)، مدرسه نظامیه (بغداد) کا ممتاز مدرس اور متعدد کتابوں کا مصنف.	۴۹۱	۱
* جوان	: مرزا کاظم علی، اردو نثر کے متقدمین میں سے ایک ممتاز مصنف (حیات ۱۸۱۵ء).	۴۹۱	۲
* جوان رود	: جوان رو، ایرانی کردستان کا ایک ضلع.	۴۹۳	۱
* جِوان مردی	: رک فتوة.	۴۹۵	۱
* جوچی	: (نواح ۵۸۰ھ/۱۱۸۴ء تا ۶۲۴ھ/۱۲۲۷ء)، چنگیز خان [رک بآں] کا سب سے بڑا بیٹا اور التون اردو، قریم، نیومن، بخارا اور خیوه کے خوانین کا جد امجد.	۴۹۵	۲
* جودت	: عبدالله (۱۲۸۶ھ/ ۱۸۶۹ء تا ۱۳۵۱ھ/ ۱۹۳۲ء)، ایک ترکی شاعر، مترجم، سیاست دان، صحافی اور آزاد خیال مصنف.	۴۹۷	۱
* جودت پاشا	: رک به احمد جودت پاشا.	۴۹۹	۱
* جودی	: (جودی طاغ، کوه اراراط)، ضلع بهتان میں جزیره ابن عمر کے شمال مشرق میں		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمو
	ایک سلسلۂ کوہ.	۴۹۹	۱
*	**جُودی المورُوری** : بن عثمان العَبسی، اندلس کا ایک بلند پایہ نحوی (م ۱۹۸ھ/۸۱۳ء).	۵۰۱	۲
*	**جودھپور** : مارواڑ راجپوتانہ ایجنسی کی تمام ریاستوں میں سب سے وسیع ریاست ، اب صوبۂ راجستھان (بھارت) میں مدغم.	۵۰۲	۱
*	**جَوذَر** : استاد ، ایک خواجہ سرا اور فاطمی خلفا کے عہد کی اہم شخصیت (م بعہد المعزّ: ۳۴۱ھ/۹۵۲ء تا ۳۶۵ھ/۹۷۵ء).	۵۰۲	۲
*	**جُوز** : رک به فیروز آباد.	۵۰۴	۱
*	**الجَوزاء** : رک به علم نجوم.	۵۰۴	۱
*	**جُوزجان** : (گوزگان)، افغان ترکستان میں مرغاب اور آمو دریا کے درمیان ایک قدیم ضلع.	۵۰۴	۱
⊗	**جوزجانی** : ابو عمرو منہاج الدین عثمان المعروف به مولانا منہاج سراج ، ہندوستان میں بعہد خاندان غلامان خطیب دربار ، محتسب و قاضی القضاۃ ، ایک مشہور عالم ، مؤرخ اور مصنف طبقات ناصری وغیرہ (م نواح ۶۵۸ھ/۱۲۵۹-۱۲۶۰ء).	۵۰۵	۱
*	**الجَوزَہَریا الجَوزْہَر** : علم ہیئت اور علم نجوم کی کتابوں میں مستعمل ایک فنی اصطلاح.	۵۰۸	۲
*	**جَوف** : گڑھے یا نشیبی علاقے کے لیے ایک جغرافیائی اصطلاح.	۵۱۰	۱
*	**الجوف** : وسطی سعودی عرب کے شمال میں ایک ضلع اور قصبہ.	۵۱۱	۲
*	**جَوف کُفرہ** : صحرائے لیبیا میں سب سے نمایاں نخلستان.	۵۱۲	۲
*	**جوکان** : رک به چوگان.	۵۱۳	۱
*	**جوگ یکارتا** : رک به یوگ یکارتا.	۵۱۳	۱
*	**الجولان** : جنوبی شام کا ایک مشہور ضلع.	۵۱۳	۱
⊗	**جولہ مرک** : رک به چولہ مرک.	۵۱۴	۱
*	**جونا گڑھ** : برطانوی عہد میں ہندوستان کی ایک مسلم ریاست اور اس کا صدر مقام؛ آج کل پاکستان سے الحاق کے اعلان کے باوجود بھارت کے ناجائز قبضے میں.	۵۱۴	۱
*	**جونپور** : اترپردیش (بھارت) کا ایک شہر اور ضلع؛ اسلامی عہد کی عمارات کے لیے معروف.	۵۱۷	۲
*	**الجَونپوری** : سید محمد الکاظمی الحسینی ، بن سید خان المعروف بڈھ اویسی (۸۴۷ھ/ ۱۴۴۳ء تا ۹۱۰ھ/ ۱۵۰۵ء) ، مہدی ہونے کا مدعی اور مہدویہ فرقے کا بانی .	۵۲۱	۱
*	**الجَوّانی** : ابو علی محمد بن اسعد (۵۲۵ھ/۱۱۳۱ء تا ۵۸۸ھ/۱۱۹۲ء)، ایک عرب نسّاب اور مؤرخ.	۵۲۴	۲
*	**جَوہر** : اصل ہر شے ، ایک فلسفیانہ اصطلاح.	۵۲۵	۲
⊗	**جَوہَر** : رک به محمد علی جوہر، رئیس الاحرار مولانا.	۵۲۸	۲
*	**جَوہر آفتابچی** : مہتر ، ہمایوں [رک بآں] کا آفتابہ بردار اور اس کے عہد کی سرگزشت		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	تذکرۃ الواقعات کا مصنف (م ۹۶۳ھ/۱۵۵۶ء).		
* جوہر الصقلی :	سپہ سالار، منتظم شمالی افریقہ اور مصر میں فاطمی سلطنت کا ایک بانی (م ۳۸۱ھ/۹۹۲ء).	۵۲۸	۲
* الجوہری :	ابو نصر اسمٰعیل (بن نصر) بن حماد، ایک مشہور ترکی النسل لغت نویس، مصنف تاج اللغۃ و صحاح العربیۃ (م مابین ۳۹۳ھ/۱۰۰۳ء و ۴۴۰ھ/۱۰۱۰ء).	۵۲۹	۱
⊗ جویریہ :	اُم المؤمنین، قبیلہ بنو مصطلق کے سردار الحارث بن ابی ضرار الخزاعی کی دختر اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ (م ۵۶ھ/۶۷۶ء، بعمر ستر سال).	۵۳۲	۲
* جُوَین :	ایران میں متعدد مقامات : (۱) ارد شیر خرہ کا ایک گاؤں ؛ (۲) گویان، علاقۂ نیشاپور میں ایک ضلع ؛ (۳) گوین، سجستان میں ایک قلعہ بند مقام.	۵۳۴	۱
* جوینی :	شمس الدین محمد بن محمد، صاحب دیوان، مشہور مؤرخ علاء الدین عطا ملک کا بھائی، ایک ماہر سیاست اور ایلخانی بادشاہوں کا وزیر اعظم (م ۶۸۳ھ/۱۲۸۴ء).	۵۳۵	۲
* جُوَینی :	علاء الدین عطا ملک بن محمد (۶۲۳ھ/۱۲۲۶ء تا ۶۸۱ھ/۱۲۸۲-۱۲۸۳ء)، ایک ایرانی حاکم اور مؤرخ، مصنف تاریخ جہاں گشای.	۵۳۶	۲
* الجُوَینی :	امام الحرمین ابوالمعالی عبد الملک (۴۱۹ھ/۱۰۲۸ء تا ۴۷۸ھ/۱۰۸۵ء)، مشہور شافعی عالم عبداللہ بن یوسف بن محمد الجوینی کے فرزند، مشہور اصولی، فقیہ، متکلم اور مصنف.	۵۳۷	۲
* الجُوَینی :	ابو محمد عبداللہ بن یوسف بن محمد، ایک شافعی عالم، مفسر، فقیہ، ماہر لغت اور مصنف (م ۴۳۸ھ/۱۰۴۷ء).	۵۴۰	۲
⊗ جہاد :	قتال فی سبیل اللہ کے معنوں میں ایک مشہور اسلامی و قرآنی اصطلاح.	۵۴۲	۲
* جہان آرا بیگم :	(۱۰۲۳ھ / ۱۶۱۴ء تا ۱۰۹۲ھ / ۱۶۸۱ء)، شاہجہاں [رک بآں] کی پہلوٹھی بیٹی اور مونس الارواح وغیرہ کی مصنف.	۵۴۲	۲
* جہاندار شاہ :	معزالدین (۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء تا ۱۱۲۵ھ/۱۷۱۳ء)، ہندوستان میں مغلیہ دور زوال کا ایک بادشاہ (از ۱۱۲۴ھ/۱۷۱۲ء).	۵۴۵	۲
* جہان سوز :	علاء الدین حسین بن الحسین، غزنہ کو نذر آتش کرنے والا غوری خاندان کا شاعر فرمانروا (م ۵۵۶ھ/۱۱۶۱ء).	۵۴۶	۲
* جہان شاہ :	رک بہ مغل.	۵۴۷	۲
⊗ * جہانگیر :	(۹۷۷ھ/۱۵۶۹ء تا ۱۰۳۷ھ/۱۶۲۷ء)، ہندوستان کا چوتھا عظیم مغل شہنشاہ (از ۱۰۱۳ھ/۱۶۰۵ء)، توزک جہانگیری کا مصنف.	۵۴۸	۲
* جَہْبَذ :	محکمۂ مالیات کے مختلف عہدیداروں کے لیے ایک ایرانی اصطلاح.	۵۴۸	۲
* الجَہشیاری :	ابو عبداللہ محمد بن عبدوس، چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی کی سیاسیات میں حصہ لینے والا ایک فاضل اور مصنف کتاب الوزراء والکُتّاب	۵۵۲	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

(م ۳۲۱ھ/۹۴۲ء).

* **جہلاوان** : بلوچستان (پاکستان) کا ایک ضلع. ۲ ۵۵۴
* ⊗ **جہلَم** : پنجاب (پاکستان) کی قسمت راولپنڈی کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام، نیز ایک مشہور دریا. ۲ ۵۵۵
* **جَہم بن صَفوان** : ابو مُحرِز، قدیم زمانے کا ایک عالم الٰہیات اور بنو امیہ کے خلاف ایک تحریک بغاوت کا ذہنی قائد اور فرقہ جہمیہ کا بانی (م ۱۲۸ھ/ ۷۴۵ - ۷۴۶ء). ۲ ۵۵۵
* **جَہمیّہ** : جَہم بن صفوان کا بنا کردہ ایک فرقہ. ۱ ۵۵۹
* ⊗ **جَہنّم** : دوزخ کے لیے ایک معروف قرآنی اصطلاح. ۲ ۵۶۰
* **جَہْوَریہ** : ہسپانیہ میں خلافت امویہ کے سقوط پر اہل قرطبہ کے وزیر ابو حزم جہور بن محمد بن جَہوَر کی قیادت میں قائم کردہ ایک قسم کی جمہوریہ. ۱ ۵۶۳
* **جَھیر** (بنو) : سلاجقۂ اعظم کے دور انتداب میں خلیفہ کی وزارت کی مکمل اجارہ داری رکھنے والا ایک خاندان. ۱ ۵۶۴
* **جَیب ہُمایوں** : سرِ کاتبی کے زیر اختیار عثمانی سلاطین کا صرف خاص. ۲ ۵۶۶
* **الجیب المستوی** : رکَ به علم الهیئت. ۱ ۵۶۷
* **الجیب المعکوس** : رکَ به علم الهیئت. ۱ ۵۶۷
* **جےپور** : اسلامی اور برطانوی دور کی ایک سابق راجپوت ریاست، اب راجستھان (بھارت) کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام. ۱ ۵۶۷
* **جیتل** : رکَ به (۱) سکہ؛ (۲) وزن. ۲ ۵۶۸
* ⊗ **جیجل** : (Gegal)، الجزائر کا ایک ساحلی شہر. ۲ ۵۶۸
* **جیحان** : (Pyramus)، سلیشیا میں سے ہوکر بحیرۂ روم میں گرنے والی ایک قدیم ندی. ۱ ۵۷۱
* **جَیحُون** : رکَ به آمو دریا. ۲ ۵۷۲
* **جیرُفت** : (جَیرُفت)، کرمان کا ایک زرخیز اور مرتفع ضلع اور اس نام کا ایک شہر. ۲ ۵۷۲
* **جَیزان** : بحیرۂ قلزم کے ساحل پر جنوب مغربی سعودی عرب میں ایک ندی، ایک بندرگاہ اور ایک صوبے کا نام. ۱ ۵۷۳
* **جیزہ** : رکَ به قاهره. ۲ ۵۷۷
* **الجِیزی** : ابو محمد الربیع بن سلیمان بن داؤد الازدی الاعرج، امام شافعیؒ کے ایک ممتاز پیرو اور شاگرد (م ۲۵۶ھ/ ۸۷۰ء تا ۲۵۷ھ/ ۸۷۱ء). ۲ ۵۷۷
* **جیسور** : مشرقی پاکستان (اب بنگلہ دیش) کے ایک ضلع کا بڑا شہر، چھاؤنی اور ہوائی اڈہ. ۱ ۵۷۸
* **جَیش** : فوج کے لیے جُند اور عسکر کی طرح عربی کی ایک عام اصطلاح. ۲ ۵۷۸
* **الجَیطالی** : ابو طاہر اسمٰعیل بن موسیٰ، ایک ممتاز اباضی عالم اور مصنف قواعد الاسلام

FINAL
شکریہ ویبسائٹ
کردہ بھتکل امع
www.bhatkallys.com
marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	وغیرہ (م ۷۳۰ھ/۱۳۳۰ء یا ۷۵۰ھ/۱۳۵۰ء).	۶۰۳	۱
* جیک	: رک به شاہ طاغ.	۶۰۳	۱
* الجیلی	: رک به عبدالقادر الجیلانی".	۶۰۳	۱
* الجیلی	عبدالکریم : رک به عبدالکریم الجیلی.	۶۰۳	۱
⊗ جیم	: عربی اور فارسی حروف تہجی میں پانچواں اور اردو میں [گیارھواں] حرف.	۶۰۳	۱
* جین	: یا جینی، مہاویر موسوم به جین کے پیزو.	۶۰۳	۲
⊗ جینا	: رک به محمد علی جناح ، قائد اعظم.	۶۰۵	۱
* جیون	: مُلّا احمد بن ابی سعید بن عبیدالله بن عبدالرزاق بن مخدوم خاصه خدا الحنفی الصالحی (۱۰۴۷ھ/۱۶۳۷ء تا ۱۱۳۰ھ/۱۷۱۷-۱۷۱۸ء)، ایک مشہور عالم دین، فقیه اور مفسر، اورنگ زیب عالمگیر کے استاد اور تفسیر الاحمدی کے مصنف.	۶۰۵	۱
* جیاش بن نجاح	: رک به نجاح (بنو).	۶۰۶	۲
* جیان	: (Jaen)، اندلس کا ایک صوبه اور اس کا دارالحکومت.	۶۰۶	۲
⊗ چ	: فارسی کا ساتواں اور اردو کا تیرھواں حرف.	۶۰۹	۱
* چاپار	: قیدو [رک بآں] کا سب سے بڑا بیٹا اور مغول اوکتا قاآن کا پرپوتا، ایک مغول فرمانروا (از ۷۰۲ھ/۱۳۰۳ء تا ۷۰۸ھ/۱۳۰۹ء).	۶۰۹	۱
* چاپار اوغللری	: رک به چپن اوغللری.	۶۱۰	۱
* چاٹگام	: (چاٹگاؤں)، رک به چٹاگانگ.	۶۱۰	۱
* چاٹگاؤں	: رک به چٹاگانگ.	۶۱۰	۱
* چاڈ	: (چاد، تشاد)، رک به شاد.	۶۱۰	۱
* چارجوی	: رک به آمل.	۶۱۰	۱
* چاشنا گیر	: (چاشنی گیر)، عہد سلاجقه سے مسلمان حکمرانوں کے دربار میں ایک عہدے دار.	۶۱۰	۱
* چاشنا گیر باشی	: عثمانی ترکوں کے دربار کا ایک اعلی عہدیدار.	۶۱۰	۲
* چال دران	: ایرانی آذربیجان کے شمال مغربی حصے میں ایک میدان، سلطان سلیم اور شاہ اسماعیل کے درمیان فیصلہ کن جنگ کا مقام.	۶۱۱	۱
⊗ چاند بی بی سلطان	: (نواح ۹۵۰ھ تا ۱۰۰۰ھ/۱۵۴۳ء تا ۱۶۰۰ء)، احمد نگر کے بادشاہ حسین نظام شاہ کی		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	دختر، بیجا پور کے سلطان علی عادل شاہ کی بیگم اور ان دونوں ریاستوں میں اہم سیاسی خدمات سرانجام دینے والی ایک عقل‌مند اور رزم آرا ملکہ.	۶۱۳	۱
* **چاؤدُرس**	: (جاولدر)، خوارزم میں ایک ترکمان قبیلہ.	۶۱۶	۲
* **چاؤ**	: ۶۹۳ھ/۱۲۹۴ء میں دو ماہ تک جاری رہنے والا ایران کا ایک کاغذی سکہ.	۶۱۶	۲
* **چاؤش**	: (چاوش)، متعدد محکموں میں کام کرنے والے عمّال اور نچلے درجے کے فوجی عملے کے لیے ترکی اصطلاح.	۶۱۷	۱
* **چائے**	: (چای) ایک معروف مشروب.	۶۱۸	۱
* **چپن اوغللری**	: رک بہ درہ بیگی، نیز تکملہ.	۶۱۹	۱
* **چپنی**	: ترکیہ کی سیاسی و مذہبی تاریخ میں ایک اہم اُغز قبیلہ.	۶۱۹	۱
* **چتالجہ**	: (قدیم متِرہ Metra)، ولایت استانبول کی سب سے زیادہ دیہاتی قضا کا صدر مقام.	۶۲۰	۱
* **چتر**	: رک بہ مِظَلّہ.	۶۲۱	۱
* **چِترال**	: برطانوی ہند کی ایک سابق ریاست اور اب پاکستان میں مالاکنڈ ڈویژن (صوبہ سرحد) کا ایک ضلع اور اس کا صدر مقام.	۶۲۱	۱
* **چٹاگانگ**	: مشرقی پاکستان (حال بنگلہ دیش) کا سب سے بڑی بحری بندرگاہ اور اراکان (برما) سے ملحقہ اسی نام کے ضلع کا صدر مقام.	۶۲۸	۱
* **چراغان**	: خلیج باسفورس کی یورپی جانب بشکطاش اور اورتہ‌کوی کے درمیان واقع ایک محل.	۶۲۸	۲
* **چراغان (میلا)**	: باغبانپورہ (لاہور) میں شالامار باغ کے قریب صوفی شاعر شاہ حسین (م ۱۰۰۸ھ / ۱۵۹۹ء) کے سالانہ عرس کے موقع پر ان کے مزار کے قریب منایا جانے والا میلا.	۶۲۹	۲
⊛ **چراغ دہلی**	: شیخ نصیر الدین محمود بن یحیٰی الیزدی ثم الاَوَدی، حضرت نظام الدین اولیاءؒ کے ایک مشہور اور بزرگ خلیفہ (م ۷۵۷ھ/۱۳۵۶ء).	۶۳۰	۱
* **چرچل**	: رک بہ شرشل.	۶۳۲	۱
* **چرکس**	: آبئرو قفقازی قوم کی شمال مغربی (اَدِغہ) شاخ کے قبائل کے لیے عمومی ترکی لقب.	۶۳۲	۱
* **چرکس**	: رک بہ محمود پاشا چرکس.	۶۴۳	۱
* **چرکس ادھم**	: اپنے بھائیوں چرکس رشید (م ۱۹۵۱ء) اور چرکس محمد توفیق (م ۱۹۳۸ء) کی معیت میں ترک قوم پرست چھاپہ ماروں کا قائد (م ۱۹۴۹ء).	۶۴۳	۱
* **چرمِس**	: (چرمیس، ماری)، جمہوریۂ اشتراکیہ مارس میں آباد مشرقی فن لینڈ کے گروہ کے لوگ.	۶۴۴	۱
* **چرمن**	: ادرنہ کے قریب تراکیہ (تھریس) کے قدیم باشندوں کا ایک قلعہ.	۶۴۴	۲
* **چِرِیغو**	: (چرگو)، رک بہ چوقہ آطہ سی.	۶۴۵	۲
* **چِشتی**ؒ	: خواجہ معین الدین حسن اجمیریؒ (۵۳۶ھ/۱۱۴۱ء تا ۶۳۳ھ/۱۲۳۶ء)، اسلامی تصوف کی تاریخ میں ایک برگزیدہ بزرگ اور ہندوستان میں سلسلۂ		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	صفحہ	عمود
اشارات		
چشتیہ کے بانی.		
⊗ **چِشتیہ** : برعظیم پاک و ہند میں صوفیہ کا مقبول ترین سلسلہ.	۶۴۵	۱
* **چشمہ** : پانی کا منبع، بحیرۂ روم کے ساحل اور اسی نام کی خلیج کے دہانے پر واقع ایشیائے کوچک میں ایک تجارتی شہر اور بندرگاہ.	۶۴۸	۱
* **چشمی زادہ** : مصطفٰی رشید، ایک عثمانی مؤرخ اور شاعر (م ۱۱۸۴ھ/۱۷۷۰ء).	۶۵۴	۲
* **چغالہ زادہ** : یوسف سنان پاشا المعروف بہ چغال (جغال) اوغلو (۹۵۲ھ/۱۵۴۵ء تا ۱۰۱۴ھ/۱۶۰۵ء)، سلطنت عثمانیہ کا ایک اعلٰی عہدے دار.	۶۵۵	۱
* **چَغان رُود** : آمو دریا (رک بآں) کی انتہائی شمالی معاون ندی.	۶۵۵	۲
* **چغانیان** : سابقاً چغان رود کا ایک نام؛ نیز ترمذ کے شمال میں واقع ایک ضلع.	۶۵۸	۱
* **چَغتائی ادب** : رک بہ ترک.	۶۵۸	۲
* **چَغتای ترک** : رک بہ ترک.	۶۶۰	۲
* **چَغتائی خان** : چنگیز خان کا بیٹا، مشہور تاتاری امیر اور چغتائی سلطنت کا بانی (م نواح ۶۳۹ھ/۱۲۴۱ء).	۶۶۰	۲
* **چغتای خانیہ (ریاست)** : چنگیز خان کے بیٹے چغتائی خان نام سے موسوم وسطی ایشیا کی خانیت اور عظیم تاتاری سلطنت.	۶۶۰	۲
* **چغری بیگ** : داؤد بن میخائیل بن سلجوق (نواح ۳۸۵ھ/۹۹۵ء تا ۴۵۲ھ/۱۰۶۰ء)، طغرل بیگ (رک بآں) کا بھائی اور خاندان سلجوق کی بنیاد رکھنے میں اس کا شریک.	۶۶۲	۲
* **چفت رسمی** : (چغت حقّی، قُلّق آتچسی)، سلطنت عثمانیہ میں رعیت پر ایک لازمی محصول.	۶۶۵	۲
* **چفتلک** : ترکی زبان میں کھیت کے لیے ایک عام لفظ.	۶۶۸	۲
* **چَقمَق** : الملک الظاہر سیف الدین، سلطان مصر، ایک نامور مملوک فرمانروا (از ۸۴۲ھ/۱۴۳۸ء تا ۸۵۷ھ/۱۴۵۳ء).	۶۷۰	۱
* **چقمور اووہ** : رک بہ قیایقیا.	۶۷۲	۲
* **چکمک، مصطفٰی فوزی** : (کوخ)، ترکی فوج کا نامور سپہ سالار (م ۱۳۶۹ھ/۱۹۵۰ء).	۶۷۳	۲
* **چکیر جی باشی** : (چاقر جی باشی)، باز آموزوں کا سربراہ، عثمانی دور کا ایک بڑا عہدہ.	۶۷۳	۲
* **چلبی** : ذہین مصنف شاعر، قاری اور دانشمند کے معنوں میں اعلٰی طبقے کے لوگوں کے لیے ایک ترکی اصطلاح اور لقب.	۶۷۴	۲
* **چلبی افندی** : رک بہ (۱) جلال الدین، مولانا رومی؛ (۲) جلال الدین حسین.	۶۷۶	۱
* **چلبی زادہ** : (کوچوک چلبی زادہ)، اسماعیل عاصم افندی، عثمانی مؤرخ، شاعر اور شیخ الاسلام (م ۱۱۷۳ھ/۱۷۶۰ء).	۶۷۶	۱
* **چلبی زادہ افندی** : رک بہ سعید افندی.	۶۷۸	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارت	صفحہ	عمود
*	**چلّہ** : چالیس دن کا روزہ، ایک معروف صوفیانہ اصطلاح ؛ نیز رک بہ خلوت.	۶۷۸	۱
*	**چلَمرک** : رک بہ چولہ مرک.	۶۷۸	۱
*	**چم** : (Cam یا Cham)، زمانہ قبل از مسیح میں جزیرہ نمائے ہند چینی کے جنوبی ساحلوں پر آباد پولینیشی نسل کے لوگ.	۶۷۸	۱
*	**چمپانیر** : (محمود آباد)، مغربی ہند میں گجرات کا ایک تاریخی شہر (اب کھنڈر).	۶۷۹	۱
*	**چمکِنت** : جمہوریہ اشتراکیہ قازخستان (قزاقستان) کے جنوبی خطے کا صدر مقام.	۶۸۰	۲
*	**چمکنی، میاں عمر صاحب** : (نواح ۱۱۰۰ھ/۱۶۸۹ء تا ۱۲۰۰ھ/۱۷۸۶ء)، پاکستان کے صوبہ سرحد کے ایک علمی اور روحانی بزرگ.	۶۸۱	۱
*	**چمَلّ** : رک بہ اندی.	۶۸۲	۲
⊗	**چمن** : رک بہ باغ.	۶۸۲	۲
*	**چناق قلعۂ بوغازی** : در دانیال کا موجودہ ترکی نام.	۶۸۲	۲
*	**چندرہ لی** : رک بہ چندرلی.	۶۸۵	۲
*	**چندیری** : شمالی وسط ہند کا ایک شہر اور پرانا قلعہ.	۶۸۵	۲
*	**چنکیری** : (چانغری، جنجرہ)، وسطی آناطولی کا ایک شہر.	۶۸۷	۱
*	**چنگانہ** : مشرق میں خانہ بدوش قوموں کے مستعمل ناموں میں سے ایک.	۶۸۹	۲
*	**چنگیز خان** : (۱) تموجین (۵۶۳ھ/۱۱۶۷ء تا ۶۲۵ھ/۱۲۲۷ء)، مغول سلطنت کا بانی، مشہور و معروف فاتح، حکمران اور آمر.	۶۹۱	۲
⊗	**چنگیز خان** : (۲) مغول قبائل کے نسب اور دیگر واقعات کے بارے میں تازہ تحقیقات.	۶۹۸	۱
*	**چنگیز (خانوادہ)** : (چنگیز خانیہ)، چنگیز خان کے چار بیٹے اور ان کی اولاد سے چلنے والا خانیہ یا شاہی سلسلہ.	۷۱۸	۱
*	**چنیوٹ** : پنجاب (پاکستان) کا ایک ضلعی صدر مقام اور تاریخی شہر.	۷۲۵	۱
*	**چو** : وسطی ایشیا کا ایک تیز رو دریا.	۷۲۶	۲
*	**چوبان (خانوادہ)** : مغول امیروں کا ایک خاندان، (۱) امیر چوبان، ایلخانی فرمانرواؤں ارغون، گیخاتو، غازان اور الجایتو کا قابل اور آزمودہ کار سپہ سالار (م ۷۲۸ھ/۱۳۲۷ء)؛ (۲) دمشق خواجہ، امیر چوبان کا تیسرا بیٹا اور عملاً ایلخانی سلطنت کا حکمران (م ۷۲۷ھ/۱۳۲۷ء)؛ (۳) تیمور تاش، امیر چوبان کا دوسرا بیٹا، الجایتو کا وزیر اور ولایت کا حاکم اور بعد ازاں اس کے خلاف بغاوت کرنے والا (م ۷۲۸ھ/۱۳۲۸ء)؛ (۴) حسن بن تیمور تاش (حسن کوچک، ایک اہم فوجی قائد (م ۷۴۴ھ/۱۳۴۳ء).	۷۲۹	۲
*	**چوپان** : چرواہا اور گلّہ بان کے لیے ایک ایرانی الاصل ترک لفظ.	۷۳۱	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* چوپان آتا	: سمرقند کی شہرپناہ سے متصل پہاڑوں کا ایک نصف میل لمبا سلسلہ.	۷۳۳	۱
* چودرس	: رک به چاو درس.	۷۳۳	۲
* چورباجی	: (۱) ینی چریوں میں اورتا اور آغا بولوک لری کمانداروں کا لقب؛ (۲) گاؤں کے سربرآوردہ لوگوں اور بعد ازاں سوداگروں اور مالدار عیسائیوں کا لقب.	۷۳۳	۲
* چورخ	: (۱) آناطولی کے انتہائی شمال مشرق میں ایک دریا؛ (۲) ترکیہ کے انتہائی شمال مشرقی سرحد پر بحیرۂ اسود کے کنارے پر واقع ایک ولایت.	۷۳۵	۱
* چورلو	: رک به چورلی.	۷۳۵	۲
* چورلی	: (چورلو)، مشرقی تراکیا کا ایک شہر.	۷۳۵	۲
* چورلیلی	: (چورلولو)، رک به علی پاشا چورلیلی.	۷۳۶	۱
* چورم	: وسطی آناطولی کے شمالی حصے میں ایک شہر.	۷۳۶	۱
* چوروک	: رک به چورخ.	۷۳۷	۱
* چوروه	: (چوروک)، رک به چورخ.	۷۳۷	۱
* چوش	: (یا چوواش)، وسطی والگا کی ترکی زبان بولنے والی ایک قوم اور اس پر مشتمل ایک سوویت اشتراکی جمہوریہ.	۷۳۷	۱
* چوقه	: (چوکه)، رک به قماش.	۷۳۹	۱
* چوقه آطه سی	: یونان کے ایک جزیرہ کیتر یا چریغو کا ترکی نام.	۷۳۹	۱
* چوگان	: (پہلوی: چوبکان)، پولو کے کھیل میں مستعمل سرکج چھڑی اور وسیع معنوں میں خود پولو کا کھیل.	۷۳۹	۲
* چوال امرک	: رک به چوله مرک.	۷۴۲	۲
* چولم	: سوویت یونین میں وسطی سائبیریا کے چھوٹے چھوٹے ترکی بولنے والے متعدد گروہ.	۷۴۲	۲
* چولَه مرک	: (جوله مرک، چلمرک، جلمرک)، مشرقی آناطولی کا ایک قصبہ.	۷۴۳	۲
* چهار ایماق	: مغربی افغانستان میں چار نیم بدوی قبائل.	۷۴۴	۱
* چهار مقاله	: رک به نظامی عروضی سمرقندی.	۷۴۴	۲
* چیچن	: (چاچان)، روسی زبان میں وسطی قفقاز میں دریائے سُنجه اور دریائے تیرک کے جنوبی معاون دریاؤں کی وادیوں میں رہنے والے مسلمان.	۷۴۴	۲
* چیرک	: چہاریک کی تحریف، ترکی زبان میں ایک گھنٹے کے چوتھائی حصے کے لیے مستعمل اصطلاح.	۷۴۷	۱
* چیم	: رک به چ.	۷۴۷	۱
* چین	: رک به الصین.	۷۴۷	۱
* چیوی زاده	: ایک عثمانی ترک خانوادۂ علما: (۱) محی الدین شیخ محمد معروف به قوجه		

FINAL
شرکت ویعنت
کردنم بخط امع
www.bhatkallys.com
marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	چیوی زادہ (۸۹۶ھ/۱۴۹۰-۱۴۹۱ء تا ۹۵۴ھ/۱۵۴۷ء)، قاھرہ کا قاضی، آناطولی کا قاضی عسکر اور شیخ الاسلام؛ (۲) محمد (۹۳۷ھ/۱۵۳۱ء تا ۹۹۵ھ/۱۵۸۷ء)، سابق الذکر کا بیٹا، کئی علاقوں کا قاضی، شیخ الاسلام وغیرہ؛ (۳) محمد افندی، شمارہ ۲ کا بیٹا، قاضی عسکر (م ۱۰۶۱ھ/۱۶۵۱ء)؛ (۴) عطاء اللہ افندی، شمارہ ۳ کا بیٹا، قاضی عسکر (م ۱۱۳۸ھ/۱۷۲۵ء).	۷۴۷	۱
* چھت	: (چہت)، دریاے گھاگرا (گھگر) کے کنارے انبالہ (بھارت) کے نزدیک ایک قدیم شہر.	۷۴۸	۲
* چَھتَر	: (چَھتّر)، رک بہ مَظلّہ.	۷۴۹	۲

ح

FINAL
شکشریف ویب سائٹ
کریڈم نکشن امیج
www.bhatkallys.com

* ح	: (حاء)، عربی زبان کے حروف تہجی کا چھٹا، فارسی کا آٹھواں اور اردو کا پندرھواں حرف.	۷۵۱	۱
* حابِطِیّة	: احمد بن حابِط (رک بآں) کے پیروکار.	۷۵۲	۲
* حاتِم بن ھرثمة	: خلفاے بنو عباس کے دور کا ایک اعلیٰ عہدے دار، مصر اور آرمینیہ کا والی (حیات ۲۰۰ھ/۸۱۶ء).	۷۵۲	۲
* حاتِم الطائی	: بن عبداللہ بن سعد بن الحَشرَج الطّائی القَحطانی، زمانۂ جاھلیت کا ایک شہسوار، شاعر اور فیاضی میں ضرب المثل.	۷۵۳	۱
* الحاج	: پھلی کی قسم کی ایک سخت اور شاخ دار جھاڑی.	۷۵۴	۲
* حاجِب	: حکمرانوں تک رسائی والے دروازے کی حفاظت کا ذمہ دار، مسلم حکمرانوں کے دربار کا ایک اعلیٰ عہدے دار.	۷۵۵	۲
* حاجِب بن زُرارہ	: دور جاھلیت میں قبیلہ بنو دارم تمیمی کا ایک ممتاز سردار.	۷۶۴	۲
* الحاجّ	: (حاجی)، رک بہ الحَجّ.	۷۶۶	۱
* الحاج حمودہ	: بن عبدالعزیز، تونس کا ایک عرب مؤرخ، تونس کے بای علی بن الحسین کا دبیر اور مصنف کتاب الباشا (م ۱۲۰۱ھ/۱۷۸۷ء).	۷۶۶	۱
* الحاجّ عمر	: (۱۷۹۷ تا ۱۸۶۴ء)، سودان کا ایک جوشیلا مذھبی رھنما، فاتح اور مملکت تکرور کا بانی.	۷۶۶	۲
* حاجی بیرام ولی	: (۷۵۳ھ/۱۳۵۲ء تا ۸۳۳ھ/۱۴۲۹-۱۴۳۰ء)، انقرہ کے ایک مشہور		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	ولی اور سلسلۂ بیرامیہ کے بانی.	۷۶۸	۲
* **حاجی بیگ**	: رک به رضوان بیگووچ .	۷۷۰	۱
* **حاجی پاشا**	: آیدینلی ، خضر بن علی بن خطاب ، ایک عثمانی فقیه ، طبیب اور مصنف (م ۸۲۰ھ/۱۴۱۷ء).	۷۷۰	۱
* **حاجی خلیفه**	: مصطفی بن عبدالله معروف به کاتب چلبی (۱۰۱۷ھ/۱۶۰۸ء تا ۱۰۶۷ھ/ ۱۶۵۷ء)، ایک مشہور ترکی عالم اور مصنف کشف الظنون عن اسامی الکتب و الفنون وغیره.	۷۷۱	۱
* **حاجی گرای**	: السلطان حاجی کری بن غیاث الدین خان، خوانین قریم (کریمیا) کے خاندان گرای کا بانی حکمران (م ۸۷۱ھ/۱۴۶۶ء).	۷۷۴	۱
* **حاجی نسیم اوغلو**	: رک به آق حصار.	۷۷۷	۱
* **حاحا**	: بربر قبائل (اِحاحن) کا مراکشی وفاق.	۷۷۷	۱
* **الحادره**	: (الحُوَیْدَره)، قطبه بن اوس، زمانۂ جاهلیت میں قبیلۂ ثعلبه (غطفان) کا ایک شاعر.	۷۷۸	۲
* **الحارِث بن جَبَله**	: (۵۲۹ تا ۵۶۹ء)، چھٹی صدی عیسوی میں بوزنطیه اور عقیدۂ فطرتِ واحدۂ مسیح کی تاریخ میں مشہور ترین غسانی بادشاه.	۷۷۹	۱
* **الحارِث بن حِلِّزَه الیَشْکُری**	: زمانۂ جاهلیت میں ساتویں معلقے کا مصنف عرب شاعر (حیات بعهد عمرو بن هند : ۵۵۴ تا ۵۷۰ء).	۷۸۰	۱
* **الحارِث بن سُرَیج**	: (شُرَیج) بن یزید بن سواد (یا سَوّار)، ابو حاتم ، خراسان میں اموی حکومت کے خلاف بغاوت کا قائد (م ۱۲۸ھ/۷۴۶ء).	۷۸۱	۱
* **الحارث بن کعب (بنو)**	: (بلحارث)، یمن کا مشہور عرب قبیله.	۷۸۳	۲
* **حارِثه**	: بن بدر بن تمیم، زیاد بن ابیه کا سپه سالار اور دوست (حیات ۶۶ھ/۶۸۵ء).	۷۸۵	۲
* **حارِم**	: شمالی شام میں ایک قصبه.	۷۸۶	۱
* **حازِم**	: بن محمد بن حسن بن خلف بن حازِم الانصاری القرطاجنی (۶۰۸ھ/۱۲۱۱ء تا ۶۸۴ھ/ ۱۲۸۵ء) ، اندلس کا ایک عرب شاعر ، نحوی ، ماهر بلاغت اور مصنف المقصورة وغیره.	۷۸۷	۱
* **حاسِک**	: (هاسِک)، مرباط کے مشرق میں علاقۂ مهره کے اندر کوه نُوس (لُوس) کے دامن میں ایک قصبه.	۷۸۹	۱
* **حاشِد و بَکِیل**	: جنوبی عرب کے قبائل کا ایک وفاق.	۷۹۰	۱
* **حاشِیه**	: صفحے کا حاشیه اور اس پر لکھی هوئی تعلیق، یا متن کی شرح کے لیے اصطلاح .	۷۹۴	۱
* **الحاضنة**	: الواحدی (جنوبی عرب) کے شمال میں ایک چھوٹا سا آزاد علاقه.	۷۹۴	۲
* **حافظ**	: رک به (۱) قاری ؛ (۲) قرآن.	۷۹۴	۲
* **حافظ**	: شمس الدین محمد (نواح ۷۲۰ھ/۱۳۲۰ء تا ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء)، ممتاز ترین فارسی		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
	غزل گو اور صاحب دیوان شاعر.	۷۹۴	۲
*	**الحافظ** : نگران، نگہبان، یکی از اسماے حسنیٰ.	۷۹۹	۲
*	**الحافظ** : ابو المیمون عبدالمجید (نواح ۴۶۷ھ/۱۰۷۴ء تا ۵۴۴ھ/۱۱۴۹ء)، گیارھواں فاطمی خلیفہ (از ۵۲۴ھ/۱۱۳۰ء).	۸۰۰	۱
*	**حافظ آباد** : پنجاب (پاکستان) کے ضلع گوجرانوالہ کی ایک تحصیل اور اس کا صدر مقام.	۸۰۱	۱
*	**حافظ ابراھیم** : محمد حافظ بن ابراھیم، ایک نامور مصری صاحب دیوان شاعر اور مصنف، عربی شاعری کے جدید مصری مکتب فکر کا نمائندہ (م ۱۳۵۱ھ/ ۱۹۳۲ء).	۸۰۱	۱
*	**حافظ ابرو** : شہاب الدین عبداللہ بن عبدالرشید الخوافی، ایک ایرانی جغرافیہ نویس، مؤرخ اور مصنف (م ۸۳۳ھ/۱۴۳۰ء).	۸۰۳	۱
*	**حافظ احمد پاشا** : سلطنت عثمانیہ کا صدر اعظم، نیز ترکی کا شاعر (م ۱۰۴۱ھ/۱۶۳۲ء).	۸۰۵	۱
⊗	**حافظ برخوردار** : گیارھویں/بارھویں صدی ھجری میں پنجابی زبان کے ممتاز شاعر اور متعدد منظوم لوک داستانوں اور مذھبی رسائل کے مصنف.	۸۰۷	۲
*	**حافظ الدین** : متعدد علماء، مثلاً النسفی، کا ایک اعزازی لقب.	۸۰۹	۱
⊗*	**حافظ رحمت خان** : بن شاہ عالم خان بن محمود زئی (۱۱۲۰ھ/۱۷۰۸ء تا ۱۱۸۸ھ/ ۱۷۷۴ء)، سلطنت مغلیہ کے دور زوال میں ایک اھم سیاسی شخصیت اور روھیلکھنڈ کا حکمران (م ۱۱۸۸ھ/۱۷۷۴ء).	۸۰۹	۱
⊗	**الحاقّة** : قرآن مجید کی انہترویں سورت.	۸۱۶	۱
*	**حاکِم** : رک بہ حکم.	۸۱۷	۱
*⊗	**الحاکم بامر اللہ** : ابو علی منصور بن عبدالعزیز باللہ نزار، مصر کے خلفاے بنی عبید میں سے تیسرا اور فاطمی خلفا میں سے چھٹا خلیفہ (از ۳۸۳ھ/ ۹۹۳ء تا ۴۱۱ھ/ ۱۰۲۱ء).	۸۱۷	۱
⊗*	**الحاکم النیسابوری** : (نیشا پوری)، ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن محمد المعروف بہ ابن البَیِّع (۳۲۱ھ/۹۳۳ء تا ۴۰۵ھ/۱۰۱۴ء)، ممتاز محدث اور مصنف المستدرک علی الصحیحین.	۸۲۷	۱
*⊗	**حال** : علم کلام و تصوف کی ایک اصطلاح.	۸۲۸	۱
⊗*	**حالت افندی** : محمد سعید (۱۱۷۵ھ/ ۱۷۶۱ء تا ۱۲۳۸ھ/ ۱۸۲۲ء)، عثمانی سلطان محمود ثانی کے عہد کا ایک ترک مدبر.	۸۳۱	۲
⊗*	**حالتی** : عزمی زادہ مصطفیٰ افندی (۹۷۷ھ/۱۵۷۰ء تا ۱۰۴۰ھ/۱۶۳۱ء)، دولت عثمانیہ کا مشہور عالم اور شاعر.	۸۳۳	۲
*	**حالدہ ادیب** : رک بہ خالدہ ادیب.	۸۳۵	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗	**حالی** : خواجہ الطاف حسین، پانی پتی، انصاری (۱۱۳۵ھ/۱۸۳۷ء تا ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۴ء)، ہندوستان کے ایک مشہور مصلح شاعر، عالم، سوانح نگار، ادیب اور مصنف.	۸۳۵	۲
*⊗	**حام** : (Cham)، حضرت نوح ؑ کا بیٹا اور حامی نسل کا جد امجد.	۸۴۰	۱
*	**حامد بن العباس** : ابو محمد (۲۲۳ھ/۸۳۷ء تا ۳۱۱ھ/۹۲۳ء)، خلیفہ الموفق سے خلیفہ المقتدر کے ادوار تک کا قابل ترین ماہر مالیات.	۸۴۱	۲
*	**حامد بن محمد المُرجبی** : رک بہ المُرجبی، در تکملہ.	۸۴۲	۱
*	**حامدی** : (نواح ۸۳۰ھ/۱۴۲۷ء تا ۸۹۰ھ/۱۴۸۵ء)، سلطان محمد فاتح کا ایک درباری شاعر اور مصنف و مترجم.	۸۴۲	۱
*	**الحامدی** : چند اہم علما : (۱) ابراہیم بن الحسین بن ابی السُّعود الہمدانی، یمن میں طیّبی اسماعیلیوں کا دوسرا داعی مطلق (م ۵۵۷ھ/۱۱۶۲ء)؛ (۲) حاتم بن ابراہیم، سابق الذکر کا بیٹا، تیسرا داعی مطلق اور مصنف الشموس الزاہرہ (م ۵۹۶ھ/ ۱۱۹۹ء)؛ (۳) علی بن حاتم الثانی، چوتھا داعی مطلق (م ۶۰۵ھ/۱۲۰۹ء).	۸۴۲	۱
*	**حامی** : حضرت موت کا ایک ساحلی شہر.	۸۴۴	۱
*	**حامی آمدی** : احمد حامی (نواح ۱۰۹۰ھ/۱۶۷۹ء تا ۱۱۶۰ھ/۱۷۴۷ء)، عہد عثمانیہ میں آناطولی کا ایک صاحبِ دیوان شاعر.	۸۴۴	۲
*	**حامی الحَرَمَین** : رک بہ خادم الحرمین، در تکملہ.	۸۴۵	۱
⊗	**حٰم** : (حامیم)، قرآن مجید کی سات سورتوں کے شروع میں آنے والے حروف مقطعات.	۸۴۵	۱
*	**حامیم** : بن مَن اللہ بن حریز (یا حافظ) بن عمرو المعروف بہ المُفتری، چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی کا ایک جھوٹا مدعی نبوت (م ۳۱۵ھ/۹۲۷ء یا ۳۲۹ھ/۹۴۰ء).	۸۴۶	۲
⊗	**حٰم السَّجدۃ** : قرآن مجید کی اکتالیسویں سورت.	۸۴۷	۲
*	**حاوی** : (سپیرا)، مصر کے خانہ بدوش نیم حکیم، پیشہ ور سنیاسی، جوگی یا مداری.	۸۴۸	۲
*⊗	**حائِر** : (حایر)، قدیم بادشاہوں کی تفریح گاہوں کے لیے ایک اصطلاح.	۸۴۹	۱
*	**حائط العجوز** : مصر کی اساطیری ملکہ دلوکہ (= العجوز) کی بنا کردہ دیوار.	۸۵۱	۱
*	**حائِک** : مشرقی افریقہ میں بطور لباس استعمال ہونے والا کپڑے کا ایک دس گز لمبا تین گز چوڑا ٹکڑا.	۸۵۱	۲
*	**الحائک** : محمد الاندلسی التِّطوانی، بارہویں صدی ہجری / اٹھارہویں صدی عیسوی تک مراکش میں محفوظ عرب موسیقی سے ماخوذ اندلسی نغمات کناش الحائک (غیر مطبوعہ) کا مؤلف.	۸۵۲	۲
*	**حایل** : (حائل)، مغربی نجد میں جبل شَمَّر کے علاقے کا دارالحکومت.	۸۵۴	۱
*⊗	**حِبّان** : (اَبّان)، جنوبی عرب کا ایک شہر، بالائی سلطنت واحدی [رک باں] کا صدر مقام.	۸۵۶	۱
*	**حبّۃ** : (دانہ یا بیج)، سونے چاندی کے عربی نظام اوزان میں ایک چھوٹا سا غیرمعین وزن.	۸۵۷	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **حبرون** : (Hebron)، رک بہ الخلیل.		۸۵۷	۲
* **حِبری** : عبدالرحمٰن بن حسن (۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳-۱۶۰۴ء تا ۱۰۸۷ھ/۱۶۷۶ء)، ادرنہ کی تاریخ کا مصنف.		۸۵۷	۲
* **حَبُس** : (حُبس)، وقف کے مترادف عربی اصطلاح؛ رک بہ وقف.		۸۵۹	۱
* **حَبِش** : مصر کے جنوب میں خلیج عدن تک بحر احمر کے افریقی ساحلوں پر مشتمل ایک صوبے کا عثمانی (ترکی) نام.		۸۵۹	۱
* **حَبَش الحاسِب المروزی** : احمد بن عبداللہ، ابتدائی اسلامی فلکیات میں ایک اہم شخصیت، مصنف کتاب الزیج الدمشقی وغیرہ (م حدود ۲۵۰ھ/۸۶۴ء تا ۲۶۰ھ/۸۷۴ء).		۸۶۰	۲
* **حَبشَت** : اکسومی حبشہ کے لیے سبائی مخطوطات میں مستعمل ایک جغرافیائی اصطلاح.		۸۶۲	۲
* **حَبَشہ** : براعظم افریقہ کی مشرقی خاکنائے پر واقع ایک معروف ملک اور اس کے باشندے.		۸۶۶	۲
* **حَبَشی** : برعظیم پاک و ہند میں افریقی قوموں سے بطور غلام آنے والوں کی اولاد کے لیے مستعمل اصطلاح.		۸۷۸	۲
* **الحبط** : جنوبی عرب میں کسی بزرگ یا ولی کے زیر حفاظت و حمایت مقدس علاقے کے لیے ایک اصطلاح.		۸۸۴	۲
* **حَبیب بن اَوس** : رک بہ ابو تمّام.		۸۸۴	۲
* **حبیب بن عبدالملک** : القَرشی المروانی، دمشق کے اموی خلیفہ الولید الاول کا پرپوتا، عبدالرحمٰن الداخل کا سپہ سالار اور علما کے خاندان بنو حبیب کا بانی (حیات ۱۶۲ھ/۷۷۸ء).		۸۸۴	۲
* **حبیب بن مَسلمہ**ؓ: بن مالک القرشی الفہری، صحابی اور سالار عسکر (م ۴۲ھ/۶۶۲ء).		۸۸۶	۱
* **حبیب اللہ خان** : (۱۸۷۲ تا ۱۹۱۹ء)، افغانستان کے مشہور حکمران امیر عبدالرحمن [رک باں] کا بیٹا اور جانشین (از ۱۹۰۱ء).		۸۸۶	۲
⊗ **حبیب اللہ قندھاری** : المعروف بہ حبو اخوند زادہ، افغانستان کے ایک جید عالم، پیشوائے طریقت اور چند کتب کے مصنف (م ۱۲۶۵ھ/۱۸۴۹ء).		۸۸۸	۲
* **حبیب النَجّار** : انطاکیہ کا ایک قدیم ولی اللہ.		۸۹۱	۱
* **حِجاب** : (پردہ)، ایک معروف قرآنی، فقہی اور متصوفانہ اصطلاح.		۸۹۱	۲
* **الحجاز** : جزیرۃ العرب کا شمال مغربی حصہ اور موجودہ سعودی عرب کا ایک بڑا اور اہم صوبہ (جس میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ شامل ہیں).		۹۰۰	۱
* **حجاز ریلوے** : عثمانی سلطان عبدالحمید ثانی کے عہد حکومت میں ریلوے کا ایک بڑا منصوبہ.		۹۰۵	۲
* **حَجّ** : (حج)، اسلام کے ارکان خمسہ کا پانچواں بنیادی رکن.		۹۰۸	۲
* **الحَجّ** : قرآن مجید کی بائیسویں سورت.		۹۲۵	۲

FINAL
شکریہ ویبسائٹ
کردہ نکتہ امیع
www.bhatkallys.com
marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* حجّاج	: فرمانروائے کرمان؛ رک به قتلغ خان.	۹۲۶	۲
* الحَجّاج بن یُوسُف	: ابن الحکم بن ابی عقیل الثقفی، ابو محمد (۴۱ھ / ۶۶۱ء تا ۹۵ھ / ۷۱۴ء)، بنو امیه کا سب سے مشہور اور لائق گورنر.	۹۲۶	۲
* الحَجّاج بن یوسف	: بن مَطَر الحاسب، دوسری - تیسری صدی هجری/آٹھویں - نویں صدی عیسوی میں متعدد یونانی کتابوں، مثلاً مبادیات اقلیدس، کتاب المجسطی وغیره کا عربی مترجم.	۹۳۵	۱
⊗ * حُجّة	: (ثبوت و برهان)، ایک معروف قرآنی، فلسفیانه اور متکلمانه اصطلاح.	۹۳۵	۲
* حَجْر	: مزاحمت کے معنوں میں ایک اهم فقهی اصطلاح.	۹۳۹	۲
* حَجَر	: (پتھر، چٹان وغیره)، ایک ارضیاتی اصطلاح.	۹۴۱	۱
* الحجرالاسود	: رک به الکعبه.	۹۴۳	۲
* حجرالنسر	: (عقاب کی چٹان)، قبیله غماره کے علاقے میں ریف کا ایک قلعه.	۹۴۳	۲
⊗ الحِجْر	: قرآن مجید کی پندرهویں سورت.	۹۴۴	۱
* الحِجر	: عرب میں بیشه اور بنو خثعم کے علاقے کے قریب واقع ایک ضلع.	۹۴۵	۲
* الحِجر	: جنوبی عرب کا ایک شهر.	۹۴۵	۲
* حُجر بن عَدی	: الکندی، حضرت علی ؓ کے حامی جن کی روایات کی رو سے صحابی رسول ﷺ.	۹۴۷	۱
⊗ الحُجرات	: قرآن مجید کی ایک سو انچاسویں سورت.	۹۴۸	۱
* حُجرة	: کمره، دالان، فن تعمیر کی ایک اصطلاح.	۹۴۸	۱
* حُجَرِیّة	: رک به حجرة.	۹۴۹	۲
* الحُجْرِیّة	: جنوبی عرب میں یمن کا ایک مجموعۂ قبائل، نیز ایک انتظامی قضا کا نام.	۹۴۹	۲
* حُجیلة	: جنوبی عرب میں تهامه کا ایک سرحدی گاؤں.	۹۵۰	۲
* حُداء	: (حداء)، رک به غنا.	۹۵۰	۲
* حِداد	: رک به (۱) عِدّت؛ (۲) لباس.	۹۵۰	۲
* حَدَث	: از روئے شرع ناپاکی کے لیے ایک فقهی اصطلاح.	۹۵۰	۲
* الحَدَث	: (الحدث الحمراء)، دریائے آق صُو پر ایک سرحدی قلعه.	۹۵۱	۱
⊗ * حَدّ	: قانون اسلامی کی ایک تعزیراتی اصطلاح.	۹۵۲	۱
* حدوث العالم	: آغاز عالم، ایک فلسفیانه اصطلاح.	۹۵۷	۲
* حُدی	: (حُداء)، رک به غنا.	۹۵۸	۲
⊗ حُدَیبِیه	: (حُدَیبِیَه)، حرم مکه کی مغربی حد پر واقع ایک بستی اور عهد نبوی ﷺ کی ایک اهم صلح اور اس کا مقام.	۹۵۸	۱
⊗ * حَدیث	: (۱) اقوال و افعال نبوی ﷺ کے لیے مشهور اصطلاح؛ (۲) اصول حدیث.	۹۶۲	۲
* حدیثِ قُدسی	: حدیث الٰہی یا حدیث ربانی، جو آنحضرت صلی الله علیه وسلم بیان فرمائیں؛		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	صفحہ	عمود
اشارات	۹۸۰	۱
ایک مخصوص محدثانہ اصطلاح.		
* **حَدیثَہ** : (نیا شہر)، متعدد شہروں کا نام : (۱) حدیثۃُ المَوصِل ؛ دریاے دجلہ کے مشرقی کنارے پر بالائی زاب کے دہانے کے قریب ایک شہر؛ (۲) حدیثۃ الفُرات : فرات کے کنارے عانہ کے جنوب میں ایک شہر؛ (۳) حِرش یا حِرس، غُوطۂ دمشق کا ایک گاؤں.	۹۸۱	۲
⊗ **الحَدید** : قرآن مجید کی ستاونویں سورت.	۹۸۳	۱
* **الحَدید** : (لوھا)، ایک قرآنی و معدنیاتی اصطلاح.	۹۸۴	۲
* **الحُدَیدَۃ** : عرب کی ایک بندرگاہ اور اسی نام کے صوبہ (لواء) کا صدر مقام.	۹۸۵	۱
* **حَدیدی** : دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں ایک عثمانی شاعر.	۹۸۶	۱
* **حَذْف** : قطع و برید کا عمل، ایک مخصوص نحوی اور عروضی اصطلاح.	۹۸۷	۱
⊗ **حِراء** : (حَرا)، مکہ معظمہ کے شمال مشرق میں ایک پہاڑ اور اس میں قیام و عبادت نبوی[۵] سے مشرف ایک غار.	۹۸۷	۲
* **حَراز** : (حَراس)، جنوبی عرب میں صنعاء کے مغرب میں وادی سِہام اور وادی سُرُدُد کے مابین واقع ایک سلسلۂ کوہ.	۹۸۸	۱
* **حَرازِم** : (ابن حِرزِھِم)، ابوالحسن علی بن اسمٰعیل بن محمد، امام غزالی[۶] کے مکتب فکر کا ایک فقیہ (م ۵۵۹ھ/۱۰۶۳ء).	۹۹۰	۱
* **الحَراسِیس** : (حَرسُوسی)، ایک خانہ بدوش عربی قبیلہ.	۹۹۱	۱
* **حَرام** : حلال کی ضد ؛ رک بہ حلال و حرام.	۹۹۳	۱
* **حَرْب** : قتال، دو یا دو سے زیادہ فریقوں میں حالتِ جنگ.	۹۹۳	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

جلد ۸

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* حَرب : عالم اسلام میں فن حرب کے مختلف اطوار.	۱	۱	۱
* حَرب (بنو) : حجاز کا ایک طاقتور یمنی الاصل عربی قبیلہ .	۱	۵۵	۱
* حَرب بن اُمیّہ بن عَبدِ شمس : ابو سفیان کا باپ اور ابو لہب کا خسر ، مکے کی ایک اہم شخصیت .	۲	۵۵	۲
* حَرباء : (حربی ، جِسرحریا) ، ضلع دُجَیل (عراق) کا ایک اجڑا ہوا شہر .	۱	۵۶	۱
* حَربَة : نیزہ.	۱	۵۷	۱
* حربی : رک بہ (۱) امان ؛ (۲) دارالحرب ؛ (۳) مستأمن .	۲	۵۷	۲
* حَربیہ : عسکری تربیت کے لئے ترکوں کا تعلیمی ادارہ .	۲	۵۷	۲
* الحُرّ بن عبدالرحمن الثقفی : اندلس کا ایک والی (از ۹۸ھ/۷۱۷ء تا ۱۰۰ھ/۷۱۹ء) .	۲	۵۹	۲
* الحُرّ بن یزید : بن ناجیہ الرِیاحی ، عبیداللہ بن زیاد کا ایک سالارِ لشکر اور بعد ازاں حضرت امام حسین رض کا بہادر رفیق اور کربلا کا شہید (م ۶۱ھ/ ۶۸۰ء).	۱	۶۰	۱
* الحُرّ العاملی : محمد بن الحسن العاملی المَشْغَری ایک اثنا عشری شیخ و مصنف (م ۱۱۰۴ھ/ ۱۶۹۲ء) .	۱	۶۱	۱
* حَرّان : دریاے جُلّاب کے کنارے شام و عراق کو جانے والے اہم کاروانی راستے پر واقع ایک عراقی شہر .	۲	۶۲	۲
* حَرّانی : رک بہ صابئۃ .	۱	۷۰	۱
* حَرہ : پتھریلا بنجر علاقہ ؛ ایک مخصوص ارضیاتی اصطلاح .	۱	۷۰	۱
* الحرۃ : (حرۃ واقم) ، مدینۂ منورہ کے شمال مشرق جانب پھیلا ہوا علاقہ اور ۶۳ھ/ ۶۸۳ء میں اہل شام کے ساتھ مشہور لڑائی کا مقام	۲	۷۰	۲
* حُرّیۃ : آزادی ، شرافت ، حاکمیت میں آزادی ؛ ایک معروف اصطلاح .	۲	۷۴	۲
* حُرّیت و اِئتلاف فِرقسی : انجمن آزادی و اتحاد ، ایک عثمانی سیاسی جماعت (تشکیل : ۲۱ نومبر ۱۹۰۰ء) .	۱	۹۰	۱
* حِرز یا حُرز : رک بہ حمائل .	۱	۹۲	۱
* الحَرسوسی : رک بہ الحراسیس .	۱	۹۲	۱
* حَرطانی : شمال مغربی افریقہ کے صحرائی نخلستانوں میں آباد بعض عناصر .	۱	۹۲	۱
* حَرف : ایک لسانی ، نحوی و صرفی اصطلاح .	۱	۹۳	۱
* حَرفُوش : بعلبک کے امرا کا ایک خاندان .	۱	۹۹	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* **حَرفوش** :	(نیز خرفوش) ، بعض آوارہ ، بد معاش ، خصوصاً مملوک عہد میں ادنٰی طبقے کے افراد ؛ قدیم وقائع ناموں کی ایک اصطلاح .	۱ ۹۹	
* **حَرقُوص بن زُهَير السَّعدی** :	سوق الاهواز کا فاتح اور بعد ازاں ایک خارجی قائد (م ۳۸ھ/۶۵۷ھ) .	۱ ۱۰۱	
* **حَرَکت اُردوسی** :	۱۷ اپریل ۱۹۰۹ء کو محمد پاشا شوکت (رکّ باں) کی قیادت میں ایک بغاوت کو فرو کرنے والی فوج .	۲ ۱۰۲	
* **حَرَکة و سکون** :	فلسفہ اور الٰہیات ، نیز علم النحو وغیرہ میں مستعمل اصطلاح .	۱ ۱۰۳	
* **حَرَم** :	ذاتُ حرمة (قابل عزت) ، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے ارد گرد چند میل تک کا علاقہ .	۱ ۱۱۱	
* **الحرمین** :	دو مقامات مقدسہ ، یعنی مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ .	۲ ۱۱۱	
* **حُرُوب صَلیبیه** :	رکّ بہ صلیبی جنگیں .	۲ ۱۱۳	
* **حَروراء** :	کوفے کے قریب ایک گاؤں یا ضلع .	۲ ۱۱۳	
* **حُرُوف** (علم) :	رکّ بہ علم الحروف .	۱ ۱۱۸	
* **حُرُوف الهِجاء** :	(حروف الفباء) ، حروف تہجی کے لیے ایک لسانی اصطلاح .	۱ ۱۱۸	
* **الحُرُوف المُقَطَّعات** :	قرآنی سورتوں کے آغاز میں علٰحدہ علٰحدہ واقع حروف .	۲ ۱۲۴	
* **حُرُوفیه** :	فضل اللہ استراباذی (۷۴۰ھ/۱۳۴۰ء تا ۷۹۶ھ/۱۳۹۴ء) کا بنا کردہ باطنی اور قبائلی رجحانات کا حامل ایک بدعتی فرقہ .	۱ ۱۲۷	
* **حَرِیب** :	جنوبی عرب کا ایک ضلع .	۲ ۱۳۱	
⊗ * **حَرِیر** :	ریشم ، ایک مخصوص پارچہ ، اس کے استعمال کے بارے میں احکام اور اسلامی ممالک میں اس کی صنعت .	۱ ۱۳۳	
* **الحَرِیری** :	(ابن الحریری) ، ابو محمد القاسم بن علی البصری (۴۴۶ھ/۱۰۵۴ء تا ۵۱۶ھ/ ۱۱۲۲ء)، عربی کا مشہور شاعر، ماہر لسانیات اور مقامات الحریری کا مصنف.	۲ ۱۶۲	
* **حَریریه** :	دمشق میں رفاعیہ درویشوں کا ایک فرقہ؛ بانی : علی بن الحسن الحریری المروزی (م ۶۴۵ھ/۱۲۴۷ء) .	۲ ۱۶۵	
* **الحَرِیق** :	یمامہ کے جنوب میں نجد کا ایک صوبہ .	۱ ۱۶۶	
⊗ * **حَرِیم** :	ایک مختلف المعانی لفظ ، خصوصاً خانۂ کعبہ کے گرد ایک خصوصی قطعہ .	۲ ۱۶۶	
⊗ **حُرَیملا** :	رکّ بہ حُرَیمِلَه .	۲ ۱۶۷	
* **حُرَیمِله** :	(حریملا) ، نجد کے ضلع محمل کا ایک قصبہ .	۲ ۱۶۷	
* **حِزب** :	ایک مختلف المعانی اصطلاح : (۱) جماعت ؛ (۲) نصیب و حَظ ؛ (۳) فوجی دستہ ؛ (۴) ہم خیال و ہم رائے لوگ ؛ (۵) ورد .	۱ ۱۶۸	
⊗ * **حِزقِیل** :	بن بوری ، قرآن مجید میں بغیر نام کے مذکور ، عہد سابق کے ایک نبی .	۱ ۱۷۰	

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊗* حزیران	شامی سال کا نواں مہینا .	۱۷۰	۲
⊗ حزین	: شیخ محمد علی بن ابی طالب الاصفہانی (۱۱۰۳ھ/۱۶۹۲ء تا ۱۱۸۰ھ/ ۱۷۶۶ء) ، ایک فارسی گو شاعر ، سیاح اور مصنف .	۱۷۰	۲
* الحَسَا	: (الاحسا) ، مشرقی سعودی عرب میں ایک نخلستان یا نخلستانوں کا ایک مجموعہ .	۱۷۱	۲
⊗* حِساب	: گنتی ، شمار ، حساب کتاب ؛ نیز ایک قرآنی اصطلاح .	۱۷۴	۲
⊗ حِساب	: رک بہ (۱) علم الحساب ، (۲) محاسبہ .	۱۷۵	۱
⊗* حِساب الجُمل	: الفاظ کی عددی قیمتوں کے ذریعے تاریخ محفوظ کرنے کا طریقہ .	۱۷۵	۱
* حِساب العَقد	: انگلیوں پر شمار کرنے کا فن .	۱۷۷	۲
* حِساب الغُبار	: گرد و غبار کا حساب کرنا ، ایران سے مستعار گنتی کا ایک طریقہ .	۱۸۱	۲
* حُسام بن ضِرار الکلبی ، ابو الخَطّار	: رک بہ ابو الخطار .	۱۸۳	۱
* حُسام الدّولۃ	: رک بہ فارس بن محمد .	۱۸۳	۱
* حُسام الدین	: رک بہ تیمور تاش	۱۸۳	۱
* حُسام الدین (ابو الشوک	: رک بہ عَنّاز (بنو) .	۱۸۳	۱
* حُسام الدّین چلبی	: حسن بن محمد بن الحسن بن اخی ترک ، مولانا جلال الدین رومی کے منظور نظر شاگرد اور خلیفہ ثانی (م ۶۸۳ھ/۱۲۸۴ء) .	۱۸۳	۱
⊗* حسب و نسب	: (مزاوجہ) ، قرابت داری کی بنا پر کسی فرد یا قبیلے کا مقامِ اعزاز و اکرام متعین کرنے کے لئے ایک اصطلاح .	۱۸۵	۱
* حِسبہ	: امر بالمعروف و نہی عن المنکر ، نیز عوام کے اخلاق کی نگرانی کرنے کے لیے اسلامی حکومتوں کا ایک اہم ادارہ .	۱۸۷	۱
* حِسدای بن شپروط	: (نواح ۲۹۴ھ/۹۰۵ء تا ۳۶۵ھ/۹۷۵ء) ، دربار قرطبہ میں عربی ، عبرانی اور لاطینی زبانوں اور ملکی عشقیہ کہانیوں پر عبور رکھنے والا ایک معزز یہودی عہدیدار .	۲۰۳	۱
⊗ حَسرت موہانی	: مولانا فضل الحسن (۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء تا ۱۳۷۱ھ/۱۹۵۱ء) ، بر عظیم پاک و ہند کے مشہور سیاسی رہنما اور اردو زبان کے نامور شاعر ، محقق اور نقاد .	۲۰۳	۲
* حِسّ	: ادراک حسی ، ایک طبیعیاتی اور الٰہیاتی اصطلاح .	۲۰۵	۱
⊗* حسّان بن ثابت	: النجاری ، نامور صحابی ، مداح رسول ، صاحب دیوان مخضرمی شاعر اور اسلامی مذہبی شاعری کے بانی (م نواح ۶۰ھ) .	۲۰۷	۱
* حَسّان بن مالکِ	: الکلبی ، یزید اول کا ماموں زاد بھائی اور امیر معاویہ و یزید کے عہد میں فلسطین اور اُردن کا والی (م ۶۵ھ/۶۸۵ء)	۲۰۸	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
⊛ *	**حَسّان بن النُعمان الغَسّانی** : شاهان غسان کی اولاد میں سے ایک نامور مسلمان مدبر اور سپہ سالار ، فاتحِ قرطاجنہ ، بعہدِ امیر معاویہ والی افریقیہ اور بعہد عبدالملک عامل مصر (م ۸۶ھ/۷۰۵ء یا ۸۰ھ/ ۶۹۹ء).	۱	۲۱۰
*	**حَسّان ، بنو** : کندہ کے جنوب میں عربی قبیلے کی ایک شاخ (بطن).	۱	۲۱۱
*	**حَسَن** : خوب صورت ، اچھا ، ایک کثیر الاستعمال لفظ ، نیز علم حدیث کی اصطلاح .	۱	۲۱۲
*	**حَسَن** : الملک الناصر ، ناصر الدین ابوالمعالی بن محمد بن قلاوون ، مصری دولة الترک خاندان کا انیسواں مملوک سلطان (از ۷۵۵ھ/۱۳۵۴ء تا ۷۶۳ھ/ ۱۳۶۲ء).	۲	۲۱۳
*	**الحَسَن بن اُستاذ هُرمُز** : ابو علی ، المخا طب عمید الجیوش ، والی خوزستان (م ۴۰۱ھ/ ۱۰۱۰-۱۰۱۱ء).	۲	۲۱۳
*	**حَسَن بن محمد العَطّار** : رک بہ العطار.	۱	۲۱۴
*	**حَسَن آغا** : الجزائر میں امیر البحر خیر الدین کا نامور نائب اور بعد ازاں وہاں کا والی (م ۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء).	۱	۲۱۴
⊛ *	**حَسَن اَبدال** : ضلع اٹک (پاکستان) میں ایک تاریخی قصبہ.	۱	۲۱۵
*	**حَسَن الاُطْرُوش** : رک بہ الاطروش.	۲	۲۱۷
*	**حَسَن باہا** : (بابا حسن) ، الجزائر کا حکمران اور والی (از ۱۶۸۲ تا ۱۶۸۳ء).	۲	۲۱۷
*	**حسن بزرگ** : تاج الدنیا والدین بن حسین گورگان ، المعروف بہ شیخ حسن ، ابو سعید ایلخانی کی وفات کے بعد بغداد میں جلائری خاندان کا بانی (از ۷۳۶ھ/ ۱۳۳۶ء تا ۷۵۷ھ/۱۳۵۶ء).	۱	۲۱۸
*	**حسن بے زادہ** : بن حسن بے کوچک ، ایک ترک مؤرخ اور سلیمان پاشا کے عہد وزارت میں رئیس الکُتّاب ، مصنف تاریخ آل عثمان (م ۱۰۴۶ھ/۱۶۳۶-۱۶۳۷ء).	۱	۲۱۹
*	**حسن پاشا** : عثمانی دور میں ولایت بغداد کا گورنر (از ۱۱۱۶ھ/۱۷۰۴ء تا ۱۱۳۶ھ/ ۱۷۲۳ء) اور عراق کے مملوک حکمرانوں کے سلسلے کا بانی.	۲	۲۲۰
*	**حسن پاشا** : رک بہ (۱) صوقوللی ؛ (۲) جزائرلی حسن پاشا.	۲	۲۲۰
*	**حسن پاشا** : الجزائر کا بیگلر بیگ ، خیرالدین کا بیٹا اور الجزائر کا پاشا (م ۹۷۸ھ/ ۱۵۷۰ء).	۲	۲۲۰
*	**حسن پاشا** : چَتَلْجَلی ، عثمانی قپودان پاشا (امیر البحر) اور بودن کا بیلر بے (حیات ۱۰۴۱ھ/ ۱۶۳۱ء).	۲	۲۲۲
*	**حسن پاشا داماد** : ایک عثمانی وزیر اعظم ، (۱۱۱۵ھ/ ۱۷۰۳ تا ۱۱۱۶ھ/۱۷۰۴ء) ،		

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	صفحہ	عمود
اشارات		
بعد ازاں گورنر مصر ، گورنر طرابلس اور بیگلر بیگی آناطولی (م ۱۱۲۵ھ/۱۷۱۳ء) .	۲۲۳	۱
* حسن پاشا (السّید) : عثمانی وزیر اعظم (از ۱۱۵۶ھ/۱۷۴۳ء تا ۱۱۵۹ھ تا ۱۷۴۶) ، بعد ازاں ایچ ایل اور دیار بکر کا والی (م ۱۱۶۱ھ/۱۷۴۸ء) .	۲۲۴	۲
* حسن پاشا شریف : عثمانی قبوچی پاشا اور بعد ازاں صدر اعظم و سپہ سالار اعلیٰ (م ۱۲۰۵ھ/۱۷۹۱ء) .	۲۲۵	۱
* حسن پاشا : معروف بہ یمِشجی ، ایک عثمانی صدر اعظم (از ۱۰۱۰ھ/۱۶۰۱ء تا ۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء) .	۲۲۶	۱
* حسَن پاشا بن حسین : المعروف بہ یمَنلی ، البانیا کا باشندہ، اور تقریباً چوتھائی صدی تک (۹۸۸ھ/۱۵۸۰ء تا ۱۰۱۲ھ/۱۶۰۴ء) یمن کا والی (م ۱۰۱۶ھ/ ۱۶۰۷ء) .	۲۲۶	۲
* حسَن چلبی قِنالی زادہ : (۹۵۲ھ/۱۵۴۶-۱۵۴۷ء تا ۱۰۱۲ھ/۱۶۰۴ء) ، ایک مشہور ترکی عالم اور مصنف تذکرۃ الشعراء .	۲۲۷	۲
* حسَن چوہالی : رک بہ چوہان (خانوادہ) .	۲۲۸	۱
⊗* حسَن دہلوی : امیر نجم الدین حسن دہلوی (؟) الملقب بہ سعدیِ ہندوستان ، ۶۵۵ھ/۱۲۵۷ء تا ۷۲۷ھ/۱۳۲۷ء یا ۷۳۸ھ/۱۳۳۷ء) ، خواجہ نظام الدین اولیا کے مرید مشہور عالم اور شاعِر ، مصنف فوائد الفؤاد وغیرہ .	۲۲۸	۱
* حسَنِ دہلوی میر : رک بہ میر حسن دہلوی .	۲۲۹	۱
* حسن رومِلو : قزلباش امیر اعلی سلطان رومِلو کا پوتا ، قزوین اور ساؤج بلاغ کا گورنر اور مصنف احسن التواریخ وغیرہ (حیات ۹۸۵ھ/۱۵۷۷ء) .	۲۲۹	۱
* حسَن صَبّاح : رک بہ الحسن بن الصباح .	۲۳۰	۱
* حسن الصغانی : (الصاغانی) ، ابو الفضائل رضی الدین حسن (۵۷۷ھ/۱۱۸۱ء تا ۶۵۰ھ/ ۱۲۵۲ء) ، مشہور عالم اور مصنف مشارق الانوار .	۲۳۰	۱
⊗* حَسن العسکَری[۷] (امام) : اثنا عشری شیعہ کے گیارھویں امام (م ۲۶۰ھ/۸۷۳ء) .	۲۳۴	۱
* حِسن فہمی : ترک صحافی ، مدیر اخبار سر بستی (م ۱۳۲۷ھ/۱۹۰۹ء) .	۲۳۶	۱
* حسن فہمی : عربی ، فارسی اور فرانسیسی زبانیں جاننے والا ایک عثمانی سیاستدان ، مدبر ، وزیر ، صدر مجلس ، ماہر قانون اور مختلف علاقوں کا والی (م ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء) .	۲۳۶	۲
* حسن فہمی افندی : المعروف بہ آقشہرلی (۱۲۱۰ھ/۱۷۹۵-۱۷۹۶ء تا ۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۱ء) ، عثمانی شیخ الاسلام .	۲۳۸	۱
* حسن کافی : رک بہ آق حصاری .	۲۴۰	۱

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* حسن کبیر الدّین	: ابو قلندر ، پاکستان کے صوبۂ سندھ کے ایک نیم افسانوی بزرگ (م ۸۵۳ھ/۱۹۴۹ء).	۲۴۰	۱
* حسن کوچک	: حسن بزرگ [رکَ باں] کا ہم عصر اور حریف (م ۷۴۴ھ/۱۳۴۳ء).	۲۴۰	۲
* الحسن (مولای)	: ابو علی ، سِجِلماسہ کے حسنی اشراف کا چودھواں فرمانروا اور مراکش کا سلطان (از ۱۲ ستمبر ۱۸۷۳ء تا ۹ جون ۱۸۹۴ء).	۲۴۱	۲
* الحسن بن الخَصِیب ابوبکر	: رکَ به الخصیبی.	۲۴۲	۲
* الحسن بن زید بن حسنؓ	: حضرت علیؓ کے نہایت متقی اور متدین پرپوتے اور مدینہ منورہ کے والی (از ۱۵۰ھ/۷۶۷ء تا ۱۵۵ھ/۷۷۲ء ؛ م ۱۶۷ھ/۷۸۳ء).	۲۴۲	۲
* الحسن بن زید بن محمد	: الحسن بن زید بن الحسن کے پر پوتے اور طبرستان میں ایک علوی حکمران خاندان کے بانی (از ۲۵۷ھ/۸۷۱ء تا ۲۷۰ھ/۸۸۳-۸۸۴ء).	۲۴۳	۱
* الحسن بن سَہل بن عبداللہ السَرَخسی	: خلیفہ المأمون کا خسر اور عرب و عراق کا والی (م ۲۳۵-۲۳۶ھ/۸۵۰ء).	۲۴۴	۱
* الحسن بن صالح بن حَیّ الکوفی	: ابو عبداللہ (۱۰۰ھ/۷۱۸-۷۱۹ء تا ۱۶۸ھ/۷۸۴-۷۸۵ء) ، محدث اور زیدی متکلم.	۲۴۵	۱
* الحسن بن الصَبّاح	: (حسن صَبّاح) ، فرقۂ حشیشیین کا بانی ، قلعۂ الموت کا حکمران اور نزاری اسماعیلیوں کا سب سے پہلا داعی (م ۵۱۸ھ/۱۱۲۴ء).	۲۴۶	۱
* الحسن بن عبداللہ	: رکَ به ناصر الدولہ.	۲۴۹	۱
* الحسن بن علی	: رکَ به (۱) ابن ماکولا ؛ (۲) الاطروش ؛ (۳) نظام الملک.	۲۴۹	۱
* الحسن بن علی	: المهدیه کے زیری خاندان کا آخری حکمران (از ۵۱۵ھ/۱۱۲۱-۱۱۲۲ء تا ۵۴۳ھ/۱۱۴۸-۱۱۴۹ء).	۲۴۹	۱
* الحسن بن علی	: بن ابی الحسین الکلبی ، فاطمی خلیفہ المنصور کی طرف سے صقلیہ میں ایک عرب سپہ سالار اور والی (م ۳۵۴ھ/۹۶۵ء).	۲۵۰	۱
* الحسنؓ بن علیؓ	: بن ابی طالب (۳ھ/۶۲۵ء تا ۵۰/۶۷۰ء)، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بڑے نواسے ، حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ کے پہلے صاحبزادے اور اثنا عشری شیعہ کے دوسرے امام.	۲۵۶	۱
* الحسن بن محمد	: رکَ به المُهَلّبی.	۲۵۹	۲
* الحسن بن محمد الوَزّان	: (Leo Africanus) ، المعروف به یوحنا الاسد الغرناطی (۹۰۱ھ/۱۴۹۵ء تا ۹۵۷ھ/۱۵۵۰ء) ، مشہور عالم اور مصنف.	۲۵۹	۲
* الحسن بن مَخلَد	: رکَ به ابن مخلد (۱).	۲۶۰	۲

marfat.com

www.bhatkallys.com

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
* الحسن بن هانی : رک بہ ابو نُواس .		۲۶۰	۲
* الحسن بن یوسف : رک بہ الحِلّی .		۲۶۰	۲
* الحسن الاَعْصم : بحرین کا مشہور قرمطی رہنما ، سپہ سالار اور جزوی حکمران	(م ۳۶۶ھ/۹۷۷ء) .	۲۶۰	۲
